(۱) [illegible] وفصل آخرون فقالوا لا خلاف فصل عند [illegible] الاجهار الفضل عند عدم خوفه والا فالجهر مندوب [illegible] وعلى الجهر فيندب [illegible] وان في الجهر تشويش على محترمين ونحوه أو فوات [illegible] ومنهم من يحمل ما في الحديث على الجهر قبل الانصراف وكان فيه قصد تعليم الحاضرين وهو الذي يرجح [illegible] الاعراف بحث قول [illegible] بحر رائق، ص ۲۰۸

تارک الامام اذا فرغ من الظهر والعصر والله شاء يشرع في السنة ولا يشتغل بأدعية طويلة (یعنی امام جب ظہر یا عصر کی نماز سے فارغ ہو تو سنت شروع کردے اور طویل دعاؤں میں مشغول نہ ہو) اس کی تعمیل فرمائیں؟

(الجواب) ظہر، مغرب وعشاء کی فرض نماز کے بعد اللهم انت السلام ومنك السلام تبارکت یا ذا الجلال والاکرام کے بعد تھوڑی دیر آثار ماثورہ پڑھنا جائز بلکہ بہتر ہے، خلاف سنت نہیں ہے اس کی وجہ سے فضیلت آئی ہے، آنحضرت ﷺ سے پوچھا گیا کہ کونسی دعا قبول ہوتی ہے؟ آپ نے فرمایا دعا سنے آخر میں دبر کی فرض نماز کے بعد کی دعا دوسری حدیث میں ہے کہ آنحضرت ﷺ نے حضرت معاذ سے فرمایا کہ تم کسی نماز کے بعد اس دعا کو نہ چھوڑنا وہ حدیث اللهم اعني على ذكرك وشكرك وحسن عبادتك

کتاب "دلیل الطالب علیہ نوح المطالب" میں یہ دعا حدیث بیان فرمانے کے بعد لکھا ہے "اس پر حدیث دلالت کرتی ہے کہ ہمارے زمانہ کی بدعت ہے (یہ دعا فرض نماز کے بعد دعا مسنون ہونے پر دلالت کرتی ہیں) (ص ۳۳۳)

حضرت ابوہریرہؓ سے پوچھا گیا کہ آپ نے وہ کلمات یاد کئے ہیں جنہیں آنحضرت ﷺ سلام پھیرنے کے بعد پڑھا کرتے تھے؟ فرمایا ہاں! آنحضرت ﷺ پڑھا کرتے تھے سبحان ربک رب العزة عما يصفون وسلام على المرسلين والحمد لله رب العالمين (مجمع الزوائد ص ۱۰۲ باب ما يقول من الذكر الدعاء عقب الصلاة) بخاری شریف میں ہے آنحضرت ﷺ ہر فرض نماز کے بعد لا اله الا الله وحده لا شريك له، له الملك وله الحمد وهو على كل شيء قدير اللهم لا مانع لما اعطيت ولا معطي لما منعت ولا ينفع ذا الجد منك الجد پڑھتے تھے (ج ۱ ص ۱۱۷ باب الذکر بعد الصلوٰۃ)

فجر وعصر کے سوا ہر فرض نماز کے بعد اس دعا کی فضیلت میں دس مرتبہ لا اله الا الله وحده لا شريك له، له الملك وله الحمد وهو على كل شيء قدير پڑھنے کی بھی بہت فضیلت احادیث میں آئی ہے۔

اس کے علاوہ شاذ دل اللہ تعالیٰ دعوات دیلوی فرض نماز کے بعد استغفر اللہ تین بار اور

فرض نماز کے بعد مسنون دعاء:

(سوال ۳۰) فرض نماز کے بعد دعاء اللهم انت السلام ومنك السلام تبارکت یا ذا الجلال والاکرام بھی پڑھنا مسنون ہے یا اس کی جگہ دوسری دعا پڑھنے سے بھی سنت ادا ہو جائے گی۔ ایک شخص کا قول ہے کہ اللهم انت السلام ہی پڑھنے سے سنت ادا ہوگی۔ اور کوئی دعا پڑھنے سے سنت ادا نہ ہوگی، بلکہ خلاف سنت کہا جائے گا۔ کیا یہ صحیح ہے؟

(الجواب) بے شک فرض کے بعد "اللهم انت السلام" والی دعا مسنون اور افضل ہے۔ اس لئے اکثر اسی کو پڑھا جاتا ہے۔ لیکن دوسری دعاء اور دوسری تسبیح پڑھنے سے بلکہ اس قدر خاموش بیٹھنے سے بھی سنت ادا ہو جاتی ہے۔ لہٰذا کسی دوسری دعاء کو خلاف سنت کہنا صحیح نہیں ہے قد المسنون القعود بهذا المقدار سواء قرأ هذا الدعاء او

دعاء آخر او صلی علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم او سکت (مسائل الامکان ص ۱۳۳ فصل فی النوافل طراشة مع الغرنقص بقفط واللہ تعالیٰ علم بالصواب

فجر اور عصر میں نماز کے لئے کس طرف منہ کرے؟

(سوال ۱۳۰) فجر اور عصر کی نماز سے سلام پھیرنے کے بعد امام کو کس طرف منہ کرنا بہتر اور افضل ہے؟

(الجواب) امام کی سمت مڑ کر بیٹھنا افضل ہے لیکن اس پر مداومت نہ کرے کبھی ادھر کبھی ادھر کبھی دائیں طرف بھی مڑ کر بیٹھے تاکہ امام کی سمت مڑ کر بیٹھنے والوں کو شبہ نہ ہو۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے مروی ہے کہ لا یجعل احدکم للشیطان شیئا من صلوٰتہ یری ان حقا علیہ ان لا ینصرف الا عن یمینہ لقد رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کثیرا ینصرف عن یسارہ رواہ البخاری (مشکوٰۃ) یعنی تم لوگ ایسا نہ کرو کہ اپنی نماز میں کچھ حصہ شیطان کا بھی بنا لو کہ سمجھنے لگو کہ لازم اور فرض ہے کہ صرف داہنی جانب کی طرف سے پھرے بے شک میں نے رسول اللہ ﷺ کو بارہا بائیں طرف مڑتے ہوئے دیکھا ہے (مشکوٰۃ شریف ص ۸۰ باب الدعوات فی التشہد یوقیہ ان من اصر علی امر مندوب وجعلہ حتما ولم یعمل بالرخصۃ فقد اصاب منہ الشیطان من الاضلال فکیف من اصر علی بدعۃ او منکر (موقاۃ شرح مشکوٰۃ ایضاً ص ۳۵۳ ج ۲ مطبع امدادیہ ملتان)

ترجمہ: جو کوئی مندوب و مستحب پر ایسا اصرار کرے کہ اس کو واجب اور لازم کرے اور کبھی جواز اور رخصت پر عمل نہ کرے تو بے شک اپنے اوپر شیطان کو گمراہ کرنے میں شیطان کو کامیاب بنا دیا (جب مستحب کا یہ حال ہو کہ اصرار کرنا مرفوض ہے زیادہ اہمیت کرنی ہوتو غور کرو) جو شخص بدعت اور غیر مشکر پر اصرار کرے گا۔ اس کا کیا حکم ہوگا۔ صاحب مجمع الانہر نے اس حدیث سے استدلال کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ان المندوب یقلب مکروھا و خلافہ ان یواظب علی ترکہ

ترجمہ: بے شک کسی امر مستحب کو اس کے درجہ سے بڑھا دیا جائے یعنی اسے ضروری سمجھ لیا جائے اعتقاداً یا عملاً تو مکروہ ہو جاتا ہے (ج ۲ ص ۲۳۲) ایضاً فتاویٰ دار العلوم ج ۱ ص ۱۳۹ سوال ۱۳۰)

اللھم انت السلام ومنک السلام ولا الہ الا اللہ وغیرہ چند اذکار نماز کے بعد نفل کرنے کے متعلق فرماتے ہیں کہ ان اذکار کے نفل ہونے کی کوئی دلیل نہیں ہے۔ البتہ ان اذکار کا نفل ہونا ثابت ہے لیکن ان اذکار کا نماز کے بعد ہونا ثابت نہیں ہے بلکہ ان اذکار کا نماز کے بعد ہونا بعض احادیث سے ثابت ہے۔ (ترجمہ) اول یہ ہے کہ ان اذکار کو نماز سے پہلے پڑھا کریں کیونکہ بعض فقہاء نے تحقیق ایسا ارشاد فرمایا ہے جو اوپر حضرات سے اس پر دلالت کرتے ہیں۔ اذکار الصلاۃ وھذا یفید الندب فیھا۔ اذکار بعد الصلاۃ حجۃ اللہ البالغہ ج ۲ ص ۱۴۹)

الغرض بہت سی احادیث میں وارد ہوا ہے کہ نفل نمازوں کے بعد ان کے پڑھنے کی فضیلت احادیث شریفہ میں وارد ہوئی ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ تسبیح اور اوراد وغیرہ نماز کے بعد پڑھے جائیں بلکہ ان میں سے بعض کا پڑھنا نماز کے بعد ہونا ثابت ہے اور اسی قدر کافی ہوگا۔

حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ظاہر آنست کہ افضل آنحضرت ﷺ ہم بریں نہج

وہ دعا تمام کی جو جمیع حوائج دینیہ و دنیویہ کو شامل ہو۔ (شرح نقایہ ۱/۲۹۳)

الحاصل اللّٰھم انت السلام الخ کے بعد دعا میں مداومت کرنا خلاف سنت ہے اور ترک مداومت پر کچھ حرج نہیں ہے کبھی کبھی پڑھ لیا کرے تو بھی کوئی حرج نہیں ہے اور اب اس کی کوئی اصل نہیں رہی ہے حضرت شاہ ولی اللہ صاحب نے کہا ہے کہ یہ دعا نبی کریم ﷺ کے بعد آئمہ اربعہ اور ان کے بعد ہر ایک امام نے اپنے اپنے زمانہ میں ترک کر دی ہے (حجۃ اللہ البالغہ ۱/۱۵۲)

بعض لوگ اس دعا میں پڑھنے کی وجہ سے سنت کو بدعت کہہ دیتے ہیں یہ بات بھی غلط ہے (درمختار) اور شامی میں اس کو اقوی بتلایا ہے اور یہی تحقیق ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ تفصیل کے لئے دیکھئے "السفائن المرغوبۃ فی حکم الدعاء بعد المکتوبۃ" فقط واللہ اعلم بالصواب

نماز باجماعت کے بعد اردو میں دعا مانگنا

(سوال) نماز باجماعت کے بعد اردو میں دعا کرنا کیسا ہے؟ (المستفتی)

(الجواب) نماز باجماعت کے بعد دعا کرنے میں مضائقہ نہیں ہے اور اپنی زبان میں دعا کرنا افضل ہے لہٰذا اس کی عادت ڈالنی چاہئے۔ واللہ اعلم

دعا ماثورہ میں اضافہ

(سوال ۲۰۱) فرض نماز کے بعد التحیات بعد السلام وملک السلام وملک السلام مبارک یا ذوالجلال والاکرام۔ میں بعض امام وملک السلام کے بعد والیک یرجع السلام حیاتنا بالسلام وادخلہ دار السلام ہمارے علاقہ میں پڑھتے ہیں کیا یہ صحیح ہے؟

(الجواب) یہ زیادتی حدیث میں نہیں ہے اس لئے خلاف سنت ہے۔ حضرت علامہ عزیزی فرماتے ہیں کہ ملک سے بعد والیک یرجع السلام زیادتی کی گئی ہے یہ حدیث سے ثابت نہیں ہے اس سے بعض لوگوں کی ایجادات قبل تسبیح التحریر وحسبہ اللہ فی تصحیح التصانیح وتصاریف بعد قولہ وملک السلام من نحیو ربنا یرجع السلام فحیانا ربنا بالسلام وادخلہ دار السلام ذوالجلال والاکرام لما یاتی بعض القصاص وعوام الناس الخ شرح منظومۃ ج ۱ ص ۵۹ (یضعونہ علیہ محمد عبدہ مفتی : فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

فرض نمازوں کے بعد سنن ونوافل سے فارغ ہو کر فاتحہ پڑھنا (دعا مانگنا)

(سوال ۲۰۲) آنحضرت ﷺ نے نمازوں کے بعد دعا مانگنے کا طریقہ دیکھے ہوتے ہیں وہ یہ ہے کہ فرض نماز کے بعد امام اور مقتدی اکٹھے ہو کر سنن ونوافل سے پہلے ہی دعا مانگتے ہیں (مگر بارہ تراویح نہیں) مانگی جاتی ہیں۔ اس کے بعد سنن ونوافل مسجد میں یا گھر جا کر پڑھتے ہیں۔ ہم مقتدی تو کر لیتے ہیں۔ امام صاحب نہیں کرتے ہیں۔

(الجواب) یہ طریقہ جو بیان کیا گیا ہے کہ اللّٰھم انت السلام الخ وغیرہ دعا مانگی جاتی ہے پھر سنن وغیرہ پڑھتے ہیں کہ امام ومقتدی اکٹھے ہو کر اجتماعی دعا کرتے ہیں یہ ثابت نہیں ہے اور اس سے معمول کو بڑی تشویش ہوتی ہے اس طریقہ کو فرض کے بعد سنن ونوافل سے پہلے دعا کرنے کو ضروری سمجھا جاتا ہے یہ بڑے اہتمام والتزام اور

پابندی سے کیا جاتا ہے، کبھی ایسی نوبت نہ آنے دیں کہ ان کے ساتھ سختی کی جائے، بس اس طرح کا کچھ پڑھا ہوا کلمہ، کچھ طریقہ، کچھ عادت مثل آیت قرآنی یا حدیث یا فرعہ فالنصب والی یا کلک وغیرہ (آپ سب فارغ ہوں تو مجھ میں محبت کرنا، اپنے رب کی طرف ہی رغبت کرو) اور حدیث رسول ﷺ الدعاء مخ العبادۃ (دعا عبادت کا مغز ہے) پیش نظر ہیں اور پھر طریق ۱۲ (اللہ کریم فاجر، مضروب، پاپی، باغیہ و کہتے ہیں ان کے ساتھ جماعت سے فارغ کہتے ہیں ان کے پیچھے نماز نہیں پڑھتے۔ ان دونوں میں مسائل سخت کون سا طریقہ ہے بتلایا جاوے"

(الجواب) مسئولہ ہیئت کہ جس طرح فرض نماز باجماعت سے پڑھی جاوے بھی جماعت کے ساتھ کئی جائے گی نام اقتدی سب مل کر ادا کریں اور اس طرح سنتیں اور نفلیں الگ الگ پڑھی جاویں وہ بھی الگ الگ پڑھیں۔

یہ صورت مسئولہ میں دونوں طریقوں میں سے پہلا طریقہ مسنون اور صحابہ کرام سے ثابت ہے دوسرا طریقہ خلاف سنت ہے اصل مقصد جماعت اور باہمی میل ہے۔ الگ الگ سنتیں اور نفل پڑھنے کے بعد سب کا اکٹھا ہو کر اجتماعی دعا مانگنا آنحضرت ﷺ سے کسی عمل اور فرمان سے ثابت ہے نہ صحابہ کرام سے ثابت ہے نہ صحابہ کرام تابعین تبع تابعین اور ائمہ دین میں سے کسی نے قول عمل سے ثابت ہے آنحضرت ﷺ اور صحابہ کرام اور سلف صالحین (رضی اللہ عنہم) کا طریقہ یہ تھا کہ فرض نماز جماعت سے ادا فرماتے تھے باقی جماعت کے ساتھ امام اور مقتدی سب مل کر اجتماعی دعا مانگا کرتے تھے اور پھر سنتیں اور نفلیں الگ الگ پڑھا کرتے تھے تو دعا بھی الگ الگ مانگا کرتے تھے۔ احادیث صحیحہ سے ثابت ہے کہ آنحضرت ﷺ کی عادت شریفہ یہ تھی کہ سنن گھر پر پڑھتے تھے اور صحابہ کو بھی یہی ہدایت فرماتے ایک مرتبہ آنحضرت ﷺ نے مسجد نبوی میں نماز مغرب ادا فرمائی۔ نماز کے بعد جماعت میں شریک ہونے والے مسجد میں سنتیں اور نفلیں پڑھ رہے تھے۔ فرمایا یہ نمازیں اپنے گھر میں پڑھتے کیوں ہیں (ابوداؤد، ابوترمذی و نسائی) (مشکوٰۃ شریف ص ۱۰۵)

پھر بعض جب یہ عادت ہے کہ آنحضرت ﷺ اور صحابہ کرام گھر پر سنتیں پڑھ کر آتے تھے اور مسجد میں جماعت کے ساتھ فرض نماز ادا فرماتے تھے تو جماعت ختم ہونے کے بعد مسجد میں سنتیں گھر جا کر پڑھنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ کہ سنتیں گھر میں پڑھ کر دوبارہ مسجد میں آتے ہوں اور جماعت کے ساتھ دعا مانگا کرتے تھے۔ دعا مانگنے کے بعد واپس گھر مسجد میں آتے تو ظاہر کرنا واقعہ یہ ہے کہ کبھی کسی مصلحت یا ضرورت کی وجہ سے آنحضرت ﷺ کو مسجد میں سنتیں پڑھنے کا اتفاق ہوا تب بھی آپ ﷺ نے مقتدیوں کے ساتھ مل کر دعا نہیں فرمائی بلکہ آنحضرت ﷺ سنتوں میں مشغول رہتے اور مقتدی اپنی اپنی نمازوں سے فارغ ہو کر آنحضرت ﷺ کی فراغت کا انتظار کرتے تھے پھر ایک ایک کر کے چلے جاتے

حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ بعد نماز مغرب سنتوں میں اتنی طویل قراءت فرماتے تھے کہ مسجد میں سنت پڑھا جاتا تھا (ابوداؤد ج ۱ ص ۱۹۱ باب رکعتی المغرب این تصلیان) کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یطیل القراءۃ فی الرکعتین بعد المغرب حتی یقول القائل لقد نسی لقد نسی من طول القراءۃ فیھما

اور حضرت ابن عباس بیان فرماتے ہیں کہ ایک شب میں آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا

(۱) عن کعب بن عجرۃ قال قیل یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ای مسجد بنی عند اللہ افضل قال مسجد قباء قلت صلوتھم و کم یبعد من ھذا فقال صلوۃ فیہ کعمرۃ (ترمذی باب الفضل فی المشی الیھا)

[illegible] (۲۰۱ باب التطوع في المسجد)

[illegible] ہے اس کو ان کی [illegible] ہے اس نے کہ قبولیت عمل کے لئے ایک ضروری شرط یہ بھی ہے کہ وہ [illegible] خالص للہ ہو۔ لیبلوکم ایکم احسن عملا کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ لا یعمل اذا کان خالصا عن الشوائب لم یقبل وکذلک اذا کان صوابا غیر خالص لم یقبل ولم یجعله الله والصواب ان یکون علی السنة (یعنی جو عمل خالص (خالص خدا کے لئے) اور صواب (سنت کے مطابق) ہو وہ قبول نہیں ہوتا اس طرح جو عمل صحیح (طریق سنت کے مطابق) خالص نہ ہو وہ بھی قبول نہیں ہوتا۔ پس مقبول وہی عمل ہے جو خالص اور صواب یعنی سنت کے مطابق ہو۔ (تفسیر کبیر ج ۸ ص ۲۳۳) (۱) [illegible] ۲۰۱۰ء

[illegible] ان قال ان [illegible] ان [illegible] ان [illegible]

مطلب یہ کہ جیسا دوستا کیا ہے ایسا ادا کرا کر اپنی طرف سے ادا کرا۔

(۲) خلاف پیمبر کسے رہ گزید
کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید

جو شخص پیغمبر ﷺ کے الٹی راہ اختیار کرے گا وہ کبھی منزل مقصود پر پہنچ نہ سکے گا۔

(۳) بمدار سعدی کہ راہ صفا
تواں یافت جز بر پے مصطفیٰ ﷺ

سعدی۔ اپنا گمان ہرگز نہ کرنا کہ آنحضرت ﷺ کی پیروی اور آپ ﷺ کے نقش قدم پر چلے بغیر صراط مستقیم اور سعادت کا راستہ پا سکو گے۔

حضرت ابوالدرداء جلیل القدر تابعی ہیں وہ فرماتے ہیں علیکم بالامر الاول الذی کانوا علیہ قبل ان یفترقوا (تم پر وہ پہلا طریقہ لازم ہے کہ جس پر اس کی امت کے لوگ پھوٹ پڑنے سے پہلے متفق تھے۔) (تفسیر ابن کثیر ج ۱ ص ۴۰۰)

حضرت امام اوزاعی فرماتے ہیں۔ اصبر نفسک علی السنۃ وقف حیث وقف القوم وقل بما قالوا وکف عما کفوا عنہ وسلک سبیل سلفک الصالحین۔ فان یقیک اللہ بک ما وسع سلفک (اپنے آپ کو سنت پر جمائے رکھو جہاں قوم (صحابہ) ٹھہر گئی تم بھی ٹھہر جاؤ۔ جو ان بزرگوں نے فرمایا وہی تم بھی کہو۔ جس کے بیان سے وہ حضرات رک گئے تم بھی رک جاؤ اور تمہیں چاہئے کہ اپنے سلف صالحین کے راستہ پر چلتے رہو۔ (تفسیر ابن کثیر ج ۱ ص ۴۰۰)

حضرت علامہ ابن النجار کا فرمان ہے فنحن متبعون لا مبتدعون فحیث وقف سلفنا وقف خلفنا ہم سلف صالحین (صحابہ و غیرہم) کی پیروی کرنے والے ہیں ایجاد کرنے والے نہیں ہیں تو جہاں ہمارے سلف ٹھہر گئے ہم بھی ٹھہر جائیں گے۔" (الطحطاوی علی مراقی الفلاح ص ۳۵۴)

اسی لئے سورج گرہن کی نماز باجماعت پڑھی جاتی ہے کہ ثابت ہے اور چاند گرہن کی نماز الگ الگ پڑھی جاتی ہے کہ جماعت ثابت نہیں ہے۔

عیدالاضحیٰ کے روز عید گاہ آتے جاتے زور سے تکبیر پڑھتے ہیں کہ ثابت ہے اور عیدالفطر میں آہستہ آہستہ پڑھتے ہیں کہ زور سے پڑھنا ثابت نہیں ہے۔ جمعہ کی نماز کے لئے دو اذانیں اور ایک اقامت کہی جاتی ہے کہ ثابت ہے اور عید کے لئے نہ اذان کہی جاتی ہے نہ اقامت کہ ثابت نہیں ہے۔

نماز تراویح رمضان میں کچھ لوگ باجماعت پڑھتے ہیں کہ ثابت ہے اور عیدالفطر کا چاند دیکھتے ہی الگ الگ پڑھنے لگ جاتے ہیں کہ جماعت ثابت نہیں ہے۔ اسی طرح فرائض کے بعد امام و مقتدی مل کر اجتماعی دعا کرتے ہیں کہ ثابت ہے اور سنن وغیرہ منفرداً پڑھ کر دعا بھی منفرداً (تنہا تنہا) مانگ لیتے ہیں کہ جماعت سے ثابت نہیں ہے۔ اس میں کیا خطا ہے؟

الغرض سوال میں جو دوسرا طریقہ بیان کیا گیا ہے اس کو اسرو یقی سمجھنا اور سنت کی طرح تھا سمجھنا یہ ان کی اپنی طرف سے کمی بیشی کرنے کے مرادف ہے جو بالکل ناجائز اور گناہ ہے امیر المومنین حضرت علیؓ نے عید کے روز عید کا دس بیوں نماز سے پہلے ایک آدمی کو نفل نماز پڑھتے دیکھا تو سختی سے منع کیا کہ اے امیر المومنین اللہ تعالیٰ نماز پڑھتے

[illegible] (۱۲۱ ص ۲۹)

حضرت امام مالک فرماتے ہیں کہ [illegible] میں نے [illegible] حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا کام خدا تعالیٰ کی [illegible] اور [illegible] کی [illegible] ہے [illegible] الیوم اکملت لکم دینکم (آج میں نے تمہارے لئے تمہارا دین مکمل کر دیا) تو جو کام حضور ﷺ کے زمانہ میں دین میں شامل نہیں تھا (جس کو آج کل بدعت کہا جاتا ہے) وہ بھی اس زمانہ میں دین میں شامل نہیں ہو سکتا۔ فما لم یکن یومئذ دینا فلا یکون الیوم دینا (الاعتصام ج ۱ ص ۶۴)

غرض کوئی بھی نیا کام جس کی اصل حضور ﷺ کے زمانہ میں نہ ہو [illegible] کرنا [illegible] ہے اور [illegible] کی [illegible] کے [illegible] کی [illegible] ہے [illegible] کا [illegible] ہے [illegible] ہو جائے گا اور [illegible] ہو جائے گا [illegible] ہو جائے گا [illegible] ہو جائے گا

دیکھئے ان آیات کے پڑھنے میں کوئی امر خلاف شرع یا قابل مواخذہ بات نہیں ہے مگر پڑھنے کا طریقہ اور اس کا التزام خلاف سنت جماعت اور بدعت سیئہ قبیحہ جلیلہ اقدح سخافی نے اس کو بدعت ہونے کا فتویٰ دیا۔

اسی لئے امام شاطبی فرماتے ہیں ان عبادات میں تخصیص کیفیات اور تخصیص حریق اور اوقات مقرر کرنا جو شریعت میں وارد نہیں ہیں بدعت اور ناجائز ہے (اعتصام ج ۱ ص ۱۲۳)

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ ہر وہ کام جس سے متعلق ہے حب شریعت ان طرف سے ترغیب نہ ہو اس کی ترغیب اور اس کا دوام خصوصاً ہر سال کا وقت مقرر کرنا البتہ حاجت سیئہ لازم بگڑ جائے اور مخالفت سخت حرام ہے۔ (منہ قرآنی عربی ص ۹۹ کولان ذکر الله تعالی انما فضیلته التخصیص بوقت دون وقت اولشی دون شی لم یکن مشروعاً حیث لم یرد الشرع به لانه خلاف المشروع (بحر الرائق ج ۲ ص ۱۵۹ باب العیدین تحت قوله غیر مکتوبة ومثل لها)

اور حضرت امام قطب فرماتے ہیں کہ کسی عبادت کو خاص کرلینا کسی وقت یا کسی جگہ کے ساتھ جس سے شریعت نے نہیں کیا ہے یا کچھ کہنے سننے کے ساتھ اس کو خاص کرنا اس کو قید لگانا حرام ہے۔"

اسی نے فتاویٰ میں فرماتے ہیں نماز تراویح سنت ہے رمضان کی ہر رات میں اور افضل یہ ہے کہ تنہا تنہا گھر میں پڑھے اور مسجد میں جماعت کرنا مکروہ ہے مسجدوں میں جمع ہونا اور بیچ میں کچھ کہنا سننا سنت سے ثابت نہیں ہے (وعن ابی حنیفة رضی الله عنهم وهو المصدوق بالحدیث الصحیح علیه افضل الصلوٰة والسلام انه قال اربعة عشر من شعائر الاسلام فیما ورد به الاحادیث وذکرها فی الترغیب والترهیب مفصلة والمواظبة علی اجراء السنن فیها وعاقره الا سنیعاب ویحرم ان یرد خلافه ویکره الاجتماع علی احیاء لیلة من هذه اللیالی فی المساجد (بحر الرائق ج ۲ ص ۵۲ باب الوتر والنوافل تحت قوله وندب الاربع قبل العصر الخ)

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی فرماتے ہیں "قریب ہزار افسوس بعضے ہر بدعت کہ در ماہ رمضان ظاہر موجود نیست مردم ایں طریقہ علیہ احداث نمودہ اند و نماز تراویح را بجماعت میگزارند۔ اطراف و جوانب درآ نوخت مردم بار برائے نماز تراویح جمع می کردند و جمعیت تمام ازاں نمایند و ایں نکتہ مروہ است کہ ذکر آں تحریر یافت (مکتوبات امام ربانی دفتر ۳ مکتوب نمبر ۱۲۷) (ترجمہ) افسوس ہزار افسوس کہ جن بدعات کا دو سو برس بزرگوں کے سامنوں میں بالکل وجود نہیں ہے ان تعلیم الشان طریقہ (نقشبندیہ) میں پیدا کردی گئی ہیں اور نماز تراویح جماعت سے پڑھتے ہیں اس وقت آس پاس کے لوگ جمع ہو کر تراویح پڑھتے ہیں اور بڑی جماعت سے پڑھتے ہیں اور یہ مکروہ ہے ذکر بھی کر دیا ہے تحریر کی۔"

دیکھئے نماز تراویح اکیلے پڑھنے کے بجائے جماعت سے پڑھنے کا دستور بنا لیا گیا تو امام ربانی نے سخت ممانعت فرمائی اور اس کو مکروہ تحریمی لکھ دیا۔

متن واصل کے بعد استدلال کرنے کے ثبوت کے لئے آیت قرآنی فاذا قرأت فاستعذ اور حدیث (اعدعا مثل العبارة اعیش کر) جہالت کی دلیل ہے اور کہنے والے کو کون مشورہ دے سوائے دشمن کے۔ اتفاقی طور پر دعا مانگنے کے متعلق ہے اس کے لئے آیت قرآنی اور حدیث صحیح تو درکنار حدیث ضعیف بھی پیش کرنا

کر لیتے ہیں۔ بعض علماء نے اس کو بدعت قرار دیا ہے۔ علامہ شامی نے لکھا ہے کہ ہمارے زمانہ میں لوگوں نے اس کو لازم سمجھ لیا ہے اس لیے مکروہ ہے۔

ایسے بے اصل اور بے دلیل امور سے بچنا چاہیے۔ اس طریقہ کا التزام کرنا جس کو عوام سنت اور ضروری سمجھنے لگیں بدعت ہے۔ اس سے بچنا چاہیے۔ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں "بدعت وہ طریقہ ہے جو دین میں ایجاد کیا جائے اور شریعت سے اس کی کوئی اصل نہ ہو۔ نہ اس کی کوئی دلیل ہو۔ نہ اس کا کوئی ثبوت ہو۔ اگرچہ بعض بدعتیں ایسی ہیں کہ ان کی برائی کتاب و سنت سے ظاہر ہے۔ اور بعض بدعتیں ایسی ہیں کہ ان کی برائی کتاب و سنت سے ظاہر نہیں ہوتی بلکہ بعض بدعتیں تو ایسی ہیں کہ ان کی اچھائی کتاب و سنت سے ظاہر ہوتی ہے۔ اس لیے ان کو بدعت حسنہ کہتے ہیں۔ مگر حقیقت میں وہ بدعت نہیں ہوتیں۔ بلکہ سنت ہوتی ہیں۔ اس لیے کہ ان کی اچھائی کتاب و سنت سے ظاہر ہوتی ہے۔ اس لیے ان کو بدعت حسنہ کہنا درست نہیں ہے۔ بلکہ ان کو سنت کہنا چاہیے۔ اس لیے کہ بدعت کی تعریف یہ ہے کہ جس کی برائی کتاب و سنت سے ظاہر ہو۔ اور جس کی اچھائی کتاب و سنت سے ظاہر نہ ہو۔ اس کو بدعت کہتے ہیں۔ اور جس کی اچھائی کتاب و سنت سے ظاہر ہو۔ اس کو بدعت کہنا درست نہیں ہے۔ بلکہ

سے جوا پھینکی جائیں پوری احتیاط برتو اور ان سے قطعاً الگ رہو کیونکہ ہر ایسا کرنا فعلِ بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے۔ (مشکوٰۃ شریف ص ۳۰ باب الاعتصام)

یہی وجہ تھی کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور ان کے نقشِ قدم پر چلنے والے سلف صالحین کسی ایسی چیز کو برداشت نہیں کرتے تھے جو سنت رسول اللہ ﷺ سے عاری ہو خواہ وہ بظاہر معمولی فعل معلوم ہوتا ہو۔ منہ۔

حضرت عمارہ بن رویبہ نے بشر بن مروان کو خطبہ میں ہاتھ اٹھا کر دعا کرتے ہوئے دیکھا تو بددعا فرمائی کہ خدا قبر کرے ان دونوں چھوٹے چھوٹے کالے ہاتھوں کو۔ پھر فرمایا۔ آنحضرت ﷺ کو بھی خطبہ دیتے ہوئے میں نے دیکھا ہے۔ حضرت عمارہ نے انگشت شہادت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ آنحضرت ﷺ کبھی بھی اس سے زیادہ نہیں کیا کرتے تھے یعنی ہاتھوں کو حرکت نہیں دیا کرتے تھے بلکہ ضرورت ہوتی تھی تو انگشت شہادت سے اشارہ فرمایا کرتے تھے۔ (ترمذی شریف ج ۱ ص ۶۸ باب ماجاء فی کراھیۃ رفع الایدی علی المنبر)

حضرت عبداللہ بن مغفل نے صاحبزادے نے نماز میں سورۂ فاتحہ کی ابتدا میں بسم اللہ زور سے پڑھی تو حضرت عبداللہ بن مغفل نے فرمایا بیٹا! بدعت ہے اس سے احتیاط برتو۔ بدعت کے پاس بھی مت جاؤ صحابہ میں سے کسی کو بھی بدعت سے زیادہ دوسری کسی چیز سے بغض رکھتے ہوئے میں نے نہیں دیکھا (ترمذی شریف ج ۱ ص ۳۳ باب ماجاء فی ترک الجھر ببسم اللہ الرحمن الرحیم)

میں نے آنحضرت ﷺ پھر حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان رضی اللہ عنہم کے پیچھے نمازیں پڑھی ہیں ان میں سے کسی کو بھی بسم اللہ زور سے پڑھتے ہوئے نہیں سنا (ترمذی شریف ج ۱ ص ۳۳ باب ماجاء فی ترک الجھر ببسم اللہ الرحمن الرحیم)

حضرت امام نافع فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر کے سامنے ایک شخص کو چھینک آئی اس نے کہا الحمد للہ والسلام علی رسول اللہ حضرت عبداللہ نے فوراً کہا۔ والسلام علی رسول اللہ انی زیادتی کو اچھا نہیں فرمایا اور ارشاد فرمایا آنحضرت ﷺ نے اس طرح پڑھنے کی تعلیم نہیں دی آپ نے (صرف) الحمد للہ علی کل حال پڑھنے کی تعلیم دی ہے۔ (ترمذی باب مایقول العاطس اذا عطس ج ۲ ص ۱۰۳)

حضرت ابو مالک الاشجعی فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد طارق سے پوچھا کہ آپ نے رسول خدا ﷺ، حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ عنہم کے پیچھے نماز پڑھی ہے؟ کیا یہ حضرات نماز صبح میں دعا قنوت پڑھتے تھے؟ جواب دیا کہ "بیٹا" بدعت ہے۔ (ترمذی شریف ج ۱ ص ۵۳ باب فی ترک القنوت) (نسائی شریف ج ۱ ص ۱۳۶)

ایک بنیادی نکتہ جو کبھی فراموش نہ ہونا چاہیے:

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سچے حق ہیں۔ ان کے جذبات اور کیفیات سراپا منتظیم کے مقدس نشانات اور ان کا عمل تصویریں ہیں۔ کیونکہ دین حق کے بانی حضرت حق جل مجدہ نے اپنے کلام پاک میں شہادت دی ہے کہ یہی ہیں راہ راست پر۔ اولئک ھم الراشدون (سورہ حجرات ع ۱) یہی ہیں وہ پاک نفوس

کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں ایمان کی محبت کوٹ کوٹ کر بھر دی ہے۔ ایمان کو ان کے دلوں میں سجا دیا ہے۔ کفر فسق اور معصیت سے بہت سخت اور شدید نفرت ان کے اندر پیدا کر دی ہے (سورۂ حجرات ۴۹) پرہیز گاری پر ان کو پختہ کر دیا ہے۔ کلمۂ تقویٰ ان کے لئے لازم کر دیا ہے اور ان پر چسپاں کر دیا ہے۔ یہ تقویٰ اور پرہیز گاری کے سب سے زیادہ مستحق اور ان کے اہل ہیں۔ سورہ فتح ۴۸

غور فرمایئے اللہ تعالیٰ سے بڑھ کر شہادت کس کی ہو سکتی ہے۔ ان شہادتوں کا بار بار مطالعہ کیجئے اور پھر فیصلہ کیجئے کہ جب یہ کام خلاف سنت عمومی بات کو بھی بدعت فرما دیتے ہیں اور بدعت سے اتنی نفرت کرتے ہیں کہ کسی چیز سے اتنی نفرت نہیں کرتے تو ایک صاحب ایمان کے لئے کہاں گنجائش نکلتی ہے کہ وہ کسی بدعت کو اختیار کرے اور اس کو خلیفہ رسول (معاذ اللہ) بلکہ حقیقت یہ ہے کہ بدعت سے نفرت حب صحابہ کی علامت ہوتی اور جس قدر صحابہ کرام سے زیادہ محبت ہوتی اتنی ہی زیادہ بدعت سے نفرت ہوگی۔ حق تعالیٰ اپنے حبیب کے ہر پیارے سے ایسی اچھی سمجھ، سنت کی حقیقی محبت اور بدعت سے حقیقی نفرت عطا فرمائے آمین۔ صلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد و آلہ واصحابہ اجمعین

نماز کے بعد اجتماعی طور پر بآواز دعا مانگنا:

(سوال ۳۲) کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ فرض نمازوں کے بعد امام کے ساتھ مقتدیوں کا اجتماعی حیثیت سے بآواز دعا مانگنا کسی صحیح یا ضعیف حدیث یا کسی دلیل سے ثابت ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا (از بلند دیش) (الجواب) فرض نمازوں کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا میں ہاتھوں کا اٹھانا متقول اور ثابت ہے۔ اخیر کے بزرگوں میں محدث حضرت سید محمد صدیق رحمت اللہ چیرکوٹی ثم الدلہری رحمہ اللہ نے غیر مقلدین کے اعتراضات کے جواب میں چند رسائل لکھے ہیں۔ مجھ کو ان کے ایک رسالہ "ترتیب المسائل علی اولی الدلائل" کے آخر میں خاص اسی موضوع پر ایک لمبی فکر فرمایا ہے جس پر بڑے بڑے علمائے کرام مقلدین و غیر مقلدین کے تصدیقی دستخط ثبت ہیں، اس کو ذیل میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔ فالحمد للہ علی ذلک

(عبارت مولانا سید محمد صدیق رحمت اللہ صاحب محدث دلہری اپنے رسالہ کے اختتام پر اداری عنوان قائم فرماتے ہیں:۔

"اب میں رسالہ کو ختم کرتا ہوں ایک ضروری مسئلہ کثیر الوقوع پر اور وہ مسئلہ بعد نماز کے ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنے کا ہے جس کو علمائے احناف اور غیر مقلدین بالاتفاق تسلیم کرتے ہیں اور سب نے اپنے اپنے دستخط ثبت کر کے دیئے اور مستحب ثابت کر دیا ہے وہ مسئلہ اب بالتفاق پیش کرتے پیش نظر ناظرین ہے، لیکن ہوں، چونکہ وہ زبان فارسی میں ہے اور عوام اس کو سمجھتے ہیں لہٰذا میں کو ترجمہ اردو میں نقل کر دیا ہے تاکہ سمجھنے میں دقت نہ ہو اور اس کا اجر اللہ سے چاہتا ہوں۔ حسبنا اللہ ونعم الوکیل نعم المولیٰ ونعم النصیر"

استفتاء:۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ دونوں ہاتھوں کو اٹھا کر دعا میں جو احادیث

(الجواب) کما فی حدیث وارد ہے ... حافظ ابو بکر محمد بن اسحاق بن ... نے کتاب عمل الیوم واللیلۃ میں کہا ہے۔ حدثنی احمد بن الحسن حدثنا ابو اسحق یعقوب بن خالد بن یزید الباسانی حدثنا عبد العزیز بن عبد الرحمن القرشی عن حفص عن انس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال من عن عند بسط کفیہ فی دبر کل صلوۃ ثم یقول اللھم الٰھی والہ ابراھیم واسحاق ویعقوب والہ جبریل ومیکائیل واسرافیل استلک ان تستجیب دعوتی فانی مضطر وتعصمنی فی دینی فانی مبتلی وتنالنی برحمتک فانی مذنب وتنفی عنی الفقر فانی مسکین الا کان حقا علی اللہ عزوجل ان لا یرد یدیہ خائبتین (کذا فی ...) اس روایت کی نسبت میر عبد العزیز بن عبد الرحمن ... ہے اور وہ متکلم فیہ ہے۔ ... میزان الاعتدال وغیرہ میں مصرح ہے تو ... کہ حدیث ضعیف ثابت استحباب کے لئے کافی ہے چنانچہ ان ... کتاب الجنائز میں للتحیۃ ... ولا مستحب یثبت بالضعیف غیر السوھو ع انتہی۔ واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ... محمد عبد الحی نحمدہ واللہ عن ذبہ الحلی والحفی (ابو الحسنات محمد عبد الحی ۲۱ ۱۲ ۹۲) (محمد سعد اللہ)

یہ جواب صحیح اور ... کے موافق ہے اور ... کیا گیا ہے اس کی ... حدیث جس کو ابو بکر بن ابی شیبہ نے اپنی مصنف میں روایت کیا ہے ... عن وائل حجر سے وہ اپنے باپ سے قال صلیت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الفجر فلما سلم احرف ورفع یدیہ ودعا الحدیث یعنی ثابت ہوا جواز ... کے ہاتھوں کا اٹھانا نماز میں سوائے ... کے اتباع ... سے چنانچہ ... پر پوشیدہ نہیں ہے۔ حررہ السید شریف حسین عفا اللہ عنہ فی الدارین (سید شریف حسین ۲ ۹۸) (حسب اللہ حفیظ اللہ) (محمد عبد الرسول) (سید احمد حسین ۱۲ ۸۲) (سید محمد نذیر حسین ۱۲ ۸)

جیسا کہ حدیث سے ... جواب میں مذکور ہوئی ... رفع یدین بعد نماز کے ... اس طرح اس حدیث سے ... نماز جنازہ کی میں مرقوم ہوا اس سے بھی ثابت ہے۔ حدثنا ابو بکر بن ابی شیبہ ثنا شبابۃ بن سوار ثنا شعبۃ حدثنی عبد اللہ بن سعید عن النبی بن انس عن عبد اللہ بن رافع بن العصباء عن عبد اللہ بن الحارث عن المطلب یعنی ابن ابی وداعہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلوۃ الثانی مثنی مثنی وتشھد فی کل رکعتین وتباس وتمسکن وتقنع وتقول اللھم اعطنی فمن لم یفعل ذلک فھی خداج قولہ تقنع من باب الافتعال ای ترفع یدیک بعد الصلوۃ وقت الدعاء ۲ .

تحریر ... و مرشدنا حاجی الحرمین الشریفین المھاجر فی سبیل اللہ تعالی محمد اسحاق المشھور فی الآفاق المحدث الدھلوی مولدا والمکی مضجعا غفر اللہ لہ ولوالدیہ طاب اللہ ثراہ وجعل الجنۃ مثواہ کی وسمہ حدیث الدعاء تقنع یدیک ای ترفعہما (نہایۃ الجزری) ومنہ

حدیث الدعاء قتح یدیک ای ترفعهما الی الله بالدعاء (مجمع البحار) لیکن اس حدیث کی سند میں عبداللہ بن نافع بن العمیاء ہے اور یہ مجہول ہے چنانچہ تقریب میں مرقوم ہے مجہول من الثالثۃ لیکن بہالت راوی سے حدیث موضوع نہیں ہوتی ہے البتہ ضعیف ہوتی ہے اور عمل کرنا حدیث ضعیف کے ساتھ فضائل اعمال میں جائز ہے اللہ تعالیٰ چنانچہ عامل قاری نے رسالہ فضل شعبان میں لکھا ہے۔ قلت جهالة بعض الرواة لا تضر حيث كون الحديث موضوعا كما ذكرنا الا فاضل فينبغي ان يحكم بانه ضعيف ثم يعمل بالضعف في فضائل الاعمال فقط اور قضے احکام عمل بحدیث ضعیف جائز ہے حنفیوں کے نزدیک اس وقت کہ اس میں احتیاط ہو چنانچہ شامی میں مسطور ہے قال السيوطي ويعمل به ابتداء في الاحكام اذا كان فيه احتياط اور جب کہ ترغیب دین وقت دعا کے مطلقاً حدیث صحیح سے ثابت ہے لہذا عمل کرنا حدیث ضعیف مذکور کے ساتھ جائز ہے اور جس وقت اعتقاد سنت عمل کا نہ ہو بلکہ اتفاق کا ہو تو بھی عمل حدیث ضعیف کے ساتھ جائز اور صحیح ہے لیکن شرط یہ ہے کہ حدیث ضعیف شدید ضعیف نہ ہو یعنی کذاب او متهم بالكذب نہ ہو چنانچہ دیوبند میں مذکور ہے۔ شرط العمل بالحديث الضعيف عدم شدة ضعفه وان يدخل تحت اصل عام وان لا يعتقد سنية ذلك الحديث اور شرح میں مسطور ہے۔ شديد اضعف هو الذي لا يخلو طريق من طرقه عن كذاب او متهم بالكذب قاله ابن حجر اور شامی میں ہے ان سنیۃ العمل پس اس سے معلوم ہوا کہ عمل کرنا حدیث ضعیف مذکور کے ساتھ استحباب ثابت کرنے کے لئے جائز ہے اس اساس کر حدیث ضعیف سے استحباب ثابت ہوتا ہے۔ بنابریں مجیب نے اپنے جواب میں لکھا ہے۔ فقط۔ واللہ اعلم بالصواب۔

محمد عالم گنگوہی عفی عنہ ۱۲۸۳ھ (از ترجیب المسائل علی الفتوی المسائل ص ۲۲، ۲۳، ۲۴)

عید کی نماز کے بعد دعا کرنا

(السوال ۳۵) ہمارے گاؤں میں ہمارے ہم وطن ایک عالم اور حافظ فریضہ سے آئے ہیں رمضان المبارک میں جامع مسجد میں بیٹھ کر نماز تراویح پڑھاتے رہے۔ عید کی نماز بھی انہوں نے پڑھائی، فریضہ کے دستور کے موافق عید کے خطبہ کے بعد منبر سے اتر کر بیٹھے اور دعا کرنا شروع کی، اس اثناء میں گاؤں کے ایک سادی صاحب غصہ میں بھر کر منبر پر آ بیٹھے اور امام صاحب سے کہا کہ اٹھ کر دعا مانگ، مگر انہوں نے دعا جاری رکھی اور جلد ختم کر دی، اس کے بعد سادی صاحب نے کہا کہ عید کی نماز کے بعد حضور اکرم ﷺ نے دعا فرمائی ہے خطبہ کے بعد آپ نے دعا نہیں کی لہذا یہ بدعت ہے، اس پر بجائے عید کی خوشی اور مسرت کے بڑا فساد اور کدورت کی فضا پیدا ہو گئی، کچھ لوگوں نے کہا کہ سب کے سامنے اس طرح توہین آمیز لہجہ میں کہنے کی ضرورت نہیں تھی، بعد میں تنہائی میں یا علماء کی مجلس میں کہتے، الحاصل ان کا یہ طریقہ سزاوار ہے یا نہیں؟ مشرح بدایات اس مسئلہ میں کیا ہے؟ جواب مدلل فرما کر مشکور فرمائیں۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) حوالہ موفق للصواب۔ ہمارے اکابر عید کے موقع کی مستقل اجتماعی دعا کے متعلق مختلف الرائے ہیں بعض اس کے ثبوت کے قائل ہی نہیں چنانچہ امام المحققین علامہ ابو الحسنات مولانا عبدالحی لکھنوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ روایات حدیث سے اس قدر معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت ﷺ نماز عید سے فراغت کر کے خطبہ پڑھتے تھے اور

اس کے بعد معانقت فرماتے تھے (دونوں کو لیتے تھے) اور بعد نماز بالعد خطبہ کے دعا نہ فرماتے تھے ثابت نہیں اور ان طریق صحابہ کرام اور تابعین عظام سے اس کا ثبوت نظر سے نہیں گذرا (مجموعہ فتاویٰ قدیم ج ۱ ص ۳۰۰)

رئیس المحدثین حضرت مولانا انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔

"قول حضرت مصنف ہم بھی عرصہ تک حیض کی حالت میں عیدگاہ کی طرف نکلتی رہی ہیں اور عورتوں نے بھی کہیں اور ان کی دعاؤں میں شریک ہوتی رہی ہیں۔ اس سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ عید کے بعد دعا ہوتی تھی اس میں پانچ وقت نماز کے بعد ہوتی ہے اور اس بارے میں طحاوی نے مسلک واستدلال صحیح نہیں لیا ہے۔ استدلال کی صحیح شکل اس وقت ہوتی ہے۔ جہاں تک میرے موقع تتبع میں ہے کوئی دوسری بات موجود نہ ہو اور یہاں دوسری صورت موجود ہے عید کی نماز تو سال تک ہوتی رہی (اہل الحجاز نمازیں پڑھتی) کسی نے بھی نماز کے بعد دعا نقل نہیں کی پھر امام طحاوی نے کس دلیل کے بعد دعا ثابت ہے۔ یہاں خاص عید کی نماز کے بعد دعا ثابت نہیں کر سکتے۔ رہی قوت دوسرے یہ کہ یہاں (عید کی نماز میں) نماز و خطبہ کا تعاقب مطلوب ہے اس لئے ان کے درمیان دعا نہ ہونی چاہئے (کیونکہ اس سے نماز و خطبہ میں انقطاع اور فصل لازم آتا ہے) اور حدیث میں جو وارد دعا وغیرہ ہوا ہے اس میں دوسری نماز کا ذکر ہے اس سے مراد وہ اذکار ہیں جو خطبہ اور وعظ و نصیحت کے ضمن میں ہوتے ہیں، کیونکہ دعا وغیرہ عام ہے (فیض الباری ج ۱ ص ۴۰۳) (الورد الشذی ص ۲۲۱) (انوار الباری شرح صحیح بخاری ج ۱۰ ص ۹۰-۹۱)

اور امام العصر حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔

"بعد نماز عید کے دعا مانگنا نبی علیہ السلام اور ان کے اصحاب اور تابعین اور تبع تابعین رضی اللہ عنہم اجمعین سے منقول نہیں اور اگر ان حضرات نے بھی دعا مانگی ہوتی تو ضرور نقل کی جاتی لہٰذا غرض اتباع دعا نہ مانگنے سے بہتر ہے۔" (انعم الفقہ ج ۱ ص ۱۷۱)

اور مفتی اعظم ہند حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب رحمہ اللہ نے فتویٰ دے دیا کہ دعا کی اجازت معلوم ہوتی ہے مگر آپ تعین دعا کے ثبوت کے قائل نہیں ہیں فرماتے ہیں۔ "عید کے بعد دعا مانگنے کی اصل تو ثابت ہے مگر تعین موقع کے ساتھ ثبوت نہیں کہ نماز کے بعد یا خطبہ کے بعد دونوں موقعوں میں سے کسی ایک موقع پر (نماز کے بعد یا خطبہ کے بعد) دعا مانگنے میں منفرد نہیں ہے۔" (کفایت المفتی ج ۳ ص ۲۵)

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہ فرماتے ہیں۔ "واقعی بعد نماز عید یا خطبہ دعا مانگنا بالخصوص منقول نہیں دیکھا گیا اور اس سے استدلال تام نہیں ہے کیونکہ اس میں کسی عمل کی تصریح نہیں کی یہ دعا اس وقت ہوتی ہے پھر عمل تو اس میں ان کے سوے پر استدلال کرنا ظاہر ہے کہ غیر تام ہے ممکن ہے کہ یہ دعا بعد صلوٰۃ جو نماز کے اندر یا خطبہ کے اندر عام صیغوں سے کی ہوتی ہے تو سب مسنونوں کو شامل ہوتی ہے اور مامورین پر اس کے برکات اول نازل ہوتے ہیں) لیکن بالخصوص منقول نہ ہونے سے حکم استحباب کا بھی مشکل ہے کیونکہ عبادات خصوصی کے فضیلت و بعد اصلوٰۃ ثابت ہے پس ان عمومات میں اس کے داخل ہونے کی گنجائش ہے اور اگر کوئی شخص بالخصوص منقول نہ ہونے کے سبب اس کو ترک کرے تو اس پر بھی ملامت نہیں۔ بہرحال یہ مسئلہ ایسا مستحب بالشان نہیں ہے جو اس جانب میں توسع ہے۔ (امداد الفتاویٰ ج ۱ ص ۵۰۲ باب صلوٰۃ العیدین)

[illegible] ہوتا ہے [illegible]

(۱) نماز عید کے بعد کوئی مخصوص دعا ثابت نہیں ہے اس لئے اس کے بعد دعا کی جائے یا نہ کی جائے دونوں باتیں درست ہیں۔

(۲) خطبہ کے بعد دعا کی گنجائش ہے (فتاویٰ رحیمیہ ج ۵ ص ۱۳۱، فتاویٰ رحیمیہ ج ۵ ص ۱۳۷) لیکن یہ مطلب ہے کہ اس کو ضروری سمجھا جائے اور اس کو خطبہ کا جزو سمجھا جائے جو خلاف سنت ہے۔ چونکہ قرآن مجید کے سوال سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے پیارے نبی کی بعد دعا مانگنے کا معمول تھا اس لئے صحابہ نے سوال کیا تھا (ورنہ وہ اس کو ضروری نہیں سمجھتے تھے اور اس کے خلاف کرنے پر نکیر نہیں کرتے تھے)

(۳) نماز عید کے بعد دعا کرنا ثابت ہے یا کیا کی تحقیق ہے (امداد الفتاویٰ)

بہر صورت مسئلہ میں گنجائش ہے لیکن ہمارے علماء نے اس کو ضروری سمجھ لیا ہے اس لئے اس کی اصلاح کی ضرورت ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔ (۵ شوال ۱۴۰۰ھ)

فرض نماز کے بعد امام جہراً دعا کرے یا سراً

(سوال ۴۰۱) بعد نماز پنجگانہ دعا کرنے کے متعلق دو مسئلوں ہمارے علاقہ میں ہیں ایک یہ کہ امام جہراً دعا کرے اور مقتدی آمین کہیں۔ دوسرا یہ کہ امام سراً دعا مانگتا ہے اس سے ثابت ہوتے ہیں۔ واقعات کرتے ہیں کہ جہراً آمین کہنے سے حرام کیا جاتا ہے۔ شرعی حکم کیا ہے (بینوا توجروا)

(الجواب) فرض نمازوں کے بعد امام اور مقتدی کا مختلف کرنا کی بڑی فضیلت ہے۔ اور اس کا مسنون اور افضل طریقہ یہ ہے کہ امام اور مقتدی دونوں آہستہ آہستہ دعا میں مشغول رہیں طریقہ خلوص سے پر خشوع و خضوع سے مناجات کریں اور اپنا اور قریب کے قریب اور دور کا ہر ایک سے دعا میں عمل اختیار کرے۔ کما قال اللہ تعالیٰ ادعوا ربکم تضرعا وخفیۃ انہ لا یحب المعتدین (قرآن مجید)

تمہارے اپنے رب سے گڑگڑا کر اور چپکے چپکے دعا کرو۔ بے شک اللہ حد سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں فرماتا ہے۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے دعا کے دو آداب بیان فرمائے (۱) اور عاجزی اور گریہ وزاری کے ساتھ دعا کرنا (۲) اور آہستہ آہستہ مخفی دعا کرنا۔

حضرت زکریا علیہ السلام کا بھی یہی طریقہ تھا کما قال اللہ تعالیٰ اذ نادیٰ ربہ نداء خفیاً (زکریا علیہ السلام نے اپنے رب کو چپکے چپکے)

نیز حدیث شریف میں ہے خیر الدعاء الخفی (بہتر دعا مخفی ہے۔ دوسری حدیث میں ہے۔

یا ایھا الناس اربعوا علی انفسکم انکم لیس تدعون اصم ولا غائبا انکم تدعون سمیعا قریبا وھو معکم (بخاری شریف ج ۱ باب غزوۃ خیبر ص ۶۰۵ مسلم شریف باب استحباب خفض الصوت بالذکر الخ ج ۲ ص ۳۴۰)

اے لوگو! اپنی جانوں پر نرمی کرو تم اس ذات کو نہیں پکار رہے ہو جو بہری اور غائب ہے تم تو سمیع اور قریب ذات کو پکار رہے ہو اور وہ ہر وقت تمہارے ساتھ ہے۔

تفسیر کبیر میں علامہ فخر الدین رازی رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔

واعلم ان الاخفاء مصبر فی الذکر یدل علیہ وجوہ (اول) ھذہ الایۃ دلت علی ان الواجب علیکم الخ) فانھا تدل علی ان تعالیٰ امر بالدعاء مقروناً بالاخفاء وظاھر الامر للوجوب فان لم یحصل الوجوب فلا اقل من کونہ ندباً ثم قال تعالیٰ بعدہ انہ لا یحب المعتدین والا ظھر ان المراد انہ لا یحب المعتدین فی ترک ھذین الامرین المذکورین وھما التضرع والاخفاء فان اللہ تعالیٰ لا یحبہ وصحۃ ھذہ عبارۃ عن الثواب فکان المعنی ان من ترک فی الدعاء التضرع والاخفاء فان اللہ لا یثیبہ الجنۃ ولا یحسن الیہ ومن کان کذلک کان من اھل العقاب لا محالۃ فظھر ان قولہ تعالیٰ انہ لا یحب المعتدین کالتھدید الشدید علی ترک التضرع والاخفاء فی الدعا۔ التفسیر ج ۴ ص ۳۷ سورۃ اعراف تحت قولہ وادعوہ یکم تضرعاً الخ

علامہ رازیؒ کے کلام کا خلاصہ یہ ہے۔ خوب سمجھ لو کہ دعا میں اخفاء ہی قابل عمل ہے اور اس پر چند دلیلیں ہیں (پہلی دلیل) مذکورہ آیت ادعوہ یکم ۔ الی قولہ انہ لا یحب المعتدین) یہ آیت اس پر دلالت کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تذلل کو آہستہ آہستہ دعا مانگنے کا حکم فرمایا ہے اور صیغہ امر عام طور پر وجوب کے لئے ہوتا ہے ورنہ کم از کم ندب کے لئے تو ہوگا ہی پھر بعد میں خود اللہ تعالیٰ نے فرمایا انہ لا یحب المعتدین، اور اس کے ظاہری معنی یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ مذکورہ دو امور (تضرع و اخفاء) میں حد سے تجاوز کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتے اور آیت میں لا یحب سے لا یثیبہ مراد ہے اب آیت کے معنی یہ ہوں گے کہ جو لوگ دعا میں تضرع اور اخفاء کو چھوڑ دیں۔ تو اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ ثواب کے مستحق نہیں ہوں گے بلکہ سزا کے حق دار ہوں گے۔

تفسیر بیضاوی میں ہے

فان الاخفاء دلیل الاخلاص (ایضاً ص ۲۹۳ ج)

آہستہ آہستہ دعا کرنا اخلاص کی دلیل (علامت) ہے (اور خدا تعالیٰ کو اخلاص والا عمل زیادہ محبوب ہے)

فتاویٰ سراجیہ میں ہے۔

یستحب فی الدعاء الاخفاء ویرفع الصوت بالدعاء بدعۃ ص ۴۳۔

یعنی مستحب یہ ہے کہ دعا میں خفی بات آواز سے دعا مانگنا بدعت ہے۔

فتاویٰ بزازیہ میں ہے۔

یدعو الامام جھراً لتعلیم القوم ویخافتہ القوم اذا تعلم القوم ویخافت ھو ایضاً وان جھر فھو بدعۃ (فتاویٰ بزازیہ جلد اول مع الھندیہ ج ۳ ص ۴۲ کتاب الصلاۃ الحادی عشر فی القرأۃ)

امام مقتدیوں کو سکھلانے کے لئے جہراً دعا کرے۔ اور جب مقتدی سیکھ جائیں تو مقتدی اور امام دونوں آہستہ دعا کریں اگر ضرورت دعا کی تو یہ بدعت ہے۔

معلوم ہوا کہ جہراً دعا مانگنے پر مداومت نہیں ہونی چاہئے۔

حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔

والمختار ان الامام والمأموم یخفیان لذکر الا ان احتاج الی التعلیم فتح الباری ج ۲ ص ۲۲۹.

یعنی مختار طریقہ یہ ہے کہ امام اور مقتدی ذکر (دعا) آہستہ آواز سے کریں، ہاں جب دعا کے سیکھنے کی ضرورت ہو (سیکھنے تک) مضائقہ نہیں۔

عالمگیری میں ہے۔

والسنۃ ان یخفی صوتہ بالدعاء کذا فی الجوھرۃ النیرۃ ج ۱ ص ۱۳۸ الباب الخامس فی کیفیۃ اداء الحج.

یعنی سنت طریقہ یہ ہے کہ سراً دعا مانگے۔

البحر الرائق میں ہے۔

لقولہ تعالیٰ انہ لا یحب المعتدین ای الجاھرین بالدعاء (ج ۲ ص ۹۲ کتاب الجنائز تحت قولہ وشر قدامھا)

یعنی فرمان خداوندی " انہ لا یحب المعتدین " کا مطلب یہ ہے کہ زور زور سے دعا کرنے والوں کو خدا تعالیٰ پسند نہیں فرماتے۔

تفسیر روح المعانی میں ہے۔

(ثم کثیراً من اھل زمانک یصلون الصراخ فی الدعاء خصوصاً فی الجوامع حتی یعظم اللغط ویشتد وتستک لصوامع وتستدر لایدرون انھم جمعوا بین بدعتین رفع الصوت فی الدعاء وکون ذلک فی المسجد وروی ابن جریر عن ابن جریج ان رفع الصوت بالدعاء من الاعتداء المشار الیہ بقولہ سبحانہ انہ لا یحب المعتدین (ج ۸ ص ۱۳۱ سورۃ اعراف تحت قولہ ادعوا ربکم تضرعاً وخفیۃ الخ)

تم بہت سے اماموں کو دیکھو گے کہ دعا زور زور سے مانگتے ہیں خاص کر جامع مسجدوں میں حتی کہ اتنا چیختے ہیں کہ جس کی وجہ سے (گویا) کان بہرے اور بند ہو جاتے ہیں۔ حالانکہ وہ نہیں جانتے کہ دو بدعتوں کو جمع کر رہے ہیں (۱) زور سے دعا مانگنا (۲) مسجد میں یہ حرکت کرنا ابن جریر نے ابن جریج سے نقل کیا ہے کہ دعا میں آواز بلند کرنا اس اعتداء (حد سے تجاوز کرنا) میں سے ہے۔ جس کی طرف اللہ تعالیٰ نے اپنے اس قول انہ لا یحب المعتدین سے اشارہ فرمایا ہے۔

خلاصہ کلام یہ کہ مذکورہ محدثین، مفسرین اور فقہاء کے اقوال سے صراحۃً معلوم ہوتا ہے کہ سراً دعا مانگنا امام مقتدی اور منفرد ہر ایک کیلئے افضل اور مسنون ہے امام کا زور سے دعا مانگنے کی عادت بنا لینا خلاف اولیٰ اور مکروہ ہے۔ اماموں کو چاہئے کہ سنت کی عظمت اور اہمیت کو پہچانیں۔ اور اس پر عمل کرنے کی کوشش کریں۔ عوام اور خواہشات نفسانی

کی پیروی نہ کریں۔

اقوال مذکورہ کے علاوہ اکابرین کے اقوال بھی ملاحظہ فرمائیے۔

حضرت مفتی اعظم مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب نور اللہ مرقدہ تحریر فرماتے ہیں۔

"نیز امام کا زور زور سے دعا مانگنا بھی مکروہ ہے۔ اگرچہ تنزیہی اور خلاف اولیٰ ہی ہے لیکن اس کے اختیار کرنے اور عادت بنانے کی ضرورت ہی کیا ہے۔ تکرہ بہر حال مکروہ ہے۔ اسے چھوڑنا ہی بہتر ہے اور اولویت اور بہتر اس کے خلاف میں ہے۔ (خصائص الروضہ ص ۵۰۳)

تفسیر مہائمی میں ہے۔

والاخفاء فی الدعاء الا خفاء فان الاخفاء دلیل الاخلاص سورۃ اعراف تحت قولہ ادعوا ربکم تضرعاً الخ.

دعا میں اخفاء افضل ہے۔ اس لئے کہ یہ طریقہ اخلاص سے قریب ہے۔

تفسیر روح البیان میں ہے۔

ادعوا ربکم الخ ای متضرعین معتذلین مخلصین الدعاء لیکون اقرب الی الاجابۃ لکون الاخفاء دلیل الاخلاص والا حتراز عن الریاء (ج ۳ ص ۱۷۷ ایضاً)

ادعوا ربکم الخ یعنی خشوع، خضوع، عاجزی اور آہستگی کے ساتھ دعا کرو۔ کہ یہ قبولیت کے قریب ہے۔ اس لئے کہ سر اً دعا کرنا اخلاص کی علامت ہے اور ریاکاری سے دوری کی دلیل ہے۔

تفسیر فتح البیان میں ہے۔

والخفیۃ الا سرار بہ فان ذلک اقطع لعرق الریاء. (ج ۴ ص ۴۰ ایضاً)

(آیت ادعوا ربکم تضرعاً و خفیہ میں) خفیہ کے معنی سر اً دعا کرنے کے ہیں۔ اس لئے کہ یہ (سر اً دعا کرنا) ریاکاری کی رگ کو کاٹنے کے لئے بہت ہی مؤثر ہے۔

اور تفسیر مظہری میں ہے۔

ویدل علی کون ذکر السر افضل و مجمعاً علیہ من الصحابۃ من تبعھم قول الحسن ان بین دعوۃ السر ودعوۃ العلانیۃ سبعین ضعفا ولقد کان المسلمون یجتھدون فی الدعاء وما یسمع لھم صوت الا ھمسا بینھم وبین ربھم ولذلک ان اللہ سبحانہ وتعالیٰ یقول ادعوا ربکم تضرعاً وخفیۃ وان اللہ ذکر عبداً صالحاً ورضی فعلہ فقال اذ نادیٰ ربہ نداء خفیاً وایضاً یدل علی فضل الذکر الخفی حدیث سعد بن ابی وقاص قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیر الذکر الخفی وخیر الرزق ما یکفی ۱۲.

سری ذکر افضل ہے۔ صحابہ اور تابعین کا اسی پر اتفاق رہا ہے۔ حسن بصری رحمہ اللہ کا قول ہے کہ سری دعا اور جہری دعا میں ستر درجہ کا فرق ہے۔ مسلمان بہت کم سے دعا کرتے تھے۔ مگر ان کی آواز قطعاً سنائی نہیں دیتی تھی۔ صرف لبوں کی سرسراہٹ محسوس ہوتی تھی۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ادعوا ربکم تضرعاً وخفیۃ۔ اور عبد صالح

(حضرت زکریا علیہ السلام) نے تمام کو میں آواز دی۔ فنادتہ الملئکۃ وہو قائم یصلی فی المحراب ان اللہ یبشرک بیحییٰ (حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بشر المشائین فی الظلم الی المساجد بالنور التام یوم القیامۃ۔ (مرقاۃ شرح مشکوٰۃ، ج ۲، ص ۳۱۔ ایف ایچ کمپنی، تفسیر روح المعانی، ج ۸، ص ۱۳۹، ایضاً)

اس مسئلہ میں ائمہ اربعہ میں کسی کا بھی اختلاف نہیں ہے کہ وتر ہی افضل ہے۔ (فتاویٰ علماء حدیث، ج ۴، ص ۱۱۱)

(۲) علامہ فاضل شیخ محمد علی بن شیخ حسین مرحوم حنفی مالیہ قیم مکہ مکرمہ نے ۱۳۲۲ھ میں تالیف فرمایا۔ حوالہ سے قنوت فرماتے ہیں۔

اعلم انہ لا خلاف بین الصحابۃ لا ربعۃ فی ندب القنوت سراً للامام والمنفرد واختلف الکثیرۃ والشافعیۃ جہراً للامام بہ لتعلیم المأمومین او بہ یتبعہم علی دعائہ۔ (عمدۃ الرعایہ، ج ۱، ص ۵۲۹)

خوب سمجھ لیجئے کہ مذاہب اربعہ (حنفیہ، شافعیہ، مالکیہ، حنابلہ) میں کوئی اختلاف نہیں ہے کہ (رکوع کے بعد) آہستہ سے قنوت امام اور منفرد کے لئے مستحب ہے۔ مالکیہ وحنابلہ امام کے لئے اس کی اجازت نہیں دیتے ہیں کہ امام جہر نہ کرے۔

اسی طرح امام مودودی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

اما القنوت فیسر بہ بلا خلاف (مودودی، ج ۱، ص ۱۱۲، ایضاً)

قنوت میں کسی کا اختلاف نہیں ہے کہ سراً پڑھی جائے۔

اخیر میں حضرت مفتی اعظم (۳) پاکستان حضرت علامہ مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا فتویٰ ملاحظہ فرمائیے۔ سب سے پہلا عمدہ جواب کہ امام کا آواز سے قنوت پڑھنا بدعت ہے اور یہ مطلوب ہیئت سے تو ثابت مسنون ہوتے ہیں۔ باقی ماندہ نمازوں کی ادائیگی میں مشغول ہیں۔ ان کی نماز میں خلل آتا ہے۔ کیونکہ رسول کریم ﷺ اور صحابہ کرام اور تمام دنیا میں کسی سے یہ صورت منقول نہیں کہ امام کے بعد دوسرا امام کھڑا کرے اور مقتدی صف آمین کہتے رہیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ طریقہ مروجہ قرآن کے خلاف ہے اور سنت کے بھی خلاف ہے اور رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام کی سنت کے بھی خلاف ہے۔ اس لئے عام حالات میں اس سے اجتناب کرنے کا امام اور مقتدی سب کو اہتمام کرنا چاہئے۔ ہاں کبھی کبھی خاص موقعہ پر جہاں مذاہب مفاسد سے دور ہو ایک جہر کرلے اور دوسرے آمین نہیں سنائی دیتی مضائقہ نہیں۔ (احکام جماعت)

حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

بدعت تب ہوتی ہے کہ اپنی طرف سے کوئی مسئلہ بنا کر خلاف صف صالحین وصحابہ کرام کوئی فعل اختیار کیا جائے۔ جب یہ بات نہیں تو بدعت کیونکر ہوئی۔ اسی طرح آہستہ پڑھنا ہے۔ اہل قیم پہلے سے ہی سمجھ جاتے ہیں اور رکوع کر لیتے ہیں۔ دوسرے لوگ بعد میں شامل ہوتے ہیں۔ (ابواب الہدیٰ علی جامع الترمذی ص ۷۰)

امام کو چاہئے کہ مذکورہ قوال میں سے کوئی قول اختیار کرے۔ مقتدیوں کو بھی امام کو جہراً دعا کرتے پر مجبور نہیں کرنا چاہئے۔ خدا تعالیٰ سراً ایک کی دعا سنتا ہے۔ عربی میں یا اردو فارسی میں اردو میں گجراتی وغیرہ میں جو اس کی زبان

ہو۔ اس زبان میں دعا مانگے خدا تعالیٰ ہماری عبادات کو بدعات و منکرات سے محفوظ رکھے۔ آمین۔

مساجد کے امام مقتدی اور مقتدر علماء غفلت برتتے رہے تو یہ بدعت جڑ پکڑ جائے گی اور سنت کی نورانیت اور دعا کی برکات سے امت محروم ہو جائے گی۔

ایضاً حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔

واجتناب از امر و رسم بدعت تا از بدعت حسنہ و رونق بدعت سیئہ احتراز نماید بوی ازیں دولت بمشام جاں نرسد و ایں معنی امر دشوار است کہ عالم را در ربقۂ بدعت غرق شدہ است و ظلمات بدعت آرام گرفتہ کہ جان ازو گریزاں است کردم از رفع بدعت زندہ با حیای سنت سب کشایند اکثر علماء ایں وقت رواج دہندہ ہای بدعت اند نگونسار کنندہ ہائے سنت بدعتہا چون شدہ تعالیٰ خلق دانستہ رجواز بلکہ باستحسان آں فتوی میدہند و مردم را بدعت دالت مینمایند چگونہ گویند اثر ضلالت شیوع پیدا کند و باطل متعارف شود تعالیٰ گردد گمان نبرد کہ تعالیٰ دلیل استحسان نیست تعالیٰ کہ معتبر سنت ہمانست کہ از صدر اول آمدہ است یا بالجماع جمیع مردم حاصل گشتہ کما ذکرہ فی الفتاوی الفقہیۃ الخ (مکتوبات امام ربانی مجدد الف ثانی ص ۱۰۳ جلد ثانی مکتوب ص ۵۴)

جب تک بدعت حسنہ سے بدعت سیئہ کی طرح پرہیز نہ کریں تب تک اس دولت (سنت کی نورانیت) کی بو جان کے دماغ میں نہیں پہنچتی۔ آج بات مشکل معلوم ہوتی ہے۔ کیونکہ تمام جہان دریائے بدعت میں غرق ہے اور بدعت کی اندھیریوں میں گھرا ہوا ہے کس کی مجال ہے کہ بدعت دور کرنے کا دم مارے۔ اور سنت کے زندہ کرنے کا بھی کرے۔

اس زمانہ کے اکثر علماء بدعتوں کو رواج دیتے ہیں اور سنتوں کو محو کرتے ہیں۔ شائع اور پھیلی ہوئی بدعتوں کو تعامل جان کر جواز بلکہ استحسان کا فتویٰ دیتے ہیں اور لوگوں کو بدعت کی طرف رہنمائی کرتے ہیں اور کہتے ہیں۔ اگر کوئی شائع ہو جائے اور باطل متعارف و مشہور ہو جائے تو تعامل ہو جاتا ہے۔ مگر یہ نہیں جانتے کہ یہ تعامل استحسان کی دلیل نہیں۔ تعامل جو معتبر ہے وہ وہ ہے جو صدر اول سے آیا ہے۔ یا تمام لوگوں کے اجماع سے حاصل ہوا۔ جیسا کہ فتاویٰ غیاثیہ میں مذکور ہے۔ الخ تربر مکتوبات ص ۵۳ ج ۱ دفتر دوم نقط ۱۷ العاصم بالصواب۔ کتبہ سید عبد الرحیم لاجپوری غفرلہ ولوالدیہ یوم الاربعاء ۱۵ ربیع الاول ۱۳۶۷ھ۔

فتاویٰ رحیمیہ کے ایک فتوے پر اشکال اور اس کا جواب:

(سوال ۳۷) آپ کے فتاویٰ رحیمیہ ص ۱۲۳ ج ۱ سوال ۲۲۶ (جدید ترتیب کے مطابق اس باب میں دعاء ماثورہ میں اضافہ کے عنوان سے ہے تیسرا ترتیب) گذرا ہے جلد اول میں ہے۔

(الجواب) فرض نماز کے بعد کی مسنون ادعیہ میں اپنی طرف سے ان الفاظ (والیک یرجع السلام حینا ربنا بالسلام وادخلنا دار السلام) کے اضافہ کی عادت خلاف سنت ہے۔ الخ۔

مگر نظام الفتاویٰ ص ۶۵ ج ۱ میں ہے۔ اس کو دعا میں بعد نماز کے شامل کر لینا ناجائز و نادرست یا خلاف تعلیم نبوی علیہ السلام نہ ہوگا۔ اب آپ کی کیا رائے ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) اذان نماز کے وقت کی خبر دینے کے لئے ہے اور اقامت نماز شروع کرنے کے لئے ہے اس لئے اذان کا مقبول ہونا شرط ہے اور اقامت کا مقبول ہونا شرط نہیں ہے اسی لئے جو شخص اذان دے اس کو امام مقرر کرنا بہتر ہے اور اقامت کہنے کا حق امام کو ہے اسی لئے حدیث میں ہے کہ امام ضامن ہے اور مؤذن امین ہے اللہم ارشد الائمۃ واغفر المؤذنین (ترمذی شریف ج ۱ ص ۲۷ باب ما جاء ان الامام ضامن والمؤذن مؤتمن)

مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب نے بھی اسی کو اختیار فرمایا ہے (فتاویٰ محمودیہ ج ۲ ص ۱۰۱)

(۱) مؤذن کے بغیر اقامت کہنے کی حدیث میں ممانعت وارد ہوئی ہے (کفایت المفتی ج ۳ ص ۱۰۱)

آپ کا ارشاد

(سوال) اذان نماز میں خطبہ سے پہلے ہے یا بعد ہے اور بعد ہے تو کتنے وقت کے اندر نماز شروع ہو جانی چاہئے؟

(الجواب) اذان خطبہ یوم الجمعہ کے لئے ہے اور نماز کے لئے اقامت ہے اذان خطبہ کا وقت معین نہیں ہے اس لئے حدیث سے اس کا وقت معلوم نہیں ہوتا ہے اس لئے اذان خطبہ کا وقت معین نہیں ہے (کفایت المفتی ج ۳ ص ۱۰۱)

یہ تقریر اذان کی ہے اور اذان اصل کے بعد ہونا مواظبت خلفاء کا مؤید ہے اور اس سے یہ ثابت ہوا کہ اذان خطبہ کے بارے میں حدیث میں جو وقت کی تعیین ہے وہ مستحب ہے لہٰذا اس کی رعایت کی جائے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

دو نماز کے بعد کرسی پر خطبہ کے بعد ثابت نہیں

(سوال ۳۹) امام جمعہ کے بعد دعا کرنے یا خطبہ کے بعد دعا کرنے سے یہاں خطبہ کے بعد دعا کی جاتی ہے صحیح کیا ہے؟

(الجواب) آپ نے یہاں دیکھا ہوگا کہ خطبے کے بعد دعا ہوتی ہے یہ اصل کے خلاف سنت ہے اصل تو یہ ہے کہ دعا نماز کے بعد ہے خطبہ کے بعد نہیں ہے خطبہ کے بعد تو یہ ہے کہ خطبہ کے بعد نماز ہے خطبہ میں بھی دعا ہوتی ہے مگر یہ کوئی تعین نہیں ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

دعا اجتماعی (فاتحہ) کرنا کیسا ہے؟

(سوال ۳۹) بعد سلام مسنون نماز کے یہاں دعا اجتماعی (FATIHA) میں بہت سی مساجد میں تقریباً ہوتا سوال سے نماز کے بعد دعا اجتماعی کرنے کا اور نماز جنازہ کے بعد بھی اجتماعی تدفین کے بعد دعا کرنے کا دستور چلا آرہا ہے ایک انجمن کی مسجد میں ایک نوجوان کو امام مقرر کیا گیا ان کے ساتھ یہ شرط لگائی گئی کہ وہ دعا اجتماعی نہ کریں گے چھ ماہ تک وہ اس شرط پر کام چلاتے رہے اس کے بعد وہ کہتے ہیں کہ یہ بدعت ہے میں اس رواج پر عمل نہیں کروں گا لوگ کہتے ہیں کہ نماز کے بعد دعا کرنا ثابت ہے اور اس پر عمل کرتے آرہے ہیں پھر یہ کیونکر بدعت ہو سکتا ہے (دعا اجتماعی (فاتحہ) کرنے پر مجبور کرتے ہیں) معلوم کرنا یہ ہے کہ ان کی بات ماننے کے تیار نہیں تو کیا ایسی جگہ امامت کرنا درست ہے یا نہیں ہے کہ مسلمانوں میں اس کی وجہ سے اختلاف ہونے کا اندیشہ ہے اس میں کیا حکم ہے؟ مسلمانوں کا اتفاق جو ان دونوں کے مابین ہوا اس کے متعلق ان کا یہ کہنا کہ یہ تو ہماری چھوٹی چھوٹی غرض کی وجہ سے ہے اس میں کچھ دخل نہیں ہے اتفاق مسلمین اور پھیلے ہوئے دعا اجتماعی کا جو طریقہ

چلا آرہا ہے اس پر عمل کرتے رہو نجات کا دارومدار اسلام کے پانچ ارکان پر ہے دعاء ثانی کرنے نہ کرنے پر نہیں۔

محترم مفتی صاحب آپ کی تصنیف لطیف فتاویٰ رحیمیہ ہمارے پاس ہے ہم اس سے استفادہ کرتے رہتے ہیں اس مسئلہ پر بھی کافی روشنی ڈالی گئی ہے تاہم لوگ اپنی بات پر مصر ہیں دریافت طلب امر یہ ہے کہ کیا متولی حق بجانب ہے؟ اور لوگوں کا یہ کہنا کہ ہمارے باپ دادا یہ عمل کرتے آئے ہیں ان کی یہ بات صحیح ہے؟ امید ہے کہ مفصل جواب مرحمت فرمائیں گے۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) حامداً ومصلیاً ومسلماً بے شک آپ کے یہاں مورنیشن میں سو سوا سو سال سے سنن ونوافل کے بعد اجتماعی دعاء کا رواج ہوگا اور نماز جنازہ سے فارغ ہو کر بالالتزام بھیشہ فاتحہ پڑھنے کا بھی دستور باپ دادا سے چلا آتا ہوگا مگر بھائی یہ کوئی شرعی دلیل نہیں ہے اور اس کا سہارا لینا آپ کے شایان شان نہیں، یہ تو اہل باطل کا شیوہ ہے۔ قرآن مجید میں متعدد جگہ اس کو بیان فرمایا ہے ملاحظہ ہو۔

(۱) واذا قیل لھم اتبعوا ما انزل اللہ قالوا بل نتبع ما الفینا علیہ آباءنا او لو کان آباءھم لا یعقلون شیئاً ولا یھتدون (سورہ بقرہ پ)

یعنی اور جب ان (مشرک) لوگوں سے کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو حکم (اپنے پیغمبر کے پاس) بھیجا ہے اس کے مطابق چلو تو (جواب میں) کہتے ہیں (کہ نہیں) بلکہ ہم تو اس (طریقہ) پر چلیں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا ہے اگر چہ ان کے باپ دادا (دین کی) کچھ سمجھ، کہتے ہوں اور نہ ہدایت پر (شرعی دلیل رکھتے ہوں) (سورۂ بقرہ)

(۲) واذا قیل لھم تعالوا الی ما انزل اللہ قالوا حسبنا ما وجدنا علیہ آبائنا (سورہ مائدہ پ ۶)

یعنی اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو احکام نازل فرمائے ہیں ان کی طرف اور رسول اللہ ﷺ کی طرف رجوع کرو (یعنی شرعی دلیل معلوم کرو) تو کہتے ہیں کہ ہم کو وہی طریقہ کافی ہے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو عمل کرتے ہوئے پایا ہے۔ (سورۂ مائدہ)

(۳) وذروا ما کان یعبد آباءنا (سورۂ اعراف پ ۹)

یعنی (مشرک بت پرستی کی مخالفت کے جواب میں کہتے ہیں کہ) جن کو ہمارے باپ دادا کرتے آئے ہیں ان کو چھوڑ دیں؟ (سورۂ اعراف)

(۴) اجئتنا لتلفتنا عما وجدنا علیہ آباءنا (سورہ یونس پ ۱۱)

یعنی (حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت ہارون علیہ السلام سے کہا گیا) کیا تم ہمارے پاس اس لئے آئے ہو کہ ہم کو اس طریقہ سے ہٹا دو جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا ہے۔ (سورۂ یونس)

(۵) اتنھانا ان نعبد ما یعبد آباءنا (سورہ ھود پ ۱۲)

یعنی (حضرت صالح علیہ السلام سے ان کی قوم نے کہا) کیا تم ہم کو ان چیزوں کی عبادت سے منع کرتے ہو جن کی عبادت ہمارے (بڑے) باپ دادا کرتے آئے ہیں۔ (سورۂ ہود)

(۶) ان نترک ما یعبد آباءنا (سورہ ھود پ ۱۲)

یعنی (حضرت شعیب علیہ السلام سے ان کی قوم نے کہا کیا) ہم ان چیزوں کو چھوڑ دیں جن کی عبادت

ہمارے باپ دادا کرتے آئے ہیں (۲ سورہ یونس)

(۳) واذا قیل لھم اتبعوا ما انزل اللہ قالوا بل نتبع ما وجدنا علیہ آباءنا (سورۃ لقمان پ ۲۱)

یعنی اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اس پر چلو جو اللہ نے اتارا ہے تو کہتے ہیں کہ نہیں ہم تو اس راہ پر چلیں گے جس پر اپنے باپ دادا کو پایا (۳ سورہ لقمان)

(۴) بل قالوا انا وجدنا آباءنا علی امۃ وانا علی اثارھم مھتدون (سورۃ زخرف پ ۲۵)

یعنی بلکہ وہ کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو اس طریقہ پر پایا ہے اور ہم بھی انہیں کے نقش قدم پر چل رہے ہیں (۴ سورہ زخرف)

(۵) وکذلک ما ارسلنا من قبلک فی قریۃ من نذیر الا قال مترفوھا انا وجدنا آباءنا علی امۃ وانا علی اثارھم مقتدون (سورہ زخرف پ ۲۵)

یعنی اسی طرح ہم نے آپ سے پہلے کسی بستی میں نہیں بھیجا ڈر سنانے والا مگر وہاں کے خوش حال لوگوں نے یہی کہا کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک طریقہ پر پایا ہے اور ہم بھی انہیں کے نقش قدم پر چلے جا رہے ہیں (۵ سورہ زخرف)

آپ نے مناسب شان تو یہ تھی کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت اور اتباع کی تلقین فرماتے اور ان کی اطاعت اور پیروی کرنے پر عوام کے لئے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت اور اتباع صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین اور مجتہدین عظام کی پیروی ضروری ہے۔ رسول مقبول ﷺ کا ارشاد ہے جب تک تم میں ہے علیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین المھدیین تمسکوا بھا وعضوا علیھا بالنواجذ وایاکم ومحدثات الامور فان کل محدثۃ بدعۃ وکل بدعۃ ضلالۃ

یعنی میرے طریقہ کو اور میرے ہدایت یافتہ خلفاء راشدین کے طریقہ کو لازم پکڑو اور اس کو دانتوں سے مضبوط پکڑو اور نئی نئی باتوں سے بچتے رہو کیونکہ ہر نئی بات بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے (ابوداؤد، ترمذی ص ۳۸ ج ۲ ترمذی شریف ج ۲ ص ۹۲ ابن ماجہ ص ۵ مشکوٰۃ شریف ص ۲۷ باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ)

احادیث میں سونے اور جاگنے کے وقت کی دعا منقول ہے، مسجد میں داخل ہونے اور نکلنے کے وقت کی دعا بھی منقول ہے، ہم نماز سے پہلے اور نماز کے بعد بھی دعا مانگتے ہیں بیت الخلاء میں جانے سے قبل اور نکلنے کے بعد بھی دعا بھی ثابت ہے تو کیا ان کے بعد کی دعا کیوں منقول نہیں؟ اگر ثابت ہوتی تو ضرور منقول ہوتی، مقصد یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ فرض نمازوں کے بعد کبھی اپنے حجرہ مبارکہ میں تشریف لے جا کر پڑھتے تھے، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین بھی آپ کی پیروی کرتے ہوئے اپنے اپنے گھروں میں سنتیں ادا فرماتے تھے اور سنتوں کے بعد کی دعائیں بھی وہیں پڑھتے تھے سب کا مسجد میں واپس آ کر دعا کرنا کہیں منقول نہیں بھی کبھی ایسا ہوتا ہے تو آنحضور ﷺ نے صحابہ کرام کو اس کی اجازت بھی دی ہے مگر عام طور سے سنتوں کی ادائیگی کے بعد گھر ہی میں دعا مانگتے تھے، صحیح بخاری میں ہے کہ رسول مقبول ﷺ بعد نماز مغرب سنتوں میں اکثر اوقات سورہ اخلاص پڑھا کرتے تھے کبھی کبھی دوسری سورتیں بھی پڑھ لیتے تھے یہ سنتوں ہی

المعروف بابن الصلاح) اور حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کا بیان ہے کہ ایک رات میں حضور ﷺ کے ساتھ رہا آپ عشاء کی نماز کے بعد نماز میں مشغول رہے حتی کہ مسجد میں بجز آنحضرت ﷺ کے کوئی باقی نہیں رہا (شرح معانی الآثار ج ۱ ص ۱۰۴ باب التطوع فی المساجد)

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ سنتوں کے بعد امام و مقتدیوں کے مل کر دعا کرنے کا دستور قطعاً نہیں لہذا اس طریقہ کے بدعت ہونے میں کوئی شبہ ہی نہیں اس لئے اس کو پکڑے رہنا اور اس پر اصرار کرنا اور امام کو اس کا پابند بنانا کیسے درست ہو سکتا ہے؟

عمل وہی مقبول ہے جو خالص ہونے کے ساتھ صواب یعنی سنت کے موافق بھی ہو حضرت سفیان ثوری علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: لا یستقیم قول ولا عمل ولیۃ الا بموافقۃ السنۃ (تلبیس ابلیس ص ۱)

محبوب سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانی قدس اللہ سرہ فرماتے ہیں: ولا عمل بالا اخلاص واصابۃ السنۃ یعنی کوئی عمل بلا اخلاص اور سنت کی موافقت کے مقبول نہیں ہوتا (الفتح الربانی ص ۱۳ مجلس نمبر ۴)

مشہور بزرگ حضرت احمد بن الحواری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: من عمل عملاً بلا اتباع سنۃ فعملہ باطل جو عمل بھی سنت کی موافقت کے بغیر کیا جائے گا وہ باطل ہوگا (کتاب الاعتصام ج ۱ ص ۱۴)

مولیٰ! کب تک مصلحت کا سہارا لیتے رہیں گے؟ بے شک فتنہ سے بچنا ضروری ہے اس لئے سختی اور عجلت سے کام نہ لیں اور بتدریج صحیح سنت کی اشاعت کی جائے اور نمازیوں کو جمع کر کے فتویٰ سنایا جائے، بار بار سنایا جائے اور حکمت عملی کے ساتھ سب کو متفق کرنے کی کوشش کی جائے جب امام اور مقتدی سے معمولی بات سمجھ کر اور فتنہ کا خوف بلا کر خلاف سنت طریقہ کو پکڑے رہیں گے تو کیا اس کے مٹانے کے لئے آسمان سے فرشتے آئیں گے؟ کس کا انتظار ہے؟ سوا سو سال تو ہو چکے خدارا سنت کی قدر پہچانئے اور بدعت کی نحوست کو سمجھئے۔

شیخ سعدی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں

خلاف پیمبر کسے رہ گزید
کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید
چنداں سعدی کہ واہ صفا
تواں رفت جز بر پے مصطفیٰ

ترجمہ: جس نے نبی کریم ﷺ کے خلاف راستہ اختیار کیا وہ ہرگز منزل مقصود کو نہیں پہنچے گا۔ اے سعدی! یہ خیال مت کر کہ سیدھا راستہ محمد مصطفیٰ ﷺ کی اتباع کے بغیر حاصل ہو سکتا ہے

بہ زہد وورع کوش وصدق وصفا
ولیکن میفزائے بر مصطفیٰ

لہذا اس سنت کو زندہ کرنے کی پوری کوشش کیجئے حدیث میں ہے کہ مردہ (مٹی ہوئی) سنت کو زندہ کرنے والا سو شہیدوں کے ثواب کا مستحق ہوتا ہے۔ کون مسلمان ہوگا جس کو سو شہیدوں کا ثواب حاصل کرنے کی تمنا نہ ہوگی، نیز حدیث میں ہے من احیی سنتی فقد احبانی ومن احبانی کان معی فی الجنۃ۔ جس نے میری سنت کو زندہ

کیا اس نے مجھے زندہ کیا اور جس نے مجھے زندہ کیا وہ مجھے موت بھی دے گا (بخاری شریف ج ۲ ص ۹۲۸) نیز حدیث میں ہے من حفظ عشر آیات من اول الکہف عصمہ اللہ من فتنۃ الدجال (جس نے سورۂ کہف کی شروع کی دس آیتیں یاد کرلیں اللہ تعالٰی اسے دجال کے فتنہ سے محفوظ رکھے گا) (مسلم شریف ج ۱ ص ۲۷۳) نیز حدیث میں ہے من قرأ الآیتین من آخر سورۃ البقرۃ فی لیلۃ کفتاہ (جس نے سورۂ بقرہ کی آخر کی دو آیتیں رات میں پڑھ لیں وہ اس کے لئے کافی ہوں گی) (بخاری شریف ج ۲ ص ۷۵۲) نیز حدیث میں ہے من قرأ بالآیتین من آخر سورۃ البقرۃ فی لیلۃ کفتاہ (جس نے سورۂ بقرہ کی آخر کی دو آیتیں رات میں پڑھ لیں وہ اس کے لئے کافی ہوں گی) (بخاری شریف ج ۲ ص ۷۵۲) نیز حدیث میں ہے من قرأ حم المؤمن الی الیہ المصیر وآیۃ الکرسی حین یصبح حفظ بہما حتی یمسی ومن قرأہما حین یمسی حفظ بہما حتی یصبح (جس نے صبح کے وقت سورۂ مؤمن کی حٰمٓ سے الیہ المصیر تک اور آیۃ الکرسی پڑھ لی وہ شام تک ان کی برکت سے محفوظ رہے گا اور جس نے شام کے وقت پڑھ لیں وہ صبح تک ان کی برکت سے محفوظ رہے گا) (ترغیب ج ۱ ص ۲۷۳) نیز حدیث میں ہے من قرأ حٰمٓ

ایسے ہی عیدین کی نماز کے بعد خطبہ ہے جس مختصر دعا کی گنجائش ہے وہ میں عرض کرچکا ہوں نماز و خطبہ کے مابین اتصال نہ رہے گا بلکہ فاصلہ ہوجاوے گا، حالانکہ نماز و خطبہ میں اتصال مطلوب و مسنون ہے۔ عیدین کے اجتماع میں جس دعا کی اجازت و ضرورت ہے وہ تو خطبہ میں پڑھ دی جاتی ہے عیدین کی نماز کے بعد دعا کے اہتمام کا حکم نہیں بلکہ خطبۂ عید کے بعد تو دعا کا ثبوت ہی نہیں، ملاحظہ ہو مجموعہ فتاویٰ قدیم جلد اول ص ۱۴۳، عدم ثبوت دعا بعد نماز عیدین یا خطبہ آں از حضرت خلفاء و صحابۂ کرام و تابعین عظام خواجہ خلام الدین لکھنوی علم فقہ حصہ دوم ص ۳۲۶، از مولانا عبد الشکور لکھنوی، العرف الشذی شرح ترمذی جلد اول ص ۱۴۳ از علامہ انور شاہ صاحب کشمیری، فیض الباری شرح بخاری جلد دوم ص ۲۶۳ میں ہے۔ ویبدعون بدعائهم ای بدعائهم للمؤمنین فی خلال الخطبة لانه لم یثبت عنه صلی الله علیه وسلم بعد صلاة العید دعاء فالسنة الخاصة فی ذلک قاصبة علی عموم الاحادیث فی الاذکار بعد الصلوات. فقط

فجر و عصر کی نماز کے بعد قبل دعائے امام چلے جانا:

(سوال ۴۲) فجر و عصر میں بعد سلام امام اپنی دعا پوری کرکے (قبل اس کے کہ امام دعا سے فارغ ہو) چلے جانا کیسا ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) بلا عذر اس طرح کرنا خلاف سنت ہے، مکروہ تنزیہی ہے، اور اس کی عادت بنالینا گناہ ہے، عن انس ان النبی صلی الله علیه وسلم حضهم علی الصلوة وقال هم ان ینصرف قبل انصرافه من الصلوة یعنی نبی کریم ﷺ نے ہر نماز میں کہ پڑھتے تھے بیشتر از نماز خود چنانچہ بیشتر از حضرت سلام پھیرنا از نماز پڑھنا بعد از امام و بیشتر از اں کہ آں حضرت برخیزد برخیزند بعد از خود مختصر ذکر و دعا نہ نشیند و نہی بر معنی اول تحریمی، و بر ثانی تنزیہی است۔ (لمعات شرح مشکوٰۃ ج ۱ ص ۴۲۷) واللہ اعلم بالصواب۔

بعد نماز جمعہ دعاء:

(سوال ۴۳) جمعہ کی فرض نماز کے بعد دعا نے ماثور کے ساتھ قرآن و حدیث کی دیگر دعا مانگ سکتے ہیں؟ بینوا توجروا

(الجواب) بعد نماز جمعہ دعائے ماثور کے ساتھ دیگر دعا شامل کرسکتے ہیں لیکن مختصر ہونا چاہئے تطویل کرکے لوگوں کو تنگ کرنا اور سنن رواتب کی ادائیگی میں تاخیر کرنا مناسب نہیں کیونکہ ہوئے مجمع میں کمزور، بیمار، کام سے جانے والے ہر طرح کے لوگ ہوتے ہیں، امام کو اس کا لحاظ چاہئے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

نماز باجماعت کے بعد اردو میں دعا مانگنا:

(سوال ۴۴) نماز باجماعت کے بعد اردو میں دعا مانگنا کیسا ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) نماز باجماعت کے بعد دعا عربی میں مسنون ہے دوسری زبان میں خلاف افضل ہے لہذا اسی کی عادت نہ کی جائے۔[1] فقط واللہ اعلم۔

---

[1] وبهذا کان الدعاء بالعربیة افضل الی الا بعة فلا طبع عمر من الالسن فی ترجمة والسنة لها مولیه کلام مخلوق و ظاهر کلیل ان الدعاء بغیر العربیة خلاف الاولی ثم فی صفة الصلاة مطلب فی الدعاء بغیر العربیة ج ۲ ص ۲۹۳

كتاب الجمعة

کچھ لوگ جمعہ کی نماز ادا نہ کر سکے تو ان کے لئے کیا حکم ہے؟

(سوال ۴۵) جماعت خانہ میں جمعہ نہ ہونے کی وجہ سے کچھ لوگ جمعہ کی نماز جماعت ادا نہ کر سکے، ان کو یہ خیال ہوا کہ ظہر کی نماز مسجد میں باجماعت ادا کریں لیکن امام صاحب نے کہا کہ مسجد میں دوسری جماعت نہیں کرنے دیں گے اور کہا کہ تم سب لوگ ظہر کی نماز تنہا تنہا ادا کرو تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ کیا امام کی یہ درست ہے کہ مسجد میں دوسری جماعت نہیں کر سکتے؟ اگر جمعہ کی نماز نہ ادا ہو تو اس کی کیا صورت ہو سکتی ہے؟ بینوا توجروا

(الجواب) جو لوگ جمعہ پڑھنے سے رہ گئے ہیں وہ دوسری جماعت نہیں کر سکتے مگر وہ تنہا پڑھنے سے بہتر ہے کہ مسجد یہاں جمعہ ہو وہاں جا کر وہ قاعدہ کے موافق نماز جمعہ ادا کر سکتے ہیں اور جس دن میں جمعہ نہ پڑھ سکے ہیں ظہر پڑھیں تو تنہا تنہا پڑھیں۔ جمعہ والی مسجد میں جہاں جمعہ پڑھا جاتا ہے ظہر کی نماز مسجد میں یا اس کے جماعت دار محلوں کے اجتماع میں جہاں جمعہ ادا کرنا درست نہیں ہے ظہر باجماعت پڑھنے کا حکم ہے۔ حدیث میں ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا جو شخص جمعہ کی نماز ظہر باجماعت کر لے اس کو جمعہ کا ثواب ملے گا۔ (ص ۵۲ ج ۱ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

اذان جمعہ کے بعد غیر مسلم ملازم کو دوکان پر بٹھا کر دوکان کھلی رکھنا

(سوال ۴۶) جمعہ کی اذان سے پہلے میں مسجد چلا جاتا ہوں، میرا دوکان کھلی رہتی ہے غیر مسلم ملازم سامان فروخت کرتا ہے، اس میں کوئی قباحت ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) غیر مسلم ملازم سے اذان جمعہ پر سعی واجب نہیں ہے اور آپ کی دوکان کھلی رکھنے کو ناجائز نہیں ہے۔ وقد خص بعضهم لا جمعة عليه ذكره المصنف. (درمختار) والحاصل ان الدليل خص من وجوب السعي جماعة كالمرضى والمسافر (الجوہر النیرہ ج ۲ ص ۱۰۲ باب صلوٰۃ الجمعہ تحت قولہ فی الجمعہ والعسکر) (نگرنی اشیاء) جمعہ کی فضیلت و فائدہ یہ ہے کہ اذان اول کے ساتھ دوکان بند کر دی جائے تاکہ غافل قسم کے لوگوں کو اس سے ناواقفی نہ ہو۔ دوکان بند رکھنے میں جمعہ کے دن کی عظمت اور شان و شوکت میں اضافہ ہوگا۔ مدارس اسلامیہ بھی بند رہتے ہیں تو آپ کی دوکان بند رہنے سے کیا نقصان ہو جائے گا؟ ذلکم خیر لکم ان کنتم تعلمون (سورۂ جمعہ پارہ نمبر ۲۸) فقط واللہ اعلم

پہلی اذان جمعہ کے بعد امام کہاں بیٹھے؟

(سوال ۴۷) امام مذہب جو کی اذان کے بعد محراب اور منبر کے پاس نہیں بیٹھتے، مسجد کے حجرہ میں یا دروازہ میں بیٹھتے ہیں اور وہاں سنت و نفل پڑھتے ہیں اور خطبہ کے وقت منبر پر آتے ہیں تو کیا کرنا چاہئے؟ وضاحت فرمائیں۔ بینوا توجروا

(الجواب) امام جمعہ کے لئے مستحب اور مسنون طریقہ یہ ہے کہ خطبہ سے پہلے حجرہ میں رہے اور جب حجرہ سے نکلے منبر کے دائیں

جانب کسی قدر سر جھکے ہوئے ہیں، جہاں سلطان ہو اور دونوں سنت وغیرہ پڑھیں اور خطبے کے لئے منبر پر آئیں۔ آپ ﷺ منبر خطبے کے وقت اپنے تحفۂ مبارکہ سے (جو منبر کے داہنی جانب تھا) اتل تراش شریف لاتے تھے آپ ﷺ کے خلفاء راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین کا بھی یہی عمل تھا اور اس زمانہ میں بھی حرمین شریفین (زادہما اللہ شرفاً وتعظیماً) کے خطیب اسی پر عمل کرتے ہیں اور خطبے کے وقت آتے ہیں۔ حدیث میں ہے "اذا خرج الامام فلا صلوٰۃ ولا کلام"۔

ترجمہ: جب امام خطبے کے لئے حجرہ سے نکلے اس وقت سے نماز اور کلام منع ہے حدیث میں اذا قام کا لفظ نہیں ہے بلکہ اذا خرج کا لفظ ہے اس میں اشارہ ہے کہ خطیب کی جگہ خراب نہیں بلکہ حجرہ ہے اور عوام سے الگ مخصوص جگہ ہے۔

روایت میں ہے کہ امیر المومنین حضرت عمر فاروق اور امیر المومنین حضرت عثمان غنی کے زمانہ مبارکہ میں خطیب ایوان میں داخل ہوتے تھے حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جب امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ عنہ خطبے کے لئے اپنے حجرہ سے نکلتے تو فوراً بند کردیتے (مستدرک حاکم ج ۱ ص ۱۰۸ تا ۲۸۹ و مسند امام احمد ج ۳ ص ۳۱۹ و موضوعات کبیر ملا علی قاری ص ۱۱۲ و صحابہ فی تذکرۃ الاصحابہ ج ۱ ص ۳۸۴ و خلاصۃ الصحفۃ ص ۱۰۰ اور تکمیل الایمان میں ہے ۱۲ منہ) لئے سنت جاریہ یہ ہے کہ وہ خطبے کے وقت بند ہو (یعنی بطل) جیسے آنحضرت ﷺ اور آپ کے اصحاب رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے خلفائے راشدین کرتے تھے (تفسیر مواہب الرحمٰن ج ۲ ص ۲۰۹ سورۂ جمعہ)

اسی لئے فرمایا کہ امام کا منبر کی داہنی جانب حجرہ میں بیٹھنا جو مختار ہے بعض الصبیہ (درمختار) بعض حنفیہ کے لئے مسنون یہ ہے کہ منبر کی داہنی جانب حجرہ میں بیٹھے (درمختار) حجرہ نہ ہو تو اس طرف منہ کرنے میں بیٹھے داہنی جانب سکون کی جگہ نہ ہو تو جہاں سکون ہو وہاں بیٹھے خطیب کے لئے خطبہ سے پہلے کی نشست مکروہ ہے (درمختار) شامی میں ہے (قولہ علی یمین المنبر) فیہ مخالفۃ لما قال فی البحر فان لم یکن ففی وجھہ او ناحیتہ ویکرہ صلاتہ فی المحراب قبل الخطبۃ (شامی ج ۱ ص ۷۸۰ باب الجمعۃ)

آپ نے یہاں کے امام مذاہب کا عمل معائنہ سنت ہے آج کل یہ سنت متروک العمل ہے حتی کہ ان ممالک میں اس سنت پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

جمعہ کی پہلی اذان کو بدعت عثمانی کہنا:

(سوال ۳۹) جمعہ کے دن پہلی اذان منبر پر ہوتی ہے غیر مقلدین اس کے متعلق کہتے ہیں کہ یہ بدعت عثمانی (رضی اللہ عنہ) ہے اور ناجائز ہے یہ اذان حضور اکرم ﷺ کے زمانہ میں نہ تھی کیا ان کا قول صحیح ہے بینوا توجروا۔

(الجواب) رسول مقبول ﷺ نے مبارک زمانہ میں مسلمان کہتے ہیں کہ اذان جو منبر کے پاس ہوتی تھی وہ کافی تھی۔ یعنی جمعہ مسلمان دور دور تک تکمیل کے لئے اذان سنتے کافی تھی اس نے حضرت عثمان کے زمانہ مبارکہ میں سہولت کے لئے زوراء سے پہلی اذان کا اضافہ فرمایا اور اجماع حجت شرعیہ ہے۔ پھر جبکہ حضرت عثمان خلفائے راشدین مہدیین میں سے ہیں اور رسول مقبول ﷺ نے خلفائے راشدین کے طریقہ کو سنت قرار دیا فعلیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین المھدیین۔ الحدیث (مشکوٰۃ شریف ص ۳۰ باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ)

تفسیر مواہب الرحمان میں ہے۔ یا ایھا الذین امنو اذا نودی للصلوٰۃ الخ ایمان والو جب جمعہ کے دن نماز کے لئے پکارا جائے یعنی نماز جمعہ کے لئے اذان دی جائے تو دوڑ پڑو اذان سے اور اس سے مراد وہ اذان ہے جو خطبہ پڑھنے کے واسطے خطیب کے سامنے دی جاتی ہے اور یہ اذان کبھی ہوا کرتی تھی جب حضرت آنحضرت ﷺ کے عہد میں اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلافت میں تھی جمعہ کے واسطے ایک ہی اذان تھی پھر حضرت عثمان کی خلافت میں کبھی ہوئی جمعہ کے واسطے دو اذان تھیں پہلی اذان تھی پھر حضرت عثمان کی خلافت میں لوگوں کی کثرت ہوئی اور آبادی بھی زیادہ ہوگئی تو آپ نے مقام زوراء پر ایک اذان اور بڑھائی کہ اس کے سننے سے لوگ خرید و فروخت چھوڑ دیتے اور جمعہ کے واسطے حاضر ہو جاتے تھے پھر جب خطیب منبر پر بیٹھتا تو پہلا سابق اس کے سامنے دوسری اذان دی جاتی پھر جب خطیب خطبہ کے لئے کھڑا ہوتا تو تیسری اذان کہی جاتی وہی اذان حقیقی ہے اور اس وقت سے اسی طریق پر عمل رہا اور اس زمانہ میں اصحاب میں سے کسی نے انکار نہیں کیا تو گویا اس پر اجماع ہو گیا۔ کما فی حدیث میں آیا ہے علیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین من بعدی۔ الحدیث یعنی تم لوگ اپنے اوپر لازم کرو میرے طریقہ کو اور میرے بعد خلفاء راشدین کے طریقہ کو اور دین میں نئی باتوں سے بچتے رہو اور ہر نئی بات بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے اور ہر گمراہی دوزخ میں لے جانے والی ہے۔ پس حاصل یہ ہوا کہ حضرت رسالت مآب ﷺ اور خلفاء راشدین کے زمانہ میں جمعہ کے واسطے ایک ہی اذان تھی جو خطیب کے سامنے دی جاتی تھی اور اب جو دو اذانیں ہیں یہ بدعت ہے (الخ) یہ مواہب الرحمان ج ۲ ص ۳۰۳ سطر ۱۰ میں ہے واللہ اعلم بالصواب۔

صحت جمعہ کے لئے اذان عام ہونے کا مسئلہ پر مفتی صاحب کا اشکال اور اس کا مفصل جواب!

(سوال ۳۹) سوئی ضلع اٹک حضرت مفتی صاحب دامت برکاتہم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بعد سلام مسنون کچھ دنوں پہلے لوگوں سے خبر سنی تھی کہ حضرت والا نے جمعہ صاحب کی حضرت فاروقی [illegible] کے اظہار پر [illegible] یاد ہوں گے آج [illegible] پر [illegible] ہے [illegible] ہوا کہ [illegible] ہے [illegible] ہوا کہ [illegible] ہے [illegible] ہوا کہ

اس لئے کہ اس صورت میں اذن عام نہ ہونے کے باوجود بھی لوگ جمعہ دوسری جگہ پڑھ لیتے ہیں اور بھی کافی کیل دلیل ہے۔ فصت وبمعنی ان یکون محل النوع ما دکانت لا تقدم الا فی محل واحد اما لو تعددت فلا لانہ لا یتحقق التقریب کذا فی التعلیل۔ بحر فتاوی دار العلوم جلد پنجم ص ۱۰۶۔ میں بھی ایسا ہی تحریر ہے لیکن کہ بعد ان لوگوں پر فرض ہوتا ہے باقی حضرت والا بھی خدا کے فضل سے مفتی تو ہیں نہیں۔ کہتے ہوئے نے لرشائی۔ حامد اللہ اور حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ کی رائے اوپر کے حوالہ سے آپ نے دیکھ لی ہوگی۔ واللہ اعلم بالصواب

الجواب اللہ الموفق: نظری جواب سوال، مذاہب، بدیت معلوم ہونے کے بعد سوال مفتوں اس فتویٰ طلب ہے۔ کوئی دن ہوئے آپ کا خط تفصیلی جواب طلب آیا تھا جو کہ اوپر مبسوط شدہ کاشف احوال ہوا تھا۔ شوق اور تعجب سے آپ نے تلاوتی ربیہ بار بار مطالعہ کیا، اس قدر دلی کاوش سے شکر گذار ہوں۔ آپ نے جمعہ کے اذان عام ہونے پر نظر ثانی کی ضرورت بتلائی ہے اس کا بھی ممنون ہوں مگر بحوالی فتویٰ خدا نے فضل سے صحیح ہے اصلاح کا محتاج نہیں۔ فالحمد للہ علی ذلک۔

علامہ شامی رحمہ اللہ کی توجیہ اگر اس (دوسری جگہ) کو ان شرائط کے خلاف ہے دوسری جگہ یا دوسری مسجد میں جمعہ نہ ہوتا ہو اذان عام شرط نہ ہونے شرط نہیں ہے ان کی یہ تحقیق مجروح مطہم ہوتی ہے۔ اذان عام شرط علی الاطلاق ہے اور یہی مشہور شرع کے مطابق ہے۔ نماز جمعہ کے خصوص اور منظم باشان عبادت ہے شعائر اللہ اور شعائر دین میں سے ہے اس کو دوسری جگہوں پر ادا کیا جائے تو نماز جمعہ کی جو خصوصیات ہیں اس کے مطابق ادا کی جائے تو صحیح ہوگی ورنہ ظہر ہوگی۔ ایک خصوصیت یہ ہے کہ جمعہ (جس جگہ بھی ادا ہو) میں ادا کی جائے جمعہ ادا کی اس کے شایان شان نہیں اس لئے چھوٹے گاؤں میں ادا کی گئی تو صحیح نہ ہوگی۔

(۲) بادشاہ اسلام (یا اس کے نائب کی) شرط ہے بلا اجازت ادا کی گئی تو صحیح نہ ہوگی ظہر ادا کرنا لازم ہے۔

(۳) وقت ظہر میں ادا کی جائے، وقت نکل جانے کے بعد ادا کی گئی تو صحیح نہ ہوگی ظہر ادا کرنا لازم ہے۔

(۴) خطبہ شرط ہے بلا خطبہ ادا کی گئی تو صحیح نہ ہوگی۔

(۵) جماعت شرط ہے، باجماعت ادا کرنا اس کے شایان شان نہیں ہے اس لئے صحیح نہ ہوگی۔

(۶) اذن عام شرط ہے یعنی علی الاعلان اور علی سبیل اشتہار ادا کی جائے، چھپ کر ادا کرنا اس کے شایان شان نہیں اس لئے ادا نہ ہوگی ظہر ادا کی جائے۔ اذن عام کے نہ ہونے کو اس لئے شرط قرار دیا ہے کہ اس کے بغیر جمعہ صحیح نہیں ہوتا اس لئے اذن عام کا فقدان ہے کسی نے یہ نہیں کہا کہ شہر میں دوسری جگہ جمعہ نہیں ہوتا اس لئے جمعہ خاص میں جمعہ صحیح نہیں ایسا نہیں چلا جمعہ نہ ہونا اس شہر میں جو نہیں ہوتا ہے اور مشہور ہے اذن عام شرط مطلق ہے دوسری جگہ جمعہ ہوتا ہو یا نہ ہوتا ہو۔ حضرت عارف باللہ مفتی عزیز الرحمن صاحب رحمہ اللہ کا فتویٰ ان کے دوسرے فتاوے سے ثابت ہے۔ ملاحظہ ہو

(سوال ۲۲۲) ایک قلعہ میں آبادی نہیں ہے نہ عام اجازت نہیں ہے اس لئے کہا جاتا ہے کہ اس قلعہ میں جمعہ جائز نہیں ہے باہر جاتا ہے جہاں عام لوگ شریک ہو جائیں۔

(الجواب) اذن عام سے تنگ صحت جمعہ کے لئے شرط ہے پس جب کہ اس قلعہ میں عام نمازیوں کو اجازت نہیں ہے تو وہاں جمعہ صحیح نہ ہوگا۔ کذا فی الدر المختار الشامی وغیرہا (فتاویٰ دار العلوم دیوبند مکمل ج ۵ ص ۹۰)

یہ فتویٰ فتاویٰ رحیمیہ کے متن مطابق ہے، حضرت مفتی عزیز الرحمٰن صاحب کے زمانہ میں قلعہ دہلی میں جمعہ کا رواج تھا، پھر آپ نے ایسا فتویٰ کیوں دیا؟

مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب قدس سرہٗ تعلیم الاسلام میں لکھتے ہیں "پانچویں شرط اذن عام ہے، اذن عام سے مفتی اجازت کے ہیں، اذن سے مطلب یہ ہے کہ سب کو اجازت ہو، جو چاہے آکر نماز میں شریک ہو سکے، ایسی جگہ جمعہ کی نماز صحیح نہیں ہوتی کہ وہاں خاص لوگ آسکتے ہوں اور ہر شخص کو آنے کی اجازت نہ ہو (تعلیم الاسلام ص ۳۷ حصہ چہارم) حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ کو معلوم تھا کہ دہلی وغیرہ تمام شہروں میں متعدد جگہ جمعہ ہوتا ہے، اس کے باوجود آپ نے مطلق فتویٰ دیا دوسری جگہ جمعہ ہونے کی قید نہیں لگائی اور یہی صحیح ہے۔

اہل اہل سنت والجماعت حضرت مولانا عبد الشکور صاحب قدس سرہٗ نے بھی دوسری جگہ نماز نہ ہونے کی قید نہیں لگائی۔ فرماتے ہیں "عام اجازت کے ساتھ علی الاشتہار نماز جمعہ کا پڑھنا کسی خاص مقام میں چھپ کر نماز جمعہ پڑھنا درست نہیں (علم الفقہ ج ۳ ص ۱۱۲)

اس میں بھی دوسری جگہ جمعہ نہ ہونے کی قید نہیں ہے، اور مولانا کے زمانہ میں بھی متعدد جمعہ کا رواج تھا۔

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہٗ نے بھی اس کو اختیار فرمایا ہے، ملاحظہ ہو "عام اجازت کے ساتھ علی الاشتہار نماز جمعہ کا پڑھنا" پس کسی خاص مقام میں چھپ کر نماز جمعہ پڑھنا درست نہیں، اگر کسی ایسے مقام میں نماز جمعہ پڑھی جائے جہاں عام لوگوں کو آنے کی اجازت نہ ہو یا جمعہ کے روز مسجد کے دروازے بند کر دیئے جائیں تو نماز نہ ہوگی۔ (بہشتی گوہر ص ۵۳) حضرت قدس سرہٗ کے زمانہ میں بھی متعدد جمعہ کا عام دستور تھا۔

شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنی قدس سرہٗ نے بھی اس کو اختیار فرمایا ہے، ملاحظہ ہو "حسب قواعد شرعیہ جیل میں اجازت عامہ نہ ہونے کی وجہ سے جمعہ کی نماز واجب نہیں۔ (مکتوبات شیخ الاسلام ج ۱ ص ۳۰۸)

حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب قدس سرہٗ (سابق شیخ الحدیث و صدر مفتی مدرسہ امینیہ دہلی) اور قاسم فرماتے ہیں "جمعہ قائم کرنا اسلامی شعار ہے اس کو اعلان اور شہرت کے ساتھ قائم کرنا چاہئے، چنانچہ خود سلطان وقت اپنے محل کے دروازے بند کر کے جمعہ کی نماز پڑھنا چاہے تو درست نہیں۔ ہاں اگر اذن عام ہو تو جائز ہو جائے گی (فلاح) اسی بنا پر جیل خانہ میں بھی جمعہ جائز نہیں (نور الایضاح ترجمہ نور الایضاح ص ۱۲۵)

نیز ارقام فرماتے ہیں۔ پانچویں شرط۔ اذن عام۔ یعنی ایسی جگہ جہاں پہنچنے کی سب کو اجازت ہو، جو چاہے نماز میں آکر شریک ہو سکے، اور خاص لوگ آسکتے ہیں، ہر شخص کو آنے کی اجازت نہ ہو وہاں نماز جمعہ صحیح نہیں ہے جیل خانہ میں قیدیوں پر نماز جمعہ واجب نہیں ہے اور اگر پڑھیں تو جیل خانہ میں نماز جمعہ صحیح بھی نہ ہوگی۔ (حاشیہ)

حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے امداد الفتاویٰ میں تحریر فرماتے ہیں۔

(الجواب) جب اذن عام ہو تو درست ہے ورنہ باہر نکل کر میدان میں پڑھ لیں (امداد الفتاویٰ ج ۱ ص ۳۸۳ باب صلوٰۃ الجمعہ مطبوعہ کراچی)

والاذن العام هنا الشرط الذي يذكر في الهداية ولا اثر له في ظاهر الرواية وانما هو مذكور في النوادر ومبني عليه اصحاب المتون واستنبط ذلك من قوله تعالى يا ايها الذين امنوا اذا نودي للصلاة من يوم الجمعة فاسعوا الى ذكر الله . فان النداء للاشتهار وفيه نظر لا يخفى. معنى الاذن العام ان لا يمنع احداً ممن يصح منه الجمعة في دخول الموضع الذي يصلي في الجمعة وهو يحصل بفتح ابواب الجامع فلو دخل امير حصناً او قصراً واغلق بابه وصلى مع اصحابه لم تصح كذا في الكافي وغيره (عمدة الرعاية في حل شرح الوقاية باب صلوة الجمعة)

السادس الاذن العام حتى لو ان السلطان او الامير اذا اغلق باب قصره وصلى فيه بحشمه لا تجوز حشمته وان فتحه واذن للناس بالدخول جازت سواء دخلوا او لا وذلك لما مر من غير مرة انها شرعت بخصوصيات لا تجوز بدونها والاذن العام والاداء على سبيل الشهرة من جملة تلك الخصوصيات فلا تجوز بدونه (فصل في صلوة الجمعة كبيري ص ٥١٨)

والسادس من تلك الشروط الاذن العام وهو ان يفتح باب الجامع ويؤذن للناس حتى لو اجتمعوا في الجامع واغلقوا ابوابه وصلوا فيه الجمعة لا يجوز وكذا السلطان لو اغلق باب قصره وصلى فيه بحشمه لا تجوز لانها من شعائر الاسلام وخصائص الدين فلا بد من اقامتها على طريق الاشتهار وان فتح باب قصره واذن للناس بالدخول فيه يجوز سواء دخلوا او لا لكن بكره لمنع قضاء حق المسجد الجامع ومجالس الابرار ص ٥٩٥ و ص ٥٩٦ مجالس سمرقند ٣٩)

ومنها الاذن العام حتى لو غلق الامام باب حشمته وصلى مع رفقته لم يجز في فتح القدير ان اغلق باب المدينة لم يجز وفيه تأمل فانه لا يأتي في الاذن العام لمن في البلدة ماذن خارج البلد فالظاهر انهم لا يجيئون لاقامة الجمعة من رتما يجيئون للفساد وهذا الشرط ايضاً لا يوجد في كتب الشافعية وجه قولنا ان مبنى الجمعة على الاشتهار لانه من شعائر الاسلام والمسلمين ولا اشتهار من دون الاذن فتأمل (الفصل في الجمعة رسائل الاركان ص ٢١٥ ، ص ٢١٦)

(قوله والاذن العام) اي شرط صحتها الاداء على سبيل الاشتهار الى قوله . وفي المحيط فان فتح باب قصره واذن للناس بالدخول جاز وبكره لانه لم يقض حق المسجد الجامع وعللوا بانها من شعائر الاسلام وخصائص الدين . فيجب اقامتها على سبيل الاشتهار الى قوله ولم يذكر هذا الشرط صاحب الهداية لانه غير مذكور في ظاهر الرواية وانما هو رواية النوادر كما في البنايع (البحر الرائق ج ٢ ص ٥٢ باب صلوة الجمعة)

ومنها الاذن العام وهو ان تفتح ابواب الجامع ليؤذن للناس كافة حتى ان جماعة لو اجتمعوا في الجامع واغلقوا ابواب المسجد وجمعوا لم يجز وكذا السلطان اذا اراد ان يجمع بحشمه في داره فان فتح باب الدار واذن اذناً عاماً جازت صلوته شهدها العامة او لم يشهد هكذا

فی السجل (فتاوی عالمگیری ج ۱ ص ۱۵ الباب السادس عشر فی صلاة الجمعة)

سنة فی غیر المصلی وهی المصر الجامع والسلطان والجماعة والخطبة والوقت والاظهار. السلطان اذا فتح باب قصره واذن للناس بالدخول فیه یجوز ویکره لانه صنیع حی الجامع کذا فی تبیین الحقائق (فتح المعین والسائل ص ۱۰۵ ایضاً)

قال رحمه الله ما ذکرنا من الشرائط الخمس فی غیر المصلی و من جملة ذلک الاذن العام یعنی الاذن علی سبیل الاشتهار حتی ان امیرالو اغلق ابواب الحصن وصلی فی داخله وعسکره صلوة الجمعة لا یجوز فی الجامع الصغیر لصدر الشهید هکذا فی خلاصة الفتاوی ج ۱ ص ۲۰۰ (قوله الاذن العام لانها من شعائر الاسلام وخصائص الدین فیجب اقامتها علی سبیل الاشتهار ذکره الشیخ (یس) واختار بالعام عن الاذن الخاص بجماعة فیه لا تصح اقامته (طحطاوی علی الدر المختار ج ۱ ص ۵۳۷ باب الجمعة)

شلبی (دن شاه) وغالا (بعمده م ص ۵۵)

وشرائط فی غیره المصر والجماعة والخطبة والسلطان والوقت والاذن العام حتی لو ان والیا اغلق باب بلد وجمع بحشمه وخدمه ومنع الناس عن الدخول لم تجز هذا من اشارة قوله تعالی نودی للصلوة فامه تشهیر الخ (فتح القدیر ج ۱ ص ۲۲ باب الجمعة)

ومنها ما هو فی غیره کما لمصر الجامع والسلطان والجماعة والخطبة والوقت والاظهار حتی ان الوالی لو اغلق باب القصر وجمع فیه بحشمه وخدمه ولم یأذن للناس بالدخول لم یجز (عنایة مع فتح القدیر ج ۱ ص ۲۲ ایضاً)

(الاذن العام) لانها من شعائر الاسلام فتؤدی بالشهرة بین الانام وهو یحصل بفتح باب الجامع او دار السلطان او القلعة ملاصقا بها وقد حررنه فی شرح المنور رفزر المستقی شرح الملتقی ص ۱۲۲ :)

قال فی مجمع الانهر ناقلا عن عیون المذاهب ولا یضر غلق باب القلعة لعدوا و عادة عندنا لان الاذن العام حاصل لا محه وغلق الباب لیس لمنع المصلی ولکن عند خلفه احسن (طحطاوی علی المراقی الفلاح ص ۳۹۱ ایضاً)

(والاذن العام) ای وشرط لا دائها الاذن العام لانها من شعائر الاسلام فیجب اقامتها علی سبیل الاشتهار بین الانام حتی لو اغلق الامیر باب قصره وصلی بعسکره لم یجزه ولو فتح باب قصره واذن بالدخول جازت مع الکراهة کذا ذکره الشمنی. وفی المبسوط اراد الاذن العام هو ان یفتح ابواب الجامع ویأذن للناس حتی لو اجتمعت جماعة فی الجامع واغلقوا ابواب لم تجز وکذا السلطان اذا اراد ان یصلی بحشمه فی قصره فان فتح بابه واذن للناس ادا عاها

جازت صلوته شهادتها العامة او لا وان لم يفتح بابه ويهيؤ ذن لهم بالدخول لانجوه لان اشتراط السلطان للمنع عن تفريقها على الناس واذا لا يحصل الا بالاذن العام وكما يحتاج العامة الى السلطان في اقامتها كذلك السلطان يحتاج اليهم ان يؤذن لهم اذنا عاما فيهد ايحصل الضرر من الجانبين (شرح نقايه ج ۱ ص ۲۲۵ باب الجمعه)

وذكر في النوادر شرطا آخر لم يذكره في ظاهر الرواية وهو اداء الجمعة بتحريمة الاشتهار حتى ان قصد الدخول جميع جيشه في الحصن واغلق الابواب وصلى بهم الجمعة لا تجزئهم كذا ذكر في النوادر وفي فتاوى قاضي السلطان اذا صلى في قهندزة والقوم مع المراء السلطان في المسجد الجامع قال ان فتح باب دارة واذن للعامة بالدخول في قهندزة جازو تكون الصلاة في موضعين وان لم يأذن للعامة وصلى مع جيشه لا تجوز صلوة السلطان وانما كان هذا شرطا لان الله تعالى شرع النداء لصلوة الجمعة بقوله يا ايها الذين آمنوا اذا نودي للصلوة من يوم الجمعة فاسعوا الى ذكر الله والنداء للاشتهار ولذا يسمى جمعة لاجتماع الجماعات فيها فاقتضى ان تكون الجماعات كلها مأذونين بالحضور اذ عاما تحقيقا لمعنى الاسم (بدائع الصنائع ج ۱ ص ۲۶۹ فصل في بيان شرائط الجمعة)

ان تمام عبارتوں میں اس کی تصریح ہے کہ اگر بادشاہ اپنے محل اور قلعہ میں نماز جمعہ پڑھے تو صحت جمعہ کے لئے اذن عام ضروری ہے ظاہر ہے کہ اس شہر کی جامع مسجد میں نماز جمعہ ہوتی ہی ہوگی مگر اس کے بالمقابل قلعہ میں اقامت جمعہ کے لئے اذن عام کی شرط ہے اور مرجع اذن عام کی صورت میں تو تکون الصلوة في موضعين کی تصریح ہے اور سائل کا مکان وغیرہ میں ان مسئلہ الجمعة معنى الاشتهار کی صراحت سے بایں تو جیہ عمل ہونا جائز ہونا چاہئے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

مسافر اور نماز جمعہ:

(سوال ۵۰) کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ ہم لوگ شہری ہیں مسجد میں نماز جمعہ پڑھتے ہیں یہاں ہستی کا ایک شخص بھی مسجد میں کبھی کبھی آتا ہے یہ شخص جو مسافر شرعی ہیں بسر پڑھیں تو ہمارے نماز ان کی نماز سے ساقط ہوئی یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) ان کا جمعہ صحیح ہوجائے گا اور نماز ظہر ان سے ساقط ہوجائے گی ہاں ہستی والوں کو جماعت میں ہے مطلب یہ ہے کہ ان پر نماز جمعہ کا پڑھنا واجب تھا جب کسی نے پڑھ لیا ساقط ہوگیا جمعہ صحیح ہوا شرح (ص ۵۶ فصل ۱۲) واللہ اعلم۔

ہستیوں سوکی بستی ہے وہاں جمعہ صحیح ہے یا نہیں؟:

(سوال ۵۱) ایک دیہات کی آبادی نہیں سو ہے قصبہ پانچ میل دوری پر ہے تو ایسی بستی میں جمعہ کی نماز جائز ہے یا ناجائز؟

(الجواب) آپ کی بستی شہر یا قصبہ ہو یا قصبہ نما دیہات ہو جہاں پر اکثر لوگوں کی ضروریات پوری ہوتی ہے مثلاً وہاں پر کپڑے کے تاجر ضرورت کے پورے ہوتے ہیں اور خورد و نوش کا سامان اور کپڑا وغیرہ وافر ملتا ہو تو جمعہ صحیح ہوتا ورنہ جمعہ پڑھنے کی اجازت نہیں اگر پڑھا جائے تو ظہر کا اعادہ لازم ہوگا۔ واللہ اعلم بالصواب۔ رسائل الارکان میں ہے اگر اطلم رقاء فرماتے ہیں قال الحلبی نقل المقدسی فی مذهب النوازل الصغری و الکبری مطلع الاسرار ایں قدس سرہ یعنی بان المصر موضع یندفع فیہ حاجة الانسان بالشراء من الاکثر سان یکون حانوت من یبیع جمیعها و لکثیرة الشروبة و ان یکون حاکم اهل حرف یحتاج الیهم کثیراً و لا اری هذا کان علی اجتهاده قدس سرہ او وجد روایة واللہ اعلم (ص ۱۱۴ فصل فی الجمعة) فقط واللہ اعلم بالصواب

مسافر جمعہ کی نماز پڑھا سکتا ہے یا نہیں؟

(سوال ۴۵۰) مسافر جمعہ کی نماز پڑھا سکتا ہے یا نہیں؟ اگر پڑھا سکتا ہے تو اس بارے میں اختلاف ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

(الجواب) مسافر جمعہ کی نماز پڑھا سکتا ہے اور پڑھ بھی سکتا ہے درمختار میں ہے۔ ومصلح للامة فیه (ای فی الجمعة) ای صلح لغیرها فجازت لمسافر و عبد و مریض الخ (درمختار مع الشامی ج ۱ ص ۶۴ ۔ باب الجمعة) نیز اس میں ہے ان المسافر لما لزم الجمعة صارت واجبة علیه ولذا صحت امامته فیها (شامی ج ۱ ص ۶۷ ۔ باب الجمعة) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

خبر اذان اول کے بعد کاروبار کرنا خبر ساعت ادا کرنے سے پہلے دنیوی کام کرنا:

(سوال ۴۵۱) اس علاقہ میں عام طور پر یہ طریق ہے کہ جمعہ کی اذان اول کے بعد ہی لوگ اپنے کاروبار میں مشغول ہو جاتے ہیں اور خطبہ کے وقت تک یہ مشغولیت جاری رہتی ہے اذان ثانی کے بعد ہی اپنے کاروبار چھوڑتے ہیں اور جمعہ کے لئے مسجد میں آتے ہیں اس طرح جمعہ کی نماز کے لئے وقت بہت کم رہ جاتا ہے اور کاروبار میں مشغول ہو جانے کی وجہ سے بہت سے لوگ نہیں پہنچ سکتے ہیں اور بعض اوقات جمعہ کی نماز کے بعد ہی کاروبار میں مشغول ہوتے ہیں اس طرح جمعہ کی فضیلت سے محروم رہتے ہیں ان کا ایسا کرنا جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

(الجواب) جمعہ کی پہلی اذان منبر کے سامنے دینا اور بعد کے لئے مسجد کے باہر چلا جانا درست نہیں ہے روایات میں ہے (وجاز بین یدیه و ترک الخ) (وتوضع السنن وابی المسجد اعظم وزر الا ان الاول) فی الاصح (درمختار بقوله وفی المسجد او علی بابه بجر (درمختار مع شامی ج ۱ ص ۷۷۰ باب الجمعة) اذا جلد (درمختار) اس سے معلوم ہوا کہ جمعہ کی اذان مسجد کے اندر ہی کام میں مشغول ہونا درست نہیں تاخیر کرنا بھی درست نہیں یہ بات مختصر قوت خریدار کے لئے کاروبار میں مشغول نہ ہوتے ہیں۔ لیکن کاتب السنة الا یقطر الیه من السلام ابح قال الحلوانی لا باس بالخصر مالا و لادوا عتاده الکمال (درمختار مع الشامی ج ۱ ص ۶۹۲ باب تالیف الصلوة) فقط واللہ اعلم بالصواب ۸ ذی قعدہ ۱۳۹۹ھ

ویران عیدگاہ کو آباد کرنا اور بوقت توسیع محراب ومنبر توڑ کر وسط میں بنانا:

(سوال ۵۴) از سورت بندر مختی سب دلامت مرکاہم۔ بعد سلام مسنون! گذارش یہ ہے کہ ہمارے شہر میں ایک قدیم اور پرانی عیدگاہ ہے لیکن کئی سال سے اس کے اطراف وجوانب کا حصہ غیروں کے قبضہ میں چلا گیا تھا اور عیدگاہ ناقابل انتفاع ہوتی تھی، اتنا ہی نہیں بلکہ عیدگاہ میں شراب نوشی اور جوے کا اڈا بن چکا تھا اور پیشاب یا خانہ سے ملوث رہتی تھی، عیدگاہ کے قریب رہنے والے چند نوجوانوں نے اس چیز کو محسوس کیا اور بڑی جدوجہد کے بعد پکی دیوار بنوائی اور غیروں کا قبضہ ختم کرنے میں کامیابی حاصل کی۔ فالحمد للہ علی ذلک۔ عیدگاہ کی توسیع کی وجہ سے محراب اور منبر کو اپنی اصلی جگہ سے ہٹا کر درمیان میں لانے میں کوئی قباحت تو نہیں ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) عیدگاہ میں امام کے کھڑے ہونے کی جگہ اور محراب بالکل وسط اور درمیان میں ہونا ضروری ہے تاکہ دونوں طرف صفیں برابر ہوں، ایک طرف بڑھ جانا باعث کراہت ہے لہذا محراب بالکل درمیان میں بنالی جائے اور منبر بھی محراب کے قریب ہونا چاہئے، اس کا ایسا کرنے میں کوئی قباحت نہیں ہے۔

حیرین کی نماز شہر کی عیدگاہ میں ہوا کرتی ہے، (۱) سورت بڑا شہر ہے عیدگاہ کا کما حقہ انتظام نہ ہونے کی وجہ سے شہر کی تقریباً تمام چھوٹی بڑی مسجدوں میں عید کی نماز پڑھی جاتی ہے اور لوگوں کو واپس جانا پڑتا ہے، اس لئے سورت میں شہر کے مناسب عیدگاہ کا انتظام ضروری ہے، یہ قدیم عیدگاہ مسلمانوں کی غفلت کی بنا پر کافی حد تک ویران ہوگئی تھی اور اس کا کافی حصہ ناجائز قبضہ کے نذر ہو گیا تھا اور جہاں پر ہر سال مسلمانوں نے نماز پڑھی ہے، لاکھوں مجمعے ہوئے ہیں انہیں کو وہاں شراب نوشی اور قمار بازی کی اڈے بن گئے اور بدبودار پیشاب یا خانہ کی گندگی ہوتی رہی جو اس شہر کے لئے موجب وبال ہے۔

اللہ کے کچھ نیک بندوں کو اس کا احساس ہوا انہوں نے اس جگہ کو ناجائز قبضہ سے چھڑایا اور گندگی سے پاک صاف کیا اور عیدگاہ کی توسیع کی، یہ حضرات بڑی واواقع مبارک ہادی کے مستحق ہیں، مسلمانوں کو لازم ہے کہ ان کا ہاتھ بٹائیں اور ان کا پورا تعاون کریں اور اس قدیم عیدگاہ کو آباد کرنے میں جدوجہد کریں، جو لوگ اس کار خیر میں دامے، درمے قدمے، سخنے حصہ لیں گے دونت زندہ کرنے کی بنا پر انشاء اللہ عند الشہیدوں کے اجر وثواب کے مستحق ہوں گے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔ ۲۰ ذی قعدہ ۱۳۹۹ھ۔

چھوٹی مسجد میں جمعہ قائم کرنا:

(سوال ۵۵) سورت کے ایک محلہ میں ایک مسجد ویران تھی، تقریباً پانچ مہینے ہوئے اس کی مرمت کر کے آبادی کی گئی ہے، مسجد کے قریب ایک بھی مسلمان کا گھر نہیں ہے، دوسرے محلوں سے لوگ اس میں نماز پڑھنے کے لئے آتے ہیں، مسجد بہت چھوٹی ہے تقریباً پندرہ بیس آدمی نماز پڑھ سکتے ہیں، بعض لوگوں کا خیال ہے کہ یہاں جمعہ کی نماز بھی

(۱) قال فی الدر المختار: انما سن علی المعتمد لکون قبلۃ الامام لایکون الا بعد وسط الصف کما فی الشامی (شامی مکرر هند الصلاح، ج ۱، ص ۹۰۳)

(۲) والخروج فیها ای الجبانة للصلاة العید سواء فی مسجد الجمع هو الصحیح (درمختار مع الشامی باب العیدین ج ۱ ص ۸۰۳)

جو رہ جائے گا مسجد مکمل ہو جائے گی یہاں معجزہ کی کیا بات ہے؟ یہ تو معجزہ ہے۔

(۱) قسطنطنیہ کا بادشاہ بہت ہی چھوٹا ہے اس کی آبادی کے لئے اتنا کافی ہے کہ ہفتہ وار اجتماع ہوتا رہے اقامت جمعہ پر مسجدیں آباد ہونا موقوف نہیں ہے اقامت جمعہ شعائر اسلام میں سے ہے اس کا مقصد اظہار یہ شعائر دین کا ہے یہ مقصد تھوڑے سے آدمیوں سے بھی حاصل ہو سکتا ہے کہ جمعہ عظیم اجتماع جماعت کے ساتھ ادا کیا جائے۔ ملے جلے چھوٹی چھوٹی مسجدوں میں چھوٹی چھوٹی جماعت سے ہمیشہ ادا کرنے میں اقامت جمعہ کا مقصد فوت ہو جاتا ہے دوسری مسجدوں پر بھی اس کا اثر پڑے گا۔ والعامة الجمعة من احکام الدین فلا یجوز القول بما یؤدی الی تقلیلها (مبسوط سرخسی ج ۱ ص ۱۲۱ باب الجمعة) ابتدا اس بحث میں جمعہ قائم کرنے کی جو رخصت دی ہے اس کا علم یا اسباب۔

نماز جمعہ کی فضیلت اور کاروبار بند کرنا:

(سوال ۲۵۱) جمعہ کے دن ہم لوگ نماز جمعہ سے پہلے دوکان بند کر دیتے ہیں بعض کس وقت دوکان بند کرنا چاہئے آج کل زوال ۱۲ بجے ہوتا ہے اور اس ایک بجے ہوتا ہے اور ظہر کا وقت ۱ بجے سے شروع ہوتا ہے فقط۔ المرقوم ۱۰ محرم۔

(الجواب) حامداً و مصلیاً جمعہ کے دن کی اور جمعہ کی نماز کی بہت سی فضیلت بیان کی گئی ہے یہ عید کے دن کے مثل ہے بلکہ اس سے بھی افضل ہے لہٰذا اس دن کو اس طرح گزارنا چاہئے کہ جمعہ کی نماز کے لئے تیاری میں مشغول ہو جائے جلد غسل کرے جلد جائے پیدل جائے جلد جائے اور خوب توجہ سے سورۂ کہف پڑھے اور خشوع طاری رہے کہ ان سے پہلے ہی جا کر مسجد میں بیٹھ جائے اور خطبہ سنے۔ حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن سورۂ کہف پڑھتا ہے اس کے لئے ایک نور آسمان سے زمین تک روشن ہو جاتا ہے جو قیامت کے دن اس کو بہت کام دے گا اور جو شخص جمعہ کے دن سورۂ کہف پڑھتا ہے اس کے لئے دو نور روشن ہو جاتے ہیں

یعنی جہاں کے دو دیہات یا دو محلے جن کی نمازیوں کو (مکتوبہ ۱۲ تاریخ ۱۲ باب تکلیف والتعریف) کی نماز جمعہ سے فارغ ہو کر جماعت کھڑے ہونے کے بعد دکان کھولے، اس پر عمل کرنا اور جمعہ کی دوگانہ نماز (مکتوبہ ۱۲ تاریخ ۱۲ باب) کو ان دونوں سے اتنی دیر پہلے دکان بند کر دی جائے کہ مسجد کے موافق مکمل ہو جائے، لیکن مرغوب یہ ہے کہ ان دونوں کے وقت جامع مسجد پہنچ جائے۔ (وجوب۔ علی اہلہا وشرط الصحۃ) وہو مع السعی وفی المسجد اعظم وزد واللاثان لازل فی الاصح (درمختار مع الشامی ج ۱ ص ۷۷۰ باب الجمعۃ)

جمعہ کی اذان مکمل ہونے کے بعد مرغوب کے موافق نماز جمعہ جتنا اہتمام ہو سکے اس کے موافق ہدایات سے واقف ہونے کے بعد اللہ اعلم بالصواب۔

چھوٹے گاؤں میں جمعہ کی نماز کیوں صحیح نہیں؟

(سوال ۵۷) ہمارے گاؤں میں ۱۵۰ سے جمعہ کی اذان ہوتی تھی اور جمعہ کی حکومت کی وجہ سے بڑی تعداد میں اب جمعہ کی نماز پڑھتے تھے، آخر میں وجہ بتائی گئی کہ یہاں پر جمعہ ہونے کی وجہ سے جمعہ کی نماز پڑھنا ضروری ہے، اس لئے ہم لوگ بھی جمعہ میں شریک ہونے لگے تھے، ان لوگوں نے مسجد میں نماز پڑھنا اور اذان دینا بند کر دیا ہے، کیا ایسے لوگ جمعہ کی نماز کی مسجد میں آ کر نماز جمعہ کی نماز شروع کر دیں یا ان مقتدیوں سے جمعہ کی نماز پڑھنا جائز ہوگا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) ہر چیز کے لئے کچھ اصول و قواعد ہوتے ہیں جن اصول و قواعد کے موافق عمل کیا جائے تب ہی وہ عمل صحیح ہو، بے اصول صحیح اور قابل قبول نہیں ہوتا، مثلاً بالغ مرد یا بالغ عورت کا نکاح پڑھانا ضروری ہے، لیکن اگر کوئی نابالغ لڑکا یا نابالغ لڑکی نکاح خواں بن کر نکاح پڑھائے تو نکاح صحیح نہیں ہوگا، اسی طرح نماز جمعہ کے لئے بالغ ہونا شرط ہے، نابالغ لڑکا اگر امام بن کر جمعہ پڑھائے تو جمعہ صحیح نہیں ہوگا، اسی طرح جمعہ کے لئے جماعت کی صحت شرط ہے، جماعت کے لئے بالغ ہونا ضروری ہے، نابالغ لڑکا یا نابالغین کا امام بننا جماعت کے لئے بالغ ہونا شرط ہے، وقت سے پہلے نماز پڑھی جائے تو نماز صحیح نہیں ہوگی، اسی طرح ظہر کی ادائیگی کے لئے وقت ظہر ہونا اور عصر کی ادائیگی کے لئے وقت عصر ہونا شرط ہے، جمعہ میں مقررہ وقت ظہر ہی میں جمعہ کی نماز ادا کرنا ضروری ہے، وقت ظہر ختم ہو جانے کے بعد نماز جمعہ ادا نہیں ہوگی، اسی طرح جمعہ کی نماز کے لئے شہر یا قصبہ ہونا شرط ہے اس لئے چھوٹے گاؤں میں جہاں پر کاروبار کی اور ضروریات کی چیزیں نہ ہوں وہاں پر جمعہ نہیں ہوگا، اسی طرح نماز جمعہ کی صحت کے لئے شہر یا قصبہ ہونا شرط ہے اس لئے چھوٹے گاؤں میں جہاں عیدین جیسی اہم عبادت کو تعطیل شعائر سمجھ کر ترک کر دیتے ہیں ان کی جگہ ہے۔ (۱) دیکھئے صحیح مسلم عرفات شریف میں داخل نہیں ہوتے ہیں ان کے وہاں جمعہ کی نماز نہیں پڑھی جاتی حالانکہ وہاں جانچ ہوتے ہیں وہ سب ظہر پڑھتے ہیں، اسی طرح آگ کا گاؤں چھوٹا ہونے شہر یا قصبہ نہیں اس لئے جمعہ و عیدین کی نماز نہیں ہو سکتی، لوگوں کے نماز نہ پڑھنے کی وجہ سے ان پر سخت نہ جانے نماز کی اہمیت ان کے اندر پیدا ہو جائے تو اچھا، اللہ ظہر کی نماز بھی پڑھنا شروع کر دیں گے فقط واللہ اعلم بالصواب

نماز جمعہ کی جماعت دوبارہ کرنا

(سوال ۵۹) ایک مسجد میں نماز جمعہ ہو رہی ہے، مسجد سے ملحق ایک دکان جس کی دیوار مسجد سے ملی ہوئی ہے، اس دکان میں

(۱) قولہ وشرط دائما الخ اقول شرط صحتہا ان تؤدی فی مصر من لا تسع لی قریۃ ولا عبارۃ قول علی رضی اللہ عنہ لا جمعۃ ولا تشریق الا فی مصر جامع فقط ولا اعلم احدا من الائمۃ الاربعۃ قال بانہا تصح فی قریۃ (صحیحہ ابن خزیمۃ باب ذکر الخبر الذی یدل علی ان صلاۃ الجمعۃ الخ ج ۳ ص ۱۰۰)

سب ہی نماز جمعہ پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟

(الجواب) جس جگہ میں پہلے جمعہ نہ ہوتا ہو وہاں پہلے جمعہ کی نماز درست نہیں ہے۔ جن لوگوں نے نماز نہیں پڑھی وہ دوسری جگہ میں پڑھ لیں ورنہ ظہر کی نماز پڑھ لیں۔ واللہ اعلم۔ (امداد ج ۱ ص ۱۷۶) واللہ اعلم بالصواب

جمعہ کے دن زوال کے وقت نفل پڑھنا

(سوال ۱۵۹) جمعہ کے دن زوال کے وقت نفل پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟

(الجواب) جمعہ کے دن زوال کے وقت نماز پڑھنا مکروہ ہے۔ (علم الفقہ رسائل الارکان ص ۶۳) وقطع من اطلاقہ ترجیح جواز الامام یکرہ النافلۃ فی وقت الاستواء یوم الجمعۃ (الشامی ج ۱ ص ۴۷۳) آخری صلاۃ الجمعۃ فقط واللہ اعلم بالصواب

گاؤں میں مسجد نہیں ہے تو نماز جمعہ صحیح ہے یا نہیں:

(سوال ۱۶۰) گاؤں میں مسجد نہیں ہے جمعہ وعیدین کی نماز کھلے میدان میں ہوتی ہے بعض لوگ کہتے ہیں کہ جس جگہ میں جمعہ نہ ہوتا ہو اس جگہ میں نماز جمعہ صحیح نہیں اب اس گاؤں میں جمعہ وعیدین کی نماز صحیح ہے یا نہیں؟

(الجواب) جمعہ وعیدین کے لئے شہر اور قصبہ ہونا شرط ہے مسجد ہونا شرط نہیں اس طرح جنگل کا وقف ہوتا ہے مسجد نہیں ہوتا ہے مگر اس میں نماز پڑھنے سے ثواب مسجد کا ملتا ہے۔ (شامی ج ۱ ص ۴۷۳) اس گاؤں میں جمعہ وعیدین کی نماز صحیح ہے۔ (امداد ج ۱ ص ۱۷۶)

آپ لوگوں کو چاہئے کہ جمعہ وعیدین کی نماز کے لئے کوئی جگہ مقرر کریں اس کی صفائی رکھیں کوشش کریں کہ جماعت بڑھے کا انتظام کریں اور امامت کے لئے جس ایک دو کو مقرر کریں جو جمعہ وعیدین کی امامت کے لئے بھی شرط ہے کہ نام کے وہابی نہ ہوں۔ فقط واللہ اعلم۔

نماز جمعہ جہاں صحیح نہ ہو وہاں سے دوسری جگہ جانا کیسا ہے؟

(سوال ۱۶۱) جہاں نماز صحیح نہیں ہے وہاں سے ۱۲ کوس دوسری جگہ جانا کیسا ہے؟ کیا فتوی دینے والے امام پر ہے یا مقتدی کے لئے بھی ضروری ہے کہ جہاں صحیح نماز جمعہ پڑھی جاتی ہو وہاں جائے یا اپنے گاؤں میں ظہر پڑھ لے؟ بینوا توجروا

(الجواب) جس گاؤں میں نماز جمعہ صحیح نہیں ہوتی ہے وہاں جمعہ کے لئے جانا لازم نہیں ہے وہاں جانے پر ثواب کا حق ہوتا ہے۔ (امداد ج ۱ ص ۱۷۶) واللہ اعلم بالصواب

---

۱ وشرط صحتہا مصر او فناؤہ وہو ما اتصل بہ من بیوت ولو خلالا او رحبۃ او بناء لاہل المصر الخ وشرط لاقامتہا سلطان او نائبہ الخ وشرط لوجوبہا صحۃ ومصر الخ

۲ وشرط لصحتہا جماعۃ ولو مسبوقین الخ وشرط لوجوبہا ایضا اذن عام الخ وشرط لصحتہا ایضا خطبۃ الخ

ظہر و جمعہ کی سنت میں جماعت و خطبہ شروع ہو جائے

(سوال ۲۴) ظہر یا نماز جمعہ سے پہلے چار رکعات سنت کو پڑھتے ہوئے اس حالت میں ظہر کی جماعت یا جمعہ کا خطاب شروع ہو جائے تو سنت پوری کرے یا دو رکعت پر سلام پھیر دے؟

(الجواب) صورت مسئولہ میں دو رکعت پر سلام پھیر دے یہ چار رکعت مختصر قرأت وغیرہ کے ساتھ پڑھے (دونوں صورتوں میں یہ بات کہ دو رکعت پڑھتے ہیں اگر قعدہ نہ کرے شروع کر دی ہو تو اتمام کرے) باقی چار رکعت پوری پڑھے (شامی ج ۱ ص ۶۶۹ اور اس کے بعد تفریعات انتقاد اللہ اعلم۔

نماز جمعہ کے قعدہ میں شرکت:

(سوال ۲۵) جمعہ کی نماز میں کوئی شخص قعدہ اخیرہ میں شامل ہوا تو وہ رکعت پڑھے یا چار رکعت پوری کرے؟

(الجواب) دو رکعت جمعہ کی پڑھے۔ چار رکعت ظہر کی پڑھنے کی عادت نہیں۔ (نور الہدایہ ج ۳ ص ۲۹)

جمعہ و عیدین میں آہستہ آواز سے قرأت کا استعمال:

(سوال ۲۶) امام کا جہری نماز میں آہستہ آواز سے قرأت پڑھنا جمعہ اور عیدین کا خطبہ آہستہ پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

(الجواب) بعض علماء نے اس کو جائز لکھا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ آواز کی تحقیق نہیں کی ان کے نزدیک امام کی آواز مقتدی تک پہنچ جاتی ہے۔ اگر یہ صورت ہے تو علماء کے نزدیک اقتداء درست اور قرأت صحیح ہے فاعتبروا یا اولی الابصار

میں سے محتاط اور محققین علماء اس میں خرابیاں زیادہ ہونے اور نفع سے زیادہ نقصان کا پہلو غالب ہونے کی وجہ سے نماز میں اس کے استعمال کی اجازت نہیں دیتے اور یہی مناسب ہے اور اسی میں سلف صالحین کی کامل اتباع ہے لہٰذا سلف صالحین کے سادہ محتاط اور بابرکت طریقہ کو چھوڑ کر نماز جیسی افضل العبادات اور دین کے اہم شعار کو ایسے مخدوش اور اختلافی طریقہ کے ذریعہ ادا کرنا ہرگز مناسب نہیں اس کے استعمال پر اصرار کرنا غلطی ہے خطبہ میں بھی اس کا استعمال خطبہ کے شایان شان نہیں۔ اگر خطبہ اور قرأت کی آواز حاضرین تک پہنچ جاتی ہے تو کسی عالم کو بھی اس سے اختلاف نہیں ہے کہ اس صورت میں لاؤڈ اسپیکر کا استعمال جائز نہیں ہے۔ فقط واللہ اعلم۔ دور حاضر کے فتاوی ملاحظہ فرمائیے ذیل میں منقول ہیں۔

(۱) الجواب (ص ۱۳۷) یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے بعض علماء اس کو فاسد کہتے ہیں اور بعض درست کہتے ہیں احوط یہی ہے کہ اس کو نماز میں ہرگز استعمال نہ کیا جائے۔

سعید احمد مفتی مظاہر العلوم (سہارنپور، کانپور ۱۳۷۹ھ)

(۲) مولانا مفتی محمود حسن صاحب گنگوہی۔ لاؤڈ اسپیکر کو نماز میں استعمال نہ کیا جائے امام کو چاہئے کہ اس کو روک دے۔ (ماہنامہ نظام کانپور۔ ذی الحجہ ۱۳۷۹ھ مطابق ۲ جون ۱۹۶۰ء)

(۳) مفتی مہدی حسن صاحب۔ الجواب۔ (ص ۳۲۹) جہاں تک احتیاط کا تقاضا ہے پرانے طریقے پر نماز پڑھی اور پڑھائی جائے۔ لاؤڈ اسپیکر نماز میں استعمال نہ کیا جائے اختلاف بھی ہے۔ ایک جماعت نادرست کہتی ہے اور ایک جائز کہتی ہے۔ اس لئے بہتر یہی معلوم ہوتا ہے کہ نماز جیسی اہم عبادت کو اس طریقہ سے ادا کیا جائے کہ ہر مکتب خیال کے علماء کے نزدیک نماز صحیح اور درست ہو جائے اور جب مجمع زیادہ ہو تو پرانے طریقے کے بموجب مکبرین کے ذریعہ تکبیرات امام مقتدیوں کو پہنچانی چاہئیں۔ (حضرت مفتی مہدی حسن صاحب دار العلوم دیوبند ۲۳ ذی الحجہ ۱۳۷۹ھ)

نماز جمعہ کی مسنون قرأت:

(سوال ۲۷) ہمارے یہاں امام صاحب نماز جمعہ کی پہلی رکعت میں سورۂ جمعہ کا پہلا رکوع اور دوسری رکعت میں دوسرا رکوع پڑھتے ہیں اور اس کو سنت طریقہ قرار دیتے ہیں تو کیا اس طرح قرأت کرنے سے سنت ادا ہوگی؟

(الجواب) کتابوں سے پتا ہے جمعہ کی رکعت اولیٰ میں سورۂ اعلیٰ اور ثانیہ میں سورۂ غاشیہ پڑھنا سنت ہے۔ اسی طرح کبھی کبھی جمعہ کی رکعت اولیٰ میں سورۂ جمعہ اور رکعت ثانیہ میں سورۂ منافقون پڑھنا بھی مسنون ہے۔ لیکن جمعہ کی دونوں رکعتوں میں صرف سورۂ جمعہ پڑھنا (یعنی پہلی رکعت میں سورۂ جمعہ کا پہلا رکوع اور دوسری رکعت میں دوسرا رکوع پڑھنا) جیسا کہ آپ کی امام صاحب کرتے ہیں، اس کو مسنون طریقہ سمجھا جاتا ہے۔ صحیح نہیں ہے۔ اسی طرح جمعہ کی رکعت اولیٰ میں سورۂ جمعہ کا آخری رکوع اور ثانیہ میں سورۂ منافقون کا آخری رکوع پڑھنے کو سنت کی ادائیگی کے لئے کافی سمجھا جاتا ہے۔ یہ بھی غلط ہے۔ "زاد المعاد" میں ہے۔ ولا یستحب ان یقصر من کل سورۃ بعضھا او یقرأ احد ھما فی الرکعتین فانہ خلاف السنۃ وجھال الائمۃ یداومون علی ذلک۔ یعنی یہ طریقہ سنت اور مستحب

نہیں ہے کہ سورۂ جمعہ یا سورۂ منافقون کا کچھ کچھ حصہ پڑھا جائے یا ایک سورت میں دونوں رکعتیں پڑھی جائیں (جیسا کہ دریافت کیا گیا ہے) یہ طریقہ خلاف سنت ہے۔ جاہل اماموں نے سنت سمجھ کر اس طور پر پڑھنے کی عادت بنالی ہے اسی کی پابندی کرتے ہیں (ص ۱۰۴ ج ۱) واللہ اعلم بالصواب۔

نماز جمعہ اور جمعہ کی فجر میں کونسی سورۃ پڑھنا مسنون ہے؟:

(سوال ۶۸) نماز جمعہ اور جمعہ کی فجر کی نماز میں کوئی خاص سورت یا آیات پڑھنا سنت ہے؟ اور جمعہ کے دن نماز فجر میں سورۂ سجدہ پڑھنا سنت ہے؟ بحوالہ کتب جواب عنایت فرمائیں؟

(الجواب) آنحضرت ﷺ اکثر و بیشتر فجر کی سنت کی پہلی رکعت میں سورۂ کافرون اور دوسری رکعت میں سورۂ اخلاص تلاوت فرماتے تھے۔ وتر کی پہلی رکعت میں کبھی ہے گا ہے سورۂ اعلیٰ اور دوسری میں سورۂ کافرون اور تیسری میں سورۂ اخلاص تلاوت فرماتے تھے اور کبھی سورۂ اخلاص کے ساتھ معوذتین بھی پڑھنا ثابت ہے۔ اسی طرح جمعہ کی پہلی رکعت میں سورۂ جمعہ اور دوسری میں سورۂ منافقون اور کبھی پہلی رکعت میں سورۂ اعلیٰ اور دوسری میں سورۂ غاشیہ تلاوت فرماتے تھے اور جمعہ کے دن نماز فجر کی پہلی رکعت میں سورۂ سجدہ اور دوسری میں سورۂ دھر تلاوت فرماتے تھے۔ لہٰذا اسی طرح کبھے کبھی پڑھنا مسنون اور مستحب ہے۔ سنت مؤکدہ نہیں ہے۔ لہٰذا اس پر مداومت نہ کرے کہ عوام اس کو واجب اور سنت مؤکدہ سمجھ لیں۔ "درمختار" میں ہے۔ ویکرہ التعیین کالسجدۃ وھل اتی الفجر کل جمعۃ بل یندب فرأتھما احیاناً۔ یعنی خاص سورتوں کو مقرر کر لینا جیسے یہ مقرر کر لینا کہ جمعہ کے دن صبح کی نماز میں سورۂ سجدہ اور سورۂ ھل اتی (سورۂ دھر) کو پڑھے یہ مکروہ ہے۔ مستحب یہ ہے کہ کبھی کبھی ان کو بھی پڑھ لیا کرے "شامی" میں ہے فیستحب ان یقرء ذلک احیاناً تبعاً لما فعلہ ﷺ۔ نمازوں میں آنحضرت ﷺ سے جو سورتیں پڑھنی ثابت ہیں کبھی کبھی ان کو پڑھنا اور ثواب کی نیت سے ان کا پڑھنا مستحب ہے۔ (ص ۵۰۶ ج ۱ فصل فی القراءۃ)

کیا بمبئی کی گودی میں کھڑے ہوئے جہاز میں جمعہ کی نماز پڑھی جاسکتی ہے؟:

(سوال ۶۹) مفتی صاحب ہم سب گذشتہ کل جمعرات کو جہاز میں سوار ہوئے ہیں اور آج جمعہ کا دن ہے۔ اب ہمارے ساتھ بمبئی کے کئی حجاج ہیں اور جہاز ابھی بمبئی میں گودی (گودی) میں ہے تو یہ لوگ جمعہ ادا کریں یا ظہر؟ اسی طرح قصر کریں یا پوری ادا کریں؟

(الجواب) جہاز جب تک بمبئی گودی میں کھڑا ہے اس وقت تک بمبئی والے نماز پوری ادا کریں۔ یہ لوگ ابھی اپنے وطن کی حد (حاطہ) میں ہیں جس میں ہر محلہ میں مسافر ہیں۔[1] البتہ ان پر جمعہ کی نماز نہیں کہ جمعہ کے لئے "اذن عام" ضروری ہے۔ جب جہاز والے شہر میں نہیں جاسکتے اور شہر والے جہاز میں نہیں آسکتے تو "اذن عام" کی شرط مفقود ہے اس لئے جمعہ کی نماز ان پر لازم نہیں۔ جیسے اپنے شہر کے جیل خانہ میں جو قیدی ہیں ان پر جمعہ کی نماز لازم نہیں کیونکہ جیل خانہ میں جانے کی عام اجازت نہیں ہے وہ ظہر کی نماز علیحدہ جماعت سے پڑھیں گے۔ اسی طرح بمبئی کے حجاج بھی ظہر کی

---

[1] وفی شرح المنیۃ لابد ان یکون بین المصر والموضع الذی فیہ الجمعۃ اقل من میل وھذا اذا لم یکن فی الموضع الذی فیہ الجمعۃ اکثر من اربعین رجلا ممن تلزمھم الجمعۃ وھذا اذا لم یکن فی حکم المصر۔ شامی باب صلاۃ المسافر۔

نماز علیحدہ علیحدہ پڑھیں جماعت نہ کریں۔ کیونکہ ایک کو دوسروں کے لئے شریعت میں نفل کی جماعت کرنا مکروہ ہے۔ قولہ: تحریمۃ للمحذور و مسجور و مسافر اداء ظہر بجماعۃ فی مصر (الدر المختار فی شروط الجمعہ، ص ۷۲ ج ۱)

جمعہ کے دن بوقت استوا نماز کا حکم:

(سوال ۷۰) حضرت مفتی صاحب! بعد سلام مسنون فرزند سلمہ نے مدراس سے لکھا ہے کہ میں مظاہر حق پڑھتا ہوں، اس میں ایک حدیث پر بھی نے امام شافعی نے روایت کی ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے دوپہر سے وقت آفتاب ڈھلنے سے پہلے نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے۔ لیکن جمعہ کے دن (پڑھ سکتے ہیں) اور کہا قول قوی شافعی مسلک میں ہے کہ زوال کے وقت جمعہ کے دن نفل پڑھ سکتے ہیں۔ حضرت ابوحنیفہ کا قول ہے کہ کسی بھی ان زمانوں سے وقت مکروہ ہے۔ لیکن ایک کتاب دیکھا ہوں جس میں ہے کہ جمعہ کے دن زوال کے وقت نماز جائز ہے۔ اور یہی قول امام کرخی کا ہے۔ حضرت امام ابویوسف کا ہے۔ حضرت بابر نے بھی اسے روایت کیا ہے۔ اور کہا ہے کہ اسی پر فتویٰ ہے تم جمعہ کے دن سلوۃ التسبیح زوال کے وقت دیکھو کہ پڑھتے ہیں اب اس کی ضرورت نہیں ہے زوال کے وقت بھی ان زمانوں سے وقت نہیں ہے۔ یہ حضرت کا فتویٰ ہے (جمعہ کے علاوہ زوال کے وقت مکروہ ہے) اس مسئلہ میں آپ کیا فرماتے ہیں اور مجھے کیا کرنا چاہئے؟ (عبدہ، از مہسی)

(الجواب) تحیۃ و زیارت وقت ہے جب تک آفتاب ڈھل نہ جائے نماز پڑھنا منع اور مکروہ تحریمی ہے۔ حدیث میں ہے۔ عن عقبۃ بن عامر رضی اللہ عنہ یقول ثلاث ساعات کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ینھانا ان نصلی فیھن او نقبر فیھن موتانا حین تطلع الشمس بازغۃ حتی ترتفع و حین یقوم قائم الظھیرۃ حتی تمیل الشمس و حین تضیف الشمس للغروب حتی تغرب۔ یعنی حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ تین وقت ہیں کہ منع فرماتے تھے ہمیں رسول اللہ ﷺ ہم کو ان میں نماز پڑھنے سے یا ان میں اپنے مردوں کو دفن کریں (یعنی نماز جنازہ کی نماز پڑھیں) جس وقت آفتاب نکلنے لگے یہاں تک کہ وہ بلند ہو جائے جس وقت ٹھیک دوپہر ہو جائے یہاں تک کہ آفتاب ڈھل جائے اور جس وقت کہ آفتاب غروب ہونے لگے یہاں تک کہ غروب ہو جائے (صحیح مسلم باب الاوقات التی نھی عن الصلوٰۃ فیھا ص ۲۷۶ ج ۱) اس حدیث میں ممانعت کا تعلق ادا سے ہے اس میں جمعہ کے دن کا استثنا نہیں ہے۔ جس حدیث میں جمعہ کے دن کا استثنا ہے وہ یہ ہے۔ عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نھی عن الصلوٰۃ نصف النھار حتی تزول الا یوم الجمعۃ یعنی حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے منع فرمایا نماز پڑھنے سے دوپہر کے وقت یہاں تک کہ آفتاب ڈھل جائے مگر جمعہ کے دن (منع نہیں ہے) یہ جمعہ کے دن کے استثنا والی حدیث اس درجہ کی نہیں ہے کہ عموم والی حدیث کا مقابلہ کر سکے۔ کیونکہ یہ اس کے مقابلہ میں ضعیف ہے اگر برابر کی بھی مان لی جائے تو اصول حدیث کے موافق حدیث حرمت کو ترجیح ہوگی۔

"مسائل لا ارکان" میں ہے۔ وفی النھایۃ یکرہ المحرم علی السبیح و جاب الشیخ ان

الیہما بان ھذا بین الحدیثین معارضۃ فی الحدیث الذہبی والمحرم واسع عند المعارضۃ فضل فی الموافقت (ص ۲۲)

والجواب عنہ ان استثناء یوم الجمعۃ لم یرد فی حدیث صحیح وکل ماجاء فیہ ضعیف کما سیاتی وقال الحافظ فی التلخیص بعد ذکر الحدیث المذکور واسحق وابراہیم ضعیفان ورواہ البیہقی من طریق ابی خالد الاحمر عن عبدالملک بن ابی سلیمان عن سعید بن جبیر ورواہ الا ثرم مسندا فیہ ابوالمقدام وھو متروک ورواہ البیہقی مسندا ایضا فیہ عطاء بن عجلان وھو متروک الخ (اعلاء السنن ص ۴۳ ج ۸ کراھۃ الصلوٰۃ عند الاستواء)

یعنی حضرت امام شافعی اور امام ابوحنیفہ جن حدیثوں سے استدلال کرتے ہیں وہ ضعیف ہیں۔ ان کے راویوں میں اسحاق وابراہیم میں ضعف ہے۔ جن کی روایت میں راوی ہیں وہ متروک ہیں۔ دوسری روایت میں عطاء بن عجلان ہیں وہ بھی متروک ہیں۔

پس بالفرض دلیل اس کا قول امام ابوحنیفہ کا ہے۔ چنانچہ ہدایہ میں ہے۔ والحدیث باطلاقہ حجۃ علی الشافعی فی تخصیص الفرائض وغیرہ بمکۃ وحجۃ علیٰ من یوقت فی باحۃ النفل یوم الجمعۃ کتاب الصلوٰۃ باب المواقیت ج ۱ ص ۸۵ (ص ۶۸ ج ۱) شامی میں ہے (قولہ لا یوم الجمعۃ) لما رواہ الشافعی فی مسندہ نھی عن الصلوٰۃ نصف النھار حتی تزول الشمس الا یوم الجمعۃ قال الحافظ ابن حجر فی مسند الشافعی ج ۱ ص ۱۸ وذکر البیہقی لہ شواھد ضعیفۃ فاحسن حوی الخ (قولہ المصحح العدم) اشار الی ان النھی والترجیح علی خلاف (قولہ وعن المجتبیٰ الخ) صاحب الحلیۃ العلامۃ المحقق ابن امیر الحاج عن المحقق ابن الہمام الحنفی کمال الدین محمد بن عبدالواحد السیواسی کمال الدین محمد قد لکن شراح الہدایۃ انتصروا القول الامام واجابوا عن الحدیث المذکور بما حاصلہ النھی عن الصلوٰۃ وقت الاستواء فانہا محرمۃ الی قولہ ویؤیدہ ما فی الصحیحین وغیرہما عن ابی ھریرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یتحری احدکم فیصلی عند طلوع الشمس ولا عند غروبہا الحدیث فانہ یدل علی ان النھی عن الصلوٰۃ فی ھذین الوقتین لکراھۃ التحری لا لکراھۃ الصلوٰۃ فی نفسہا فلا یعارض حدیث النھی عن الصلوٰۃ یوم الجمعۃ وقت الاستواء الخ (شامی باب الجمعۃ ص ۴۰ ج ۱)

"مظاہر حق" میں ہے (زوال کے وقت) نماز پڑھنے سے (حنفیہ) کے نزدیک ہر دن اور ہر زمان میں ہے (کہ اور جمعہ کا استثنا نہیں ہے) اور (شافعی کے نزدیک اور امام مالک کے موافق ان کے تین دن اس سے وقت اشتہ ہے جو کہ ترک ہو) معتمد میں یہی جواب ہے اور مذہب حنفیہ کا احوط ہے اس لئے کہ حدیث میں (صحیح حدیث) اور خبر (حرام بتلانے والی حدیث) اس وقت کی ترجیح کو ہے واللہ اعلم (ص ۳۳۳ ج ۱) ہی میں

ہو جاتی ہے اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک بعد سے زوال کے وقت نماز جمعہ درست نہیں ہے اس لئے یہ نماز ان کے نزدیک ظہر کے قائم مقام ہے (مشکوٰۃ) اس حدیث سے امام شافعی اور امام اوزاعی کی دلیل کی تائید ہوتی ہے اس حدیث کو ابن خزیمہ نے اپنی صحیح میں اور ابن حبان نے اپنی صحیح میں اور حاکم نے مستدرک میں روایت کیا ہے اور صحیح کہا ہے (نیل ۳ ص ۲۶۶ ج ۳)

یہ ہے حنفیہ کا مسلکی مذہب جس کے لئے وہ کہتے ہیں کہ جمعہ کے دن صلوٰۃ الضحیٰ زوال کا دام وغیرہ کیونکہ یہ نماز تمہیں ہے اس کی ضرورت نہیں ہے زوال کا وقت ہونے سے پہلے پہلے جمعہ کی نماز پڑھ لیتے ہیں یہ ہے مطرفہ مذہب احناف کا مگر مسلم کی صحیح حدیث اور کتاب الرسائل الارکان مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ جلد ۲ ص ۱۰۰ میں ہے کہ جمعہ کے دن زوال سے پہلے نماز پڑھنا جائز ہے اور یہی حدیث صحیح سے ثابت ہے اور اسی کو امام شافعی نے اختیار کیا ہے اور اسی پر عمل کرنا چاہئے نماز جمعہ کی باقی شرائط میں سے ہے اس میں بھی فقہاء کی خود ساختہ شرائط ہیں ان کی کوئی اصل نہیں ہے۔ الدسوقی علی مسلم الثبوت عن الاخطلاحی فی باب العبادات وجب ادا (ص ۱۰۹ ج ۳) واللہ اعلم بالصواب۔ عبادات کے متعلق مسائل میں احتیاط والے مسلک پر عمل کرنا واجب ہے۔

کیا شہر سے باہر رہنے والوں پر جمعہ واجب ہے یا نہیں؟

(سوال ۷۱) اگر شہر کے قریب دیہات ہیں اور وہاں پر جمعہ کی نماز ہوتی ہے تو کیا ان گاؤں والوں پر جمعہ واجب ہے یا نہیں؟ اور اگر ہے تو ان کے لئے کتنی دور تک جانا ضروری ہے؟

(الجواب) واجب ہونے کی شرائط میں سے ایک شرط مصر ہے اور مصر کی تعریف میں اختلاف ہے۔ ولا تجب الا علی من کان خارجه ولو سمع النداء من المصر سواء کان سوت فلم یاتها من المصر او بعید علی الاصح فلا یعمل سماعا فی بعد ولا بکبر ولا صحیح (باب الجمعة مراقی الفلاح ص ۱۰۱)

لابعض بعد فیما رجح قال فی الشرح فقد تحصلت بنص الحدیث والاثر والروایة عن ابی حنیفة وصاحبیه واختیار المحققین من اهل الترجیح انه لا عبرة بسماع النداء ولا بالعلو والسفل وانه لیس بشرط فلا علیک من مخالفة غیره وان کثر تصحیحه فیه ما فی الدرایة ان الممکن ان یحضر الجمعة ویبیت داخله من غیر تکلف یجب علیه اهـ ان کان من جاور هذا الحد بسبب السفر کان مسافرا فلو وجب فیه لوجب علی المسافر وهو خلاف النص واضطروا علی مراقی الفلاح ص ۲۹۳ - ۲۹۴ بتغیر فقط واللہ اعلم بالصواب۔

چھوٹے گاؤں میں جمعہ کا حکم

(سوال ۷۲) کیا گاؤں والوں پر جمعہ واجب ہے؟ اس گاؤں سے شہر کا فاصلہ تین میل ہے اور اس گاؤں میں دو ہزار کے قریب آدمی ہیں پہلے سے جمعہ نہیں ہوتا تھا اور نماز جمعہ ہوتی ہے کیا اس گاؤں والوں پر جمعہ واجب ہے اور اگر جمعہ واجب ہے تو آیت واجب کی کیا ہے جو عمل کی دلیل کہتے ہیں کہ اذا وجب کذا ہے تو اذا میں کس عمل کی آیت ہے؟ اور اگر عمل کی آیت ہے تو عمل کی آیت سے جمعہ کی فرضیت کا ثبوت دیں؟

(الجواب) شہر کا کون چھوٹا ہے گاؤں میں جمعہ وعیدین کی نماز درست نہیں۔ عمل کی آیت سے بھی عمل کا

پڑھنے پڑھانے کی اجازت نہیں مکروہ تحریمی ہے۔" درمختار" میں ہے۔ صلوۃ العید علی القری تکرہ تحریما ای لانہ اشتغال بما لا یصح لان المصر شرط الصحۃ۔" شامی" میں ہے۔ (قولہ مما لا یصح) ای علی انہ عید والا ظہر نفل مکروہ لا دانہ بالجماعۃ (۵۷۵ ج ۱ باب العیدین) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

گاؤں قصبہ بن جائے تو نماز جمعہ وعیدین کا حکم:

(سوال ۷۴۳) کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ہمارا قصبہ "چھاپی" آج سے چار پانچ سال قبل ایک معمولی سی دیہات کی حیثیت رکھتا تھا۔ مگر اب اس وقت قصبہ کے مائند ہے اور پوری اس کی آبادی تقریبا چار ہزار ہے۔ اگر انگریزی اور عربی مدرسہ کے طلباء کی تعداد شمار کی جائے تو تقریباً پچھ سو ۶۰۰ کا اضافہ ہو جاتا ہے۔ اس قصبہ میں مستقل بازار ہے۔ جس میں ہر قسم کی اشیاء (ضروریات زندگی) فراہم ہو جاتی ہیں اور پورے بازار کی دوکانیں جو باضابطہ پنچایت کو ٹیکس ادا کرتی ہیں۔ دو سو پچاس ۲۵۰ ہیں۔ ریلوے اسٹیشن ہے جہاں ڈاک میل کے علاوہ سب گاڑیاں ٹھیرتی ہیں۔ اور یہ قصبہ اپنے قرب وجوار کے بہت سے دیہاتوں کے لئے تھوک منڈی شمار کیا جاتا ہے۔ دیہاتی تاجر یہاں آکر ضروری اشیاء خریدتے ہیں اور اس میں پنچایت کی آفس، ڈاک گھر، ٹیلی گرام، ٹیلیفون، الیکٹرک (بجلی) بھی ہے اور پولیس تھانہ بھی اور سرکاری غیر سرکاری شفاخانے بھی اور جانوروں کا دواخانہ بھی ہے اور بینک بھی ہے۔ یہاں دو مسجدیں اور ایک عربی مدرسہ ہے۔ جس میں ساڑھے تین سو (۳۵۰) طلباء زیر تعلیم ہیں۔ پرائمری اور سیکنڈری اسکول ہیں۔ خلاصہ یہ کہ یہاں ضروریات زندگی تجارت اور صنعت وحرفت اور جانوروں کے پرورش کے وسٹیل لگے ہوئے ہیں اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ اس جگہ پر جمعہ وعیدین واجب ہے یا نہیں؟ آج تک یہاں پر جمعہ وعیدین ادا نہیں کی جاتی ہے۔ جب باہر کے علمائے کرام آتے ہیں تو اس مقام کو دیکھ کر کہتے ہیں کہ یہاں کے لوگ ترک جمعہ کے مرتکب ہوں گے تو جمعہ وعیدین واجب ہے یا نہیں؟ جمعہ ادا نہ کرنے کی صورت میں واقعۃً ترک جمعہ کے گناہ کے مرتکب ہوں گے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) قصبہ اور قریہ عرف پر ہے اگر فی الواقع چھاپی کی بستی قصبہ نما ہے۔ اور اہل بستی اور قرب وجوار والے اسے قصبہ سمجھتے ہیں تو یہ عرفا اور شرعا قصبہ ہے اور قصبہ قائم مقام شہر کے ہوتا ہے۔ لہذا یہاں پر بلا تردد نماز جمعہ وعیدین درست ہے۔ وقع فی فتاوی القصبات و القری الکبیرۃ التی فیھا اسواق (شامی ص ۴۳۸ ج ۱ باب الجمعہ) لہذا اس جگہ جمعہ وعیدین قائم کرنا ضروری ہے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

نماز جمعہ کے لئے مسجد شرط نہیں:

(سوال ۷۴۴) بزودہ شہر کی آبادی سے باہر تبلیغی اجتماع رکھا ہے یہ جگہ شہر کی حد میں ہے یہاں پنڈال میں نماز جمعہ صحیح ہے یا نہیں؟ چار پانچ ہزار آدمیوں کا شہر میں جانا دشوار ہے۔

(الجواب) یہ اجتماع نما شہر میں ہے لہذا پنڈال میں نماز جمعہ صحیح ہے۔ صحت جمعہ کے لئے مسجد شرط نہیں، شہر یا نما شہر میں جہاں کہیں مسجد کی طرح نماز پڑھنے کی عام اجازت ہو نماز جمعہ پڑھی جا سکتی ہے۔ مگر مسجد میں پڑھنے کا ثواب نہیں ملے گا۔ (اوفناء ہ) بکسر الفاء وھو ما (اتصل بہ) حولہ (اولا کما حررہ ابن الکمال،

[illegible] (الدر المختار مع الشامی ج ۱ ص ۶۶۰ ط سعید)

[illegible]

صحت جمعہ کے لیے کس قدر آبادی شرط ہے؟

[illegible] (۱) [illegible] (۲) [illegible] (۳) [illegible] (۴) [illegible] (۵) [illegible] (۶) [illegible] (۷) [illegible] (۸) [illegible] (۹) [illegible] (۱۰) [illegible] (۱۱) [illegible] (۱۲) [illegible] (۱۳) [illegible] (۱۴) [illegible] (۱۵) [illegible] (۱۶) [illegible] (۱۷) [illegible] (۱۸) [illegible] (۱۹) [illegible] (۲۰) [illegible]

[illegible] ہیں اور اخراجی طور پر بھی ایک بڑی رقم ہر سال خرچ ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں جمعہ کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ ہاں اگر کوئی شخص اپنی ذاتی حیثیت سے جمعہ پڑھنا چاہے تو اس کو اجازت ہے۔ (فتاویٰ رحیمیہ جلد ۵ صفحہ ۱۲۳)

ملازمت کی وجہ سے جمعہ معاف اور ساقط نہیں ہوتا:

(۱۷۷) ایک شخص جو شب و روز کی فرض نمازوں سے ایک وقت کی نماز ضرور پڑھ لیتا ہے لیکن نماز جمعہ نہیں پڑھتا اور کہتا ہے کہ میں ایک جگہ کام کرتا ہوں جہاں سے نماز جمعہ کا وقت نہ ملتا ہے۔ ہفتہ وار چھٹی اتوار کو ہوتی ہے۔ اس دن بھی کام کرنا پڑتا ہے یا مشکل سے چھٹی ملتی ہے اب میں کام کرنے جاتا ہوں تو نماز جمعہ چھوٹ جاتی ہے اور اگر نماز جمعہ پڑھنے جاتا ہوں تو کام پر نہیں جا سکتا۔ گویا ایک دن کی آمدنی کم ہوتی ہے۔ اور میں مذہبی اقتصادی حالت بھی ذلت کی ہے اب بتایا جائے کہ آیا نماز جمعہ چھوڑ دینے سے جمعہ کے دن کام چھوڑنے کے معاملہ میں یہ بات ضرور پیش نظر رکھیں کہ کم پیش نظر ہوتی تو صرف آمدنی کی کمی ہوتی۔ اور کم پیش نظر ہوتی اگر کسی شخص کو نماز جمعہ کے ہونے سے ہر اتوار کو آمدنی سے محروم ہونا پڑتا ہے تو اس کو عذر سمجھا جائے گا۔ اور ایسے شخص کے لئے جمعہ ساقط ہو جائے گا۔ اس کا کام اپنے دن کی روزی پر منحصر ہے۔ کبھی کبھی بھی جمعہ ادا کرنے سے کام نہیں چلتا۔ علاوہ ازیں سالانہ خرچ بھی ضروریات کی تعداد کو دیکھ کر کیا جاتا ہے۔ اور اس کا انحصار اس پر ہوتا ہے۔ ان باتوں کو مدنظر رکھ کر اس کا جواب تحریر فرمائیں۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) ملازمت کی وجہ سے نماز جمعہ معاف نہیں ہے۔ اور ان کی وجہ سے جمعہ چھوڑنے کی اجازت نہیں ہے۔ وجب السعی علیھا وترک البیع ولو بیع السعی (درمختار) قولہ ترک البیع) ای کل عمل یلھی السعی (شامی ص ۷۶۰ ج ۱ باب الجمعۃ) ولا یصح وھو بھا علی مکاتب ومبعض واجیر یسقط من الاجر بحسابہ لو بعیدا (درمختار) (قولہ بحسابہ لو بعیدا) فان کان قدر ربع الیھار حط عنہ ربع الاجرۃ ولیس للاجیر ان یطالبہ عن الربع المحطوط بمقدار ماشتغالہ بالصلوٰۃ بنزحانہ (شامی ص ۷۶۳ ج ۱ ایضا)

مطلب یہ ہے کہ جمعہ کو جس وقت سے نماز جمعہ شروع ہوتی ہے اس وقت سے تمام لوگوں پر نماز جمعہ کے لئے روانہ ہو جانا۔ جانے آنے میں جتنا وقت صرف ہونے اور ضائع ہونے کی وجہ سے تجارت کے نقصان کو منظور کرلیا جائے۔ اس میں خیر ہے۔ قولہ تعالیٰ یاایھا الذین اٰمنوا اذا نودی للصلوۃ من یوم الجمعۃ فاسعوا الی ذکر اللہ وذروا البیع ذلکم خیر لکم ان کنتم تعلمون (ترجمہ) اے ایمان والو جب جمعہ کی نماز کے لئے اذان دی جائے تو اللہ کی یاد کی طرف چل پڑا کرو۔ (خریدوفروخت (اور اسی طرح دوسرے مشاغل جو اس کی آڑ میں ہوں) چھوڑ دیا کرو۔ یہ چل پڑنا (مشاغل کو چھوڑ کر) تمہارے لئے زیادہ بہتر ہے اگر تم کو یہ سمجھ (اور یقین کی قدر) ہو۔ (یعنی اس کا ثواب باقی ہے اور تجارت فنا ہونے والی ہے۔ (بیان القرآن ملخصا)

لہٰذا اذان کے بعد تجارت کو فوراً ترک کرنا ایک فضیلت ہے رخصت لے لی جائے۔ اگر اجازت ملے یا نہ ملے۔ واجب نہیں ہے اور نہ ہی ملازمت چھوڑنے کی ضرورت ہے۔

قولہ تعالیٰ۔ واللہ خیر الرازقین۔ اور اللہ سب سے اچھا روزی دینے والا ہے (قرآن الکریم سورۂ جمعہ) فقط واللہ اعلم بالصواب

شہر میں زیادہ مسجدیں ہوں تو جمعہ کہاں ادا کیا جائے؟

(سوال ۷۸) ہمارے قصبہ میں آٹھ محلے آباد ہیں۔ چھ مسجدیں ہیں۔ چھ مسجد والے اپنی مسجد میں جمعہ پڑھتے ہیں۔ اور دو محلے والے اپنے محلہ کی مسجد میں پڑھتے ہیں کہ ہماری مسجد میں نماز پڑھنے سے محلہ کی مسجد خالی رہتی ہے۔ جس سے احترام مسجد میں فرق آتا ہے تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ جمعہ کو محلہ کی مسجد بند کرکے شاہی مسجد میں نماز پڑھنے سے اس محلہ کی مسجد کے احترام میں خلل واقع ہوتا ہے یا نہیں؟

(الجواب) مردوں کو زیادہ مسجدوں میں جانے سے روکنا اور ایک مسجد میں حاضر ہونا ہی امر ہے۔ محلہ کی مسجد حیثیت کے اعتبار سے شاہی مسجد کے مثل ہے۔ ہاں شاہی مسجد میں اس کو چھوڑنے کی اجازت نہیں چاہے ایک ہی نماز ہو۔ مگر محلہ کی مسجد میں جانے سے جامع مسجد میں پڑھنے کا حکم ہے۔ اگر زیادہ مسجدوں ایک مسجد میں وسعت نہ ہو جامع مسجد کافی دور ہو وہاں پہنچنے میں دقت ہوتی ہو تو دوسری مسجد میں جمعہ کا انتظام کیا جا سکتا ہے۔ بلا عذر تو جمعہ محلہ کی مسجد میں پڑھنے میں ثواب کی مضاعفت اور مقصد فوت ہو جاتا ہے اور اسلامی شان و شوکت ختم ہو جاتی ہے۔ نیز جمعہ کو جو اجتماعات کیا جاتا ہے اس کا مطلب بھی یہ ہے کہ لوگوں کی ملاقاتیں ہوں اور ان سب کی جماعتیں کیا جامع مسجد میں ہوں وہ کسی محلہ کی

متعدد بن بنا کر کی نماز جمعہ شاہی مسجد میں ادا کریں۔ اس سے احترام مسجد میں فرق آنے کا خیال غلط ہے۔ احترام وہ ہے جو منشاء شریعت کے موافق ہو اور اسلامی شان و شوکت بھی اسی میں ہے۔ پس آپ قلعہ کی مسجد بند کیجئے شاہی مسجد میں نماز جمعہ ادا کیجئے منشاء شریعت پورا کرنے کا بھی ثواب آپ کو ملے گا۔ اور اسلامی شان و شوکت بڑھنے کا بھی۔ اور مساجد کے احترام کے اجزاء کا ثواب قیامت تک آپ کو ملتا رہے گا ان شاء اللہ ۱۲

آنحضرت ﷺ (خلاصہ اردو) کا ارشاد ہے۔ من سن فی الاسلام سنة حسنة فله اجرها واجر من عمل بها من بعده مشکوٰة المصابیح کتاب العلم ص ۳۳ یعنی جس نے اسلام میں کسی سنت حسنہ کو (جو منشاء شریعت کے مطابق ہو سنت سیئہ یعنی بدعت نہ ہو) جاری کیا۔ اس کو خود اس کے عمل کا ثواب بھی ملے گا۔ اور اس کے بعد جو بھی اس پر عمل کرے گا اس کا ثواب بھی اس کو ملتا رہے گا۔ اس طرح عمل کرنے والے کے ثواب میں کوئی کمی نہ ہوگی (صحاح) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

شب جمعہ میں جماع کی فضیلت۔

(سوال ۷۹) شب جمعہ میں بیوی سے صحبت افضل ہے۔ اس کی دلیل کیا ہے؟ بینوا توجروا

(الجواب) دلیل یہ ہے کہ حدیث میں آیا ہے۔ من غسل او اغتسل الخ (مشکوٰۃ شریف ص ۱۲۲ باب الجمعہ باب التطیف والتکبیر) جس کا مطلب یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ جماع کرے جس سے عورت کو غسل کی ضرورت پیش آئے۔ قوله غسل یوم الجمعة واغتسل قال النور پشتی رحمه الله یحتمل اختلاف اهل الروایة فی قوله غسل ومنهم من قال فی معناه یطأ صاحبته ومنهم من خص من الاسود وهلال بن یساف وهما من التابعین وکانهم ذهبوا الی هذا لمعنی لما فیه من غض البصر وصیانة النفس عن الخواطر الخ

وقال المظهر من غسل یوم الجمعة واغتسل روی بالتشدید والتخفیف فالتشدید معناه من وطی امرأته الخ (التعلیق الصبیح ص ۱۳۲ ج ۲ ایضاً) قال الامام احمد غسل بالتشدید جامع اهله وکذالک فسره وکیع (زاد المعاد ص ۱۰۵ ج ۱ ایضاً) قال النور پشتی روی بالتشدید والتخفیف فمن شدد فمعناه حمل غیره علی الغسل بان یطأ امرأته وبه قال عبدالرحمن بن الاسود وهلال وهما من التابعین کان من قال ذلک ذهب الی ان فیه غضة للبصر وصیانة للنفس عن الخواطر التی تمنعه من التوجه الی الله بالکلیة الخ

وفی حاشیة سید جمال الدین قال ذین العرب غسل بالتشدید قال کثیرانه المجامعة قبل الخروج الی الصلوٰة لانه مجمع غض الطرف فی الطریق بقال غسل الرجل امرأته بالتشدید والتخفیف اذا جامعها وقیل بالتشدید معناه اغتسل بعد الجماع ثم اغتسل للجمعة فکرر لهذا المعنی

(۱) ثم ذکر فی الجمعة فی موضعین اذا کثر من مصر واحد فی جوامع الفقه عن ابی حنیفة روایتان واذا ظهر هذا علم خلاف فی موضعین انتهی وقال شمس الائمة السرخسی فی المبسوط الصحیح من قول ابی حنیفة ومحمد جوازها وعن ابی یوسف تتعدد فی موضعین لا غیر واما من حیث جواز العدد وعدمه فالاولی هو الاحتیاط لان فیه لوی اذا لجمعة جمعة للجماعات ولم یکن فی زمن السلف تعدد الا فی موضع واحد من المصر وکون الصحیح جواز التعدد لضرورة للفتوی لا یمنع شرعیة الاحتیاط للقوی علی کثیر افضل فی صلوٰة الجمعة ص ۵۵۱ ۵۵۲

(مراقی الفلاح ص ۱۵۵ ج ۲ بحوالہ ملا یرتحق ہیں) ۔۔۔ ص غسل کے نہانے سے جمعہ کے دن نہانا بہتر ہے (۱)

غسل نہانے سے مراد اپنی عورت و مرد سے کہ صحبت کرنے سے بدن کی صفائی اور صحت کرنی ہو اور اس لئے کہ اس کے بدن سے پسینہ وغیرہ کا بدبو نہ آئے اور نماز میں خوب ہوتا ہے (ص ۱۵۰ ج ۱ ایضاً فقط واللہ اعلم بالصواب۔

جمعہ کے روز فجر کی نماز میں سورۂ الم سجدہ اور سورۂ دہر کی قرأت:

(سوال ۸۰) جمعہ کے روز فجر کی نماز میں امام صاحب پہلی رکعت میں الم سجدہ اور دوسری رکعت میں سورۂ دہر پڑھتے ہیں مقتدیوں میں سے چند لوگوں کو اس سے تکلیف ہوتی ہے امام صاحب کو کہا گیا کہ اتنی طویل نماز نہ پڑھائیں تو وہ کہتے ہیں کہ یہ مسنون ہے دوسروں کی بات ماننے کے لئے تیار نہیں تو کیا ان کی بات صحیح ہے؟ ہر جمعہ کے دن فجر کی نماز میں یہ سورتیں پڑھنا چاہئے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) جمعہ کے دن فجر کی نماز میں الم سجدہ اور سورۂ دہر پڑھنا مسنون اور مستحب ہے مگر اس پر دوام ثابت نہیں ہے اس لئے امام کو چاہئے کہ مواظبت نہ کرے کبھی کبھی پڑھے درمختار میں ہے **ویکرہ التعیین کالسجدۃ وھل اتی بفجر کل جمعۃ بل یندب فرأتھما احیانا** (درمختار) مکروہ ہے معین کرنا سورت کا نماز کے لئے جیسے سجدہ والی الم میں پہلی رکعت میں الم سجدہ اور دوسری میں سورۂ دہر پڑھنا بلکہ کبھی کبھی ان دونوں سورتوں کا پڑھنا مستحب ہے (درمختار مع الشامی ج ص ۵۰۸ فصل فی القرأۃ) (غایۃ الاوطار ج ۱ ص ۲۵۲)

(واللہ اعلم) (یہ بندہ کے سوال تھا فہم سقیم) (فہم مستقیم عزیز الرحمٰن صاحب بلند شہری)

(الجواب صحیح) احادیث میں بے شک ایسا آیا ہے لیکن بعض اس کو بعض اوقات پر حمل کرتے ہیں اور مواظبت نہیں کرتے کیونکہ وہ تعیین سورت کو بھی نماز کے لئے منع فرماتے ہیں لہٰذا کبھی بھی کر لینا چاہئے کچھ حرج نہیں ہے دوام سے پرہیز کرے درمختار میں ہے **ویکرہ التعیین کالسجدۃ وھل اتی بفجر کل جمعۃ بل یندب قرأتھما احیانا** (فتاویٰ دار العلوم مدلل و مکمل ج ۲ ص ۱۰۱)

جمعہ کے علاوہ اور دنوں میں کوئی خاص سورت جیسے حوامیم (سورہ فجرات سے سورہ ۔۔۔ تک) ان سورتوں میں سے دو سورتیں پڑھی جائیں آیات کی تعداد کے اعتبار سے ان کی تعداد ۔۔۔ ہیں سے کم و بیش مقتدیوں کا خیال کرتے ہوئے درمیانی مفصل کی چھوٹی سورتیں پڑھی جائیں جو میں سورت پڑھے تب بھی مقتدیوں کا خیال کرے اور چالیس سے ساٹھ آیتوں پر اقتصار کرے **وھو ان الامام یقرء علی رسمہ لا یوجب ھذا تقلیل الجماعۃ (الا حیث تتعلیل المختار** ج ۱ فصل فی القرأۃ) لیکن عادت حال مقتدیوں کی ہو (۱۱ ابو داؤد ص ۱۲۸ انکفاء اللہ اعلم بالصواب۔

صفوں کی درستگی کے انتظار میں نماز شروع کرنے میں تاخیر کرنا:

(سوال ۸۱) نماز جمعہ میں خطبہ کے بعد جماعت کے لئے تکبیر کہنا چاہئے یا مسجد کا کافی ہے اور جمعہ کی نماز میں مسجد بہت ہوتے ہیں صفیں درست کرنے کے لئے کچھ دیر ہو جاتی ہے کیا صفوں کی درستگی تک انتظار کر لینا چاہئے یا

فی الحال اقامت شروع کر دیا ہو گا؟ جیسا کہ تحریر ہے۔

(الجواب) جب نماز مسجد میں آئیں تو شروع نماز سے پہلے ایک قبلہ رخ بیٹھنے کا انتظام کرنا چاہئے تاکہ صفیں درست ہو سکیں اور جو منتشر ہیں مجالس ابرار میں ہے ویستحب للقوم ان یستقبلوا الامام عند الخطبة لکن الیوم الان انهم یستقبلون القبلة لمحرج فی تسویة الصفوف لکثرة الزحام یعنی لوگوں کے لئے مستحب یہ ہے کہ خطبہ کے وقت خطیب کی طرف چہرہ کریں لیکن اس وقت کثرت ازدحام کی وجہ سے صفوں کی درستگی میں حرج آتا ہے اس لئے قبلہ رو بیٹھتے ہیں (مجالس الابرار ص ۲۹۴ مجالس نمبر ۳۹ صغیری ص ۳۹۱ عالمگیری ص ۱۰۷ ج ۱) خطیب کے بعد فوراً اقامت شروع کر دی جائے درمختار میں ہے فاذا اتم فهمت ویکره الفصل یعنی جب امام خطبہ پورا کرے تو اقامت شروع کر دی جائے اس میں فاصلہ کرنا مکروہ ہے شامی میں ہے (قوله فهمت) سحیث یتصل لون الاقامة بآخر الخطبة وتنتهی الاقامة بقیام الخطیب مقام الصلوٰة (جس خطبہ ختم ہوتے ہی اقامت شروع ہو جائے اس طرح کہ اقامت کا اول حصہ خطبہ کے آخری حصہ کے ساتھ متصل ہو اور خطیب کے مصلی پر جانے پر پہنچتے پہنچتے اقامت ختم ہو جائے (درمختار و شامی ج ۱ ص ۷۰۷ باب الجمعہ)

اقامت کے ختم تک اگر صفیں درست نہ ہو سکیں تو صفوں کی درستگی تک نماز شروع کرنے میں تاخیر کر سکتے ہیں ترمذی شریف میں ہے روی عن عمر رضی الله عنه انه کان یوکل رجلا باقامة الصفوف ولا یکبر حتی یخبران الصفوف قد استوت وروی عن علی رضی الله عنه وعثمان رضی الله عنهما انهما کانا یفعلان ذلک ویقولان استووا یعنی حضرت عمرؓ نے صفیں درست کرنے کے لئے ایک شخص کو متعین کر رکھا تھا اور جب تک آپ کو صفیں درست ہونے کی خبر نہ دی جاتی تکبیر تحریمہ نہیں کہتے تھے امام ترمذی علیہ الرحمہ نے اس حدیث کی روایت کر کے فرمایا ہے کہ حضرت علی اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما بھی اس کا اہتمام کرتے تھے اور فرماتے تھے سیدھے کھڑے ہو (ترمذی شریف ج ص ۳۱ باب ماجاء فی اقامة الصفوف) مؤطا امام مالک میں روایت ہے مالک عن ابی النضر مولی عمر بن عبید الله عن مالک بن ابی عامر ان عثمان بن عفان رضی الله عنه کان یقول فی خطبته قل ما یدع ذلک اذا خطب اذا قام الامام یخطب یوم الجمعة فاستمعوا وانصتوا فان للمنصت الذی لایسمع من الحظ مثل ما للمنصت السامع فاذا قامت الصلوٰة فاعدلوا الصفوف وسدوا بالمناکب فان اعتدال الصفوف من تمام الصلوٰة ثم لا یکبر حتی یاتیه رجال قد کلفهم بتسویة الصفوف فیخبرونه ان قد استوت فیکبر (موطا امام مالک ص ۳۶ ماجاء فی انصات یوم الجمعة والامام یخطب)

یعنی حضرت عثمان بن عفانؓ اکثر اپنے خطبہ میں یہ ارشاد فرماتے تھے جب امام جمعہ کے لئے خطبہ دے تو غور سے سنو اور نہ سنو یعنی خاموش رہو اور خطبہ کی نداء اور وہ خاموش رہنے والے کو بھی اتنا ہی ثواب ملتا ہے جتنا کہ سننے والے کو جو خود بھی رہا ہو اور خاموش ہو جب نماز کھڑی ہو جائے تو صفیں درست کرو اور کندھے سے کندھا ملا کر صفوں کی درستگی نماز کی تکمیل میں سے ہے (غرض ص حضرت عثمانؓ نے جن لوگوں کو صفیں درست کرنے کے لئے مقرر کر رکھا تھا جب وہ آپ کو صفیں درست ہونے کی اطلاع دیتے اس وقت آپ (جمعہ کی نماز کی) تکبیر تحریمہ کہتے اور نماز شروع فرماتے

(جواہر الفقہ ص ۳۰۵) واللہ اعلم بالصواب۔

جمعہ کے دن زوال کے بعد کب اذان دی جائے:

(سوال ۸۲) زوال کے بعد مکروہ وقت کب تک رہتا ہے؟ جمعہ کی اذان کب دی جائے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) فتاویٰ رحیمیہ میں ہے قلم یا کلائی گھڑی کر کے زوال کا وقت دیکھا جا سکتا ہے زوال کے وقت سے آدھ دس منٹ پہلے سے نماز موقوف کرے اور آدھ دس منٹ بعد تک موقوف رکھے بادلوں کے زمانے میں زوال کے وقت معلوم کرنا دشوار ہے اس لئے آلۂ تعلیم کے حساب سے دس یا دو منٹ پہلے نماز پڑھنے سے رک جائے اور دس یا دو منٹ بعد تک رکا رہے اس میں احتیاط ہے اور یہ جو قول ہے کہ نصف نہار شرعی سے زوال تک نماز نہ پڑھی جائے یہ مذہب احناف کا نہیں ہے (فتاویٰ رحیمیہ ص ۲۸۴ ص ۲۸۵ جلد چہارم (جدید ترتیب کے مطابق) اوقات مکروہہ میں زوال سے آدھ دس منٹ پہلے نماز موقوف کرنا چاہئے کتاب سے (یکصد مسائل منتخب) لہٰذا جمعہ کے دن زوال سے آدھ دس منٹ بلکہ مذہب احناف پر عمل کرتے ہوئے بارہ بجے دو منٹ کے بعد اذان دی جائے چونکہ عموماً لوگ اذان جمعہ کے بعد سنتیں پڑھنا شروع کر دیتے ہیں اس لئے اذان میں تاخیر کرنا چاہئے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

جمعہ کے دن اذان ثانی خطیب کے سامنے دینا کیسا ہے؟

(سوال ۸۳) ہمارے یہاں بندوانوں کا خیال ہے کہ جمعہ کے دن اذان ثانی مسجد میں نہ دینا چاہئے بلکہ مسجد سے باہر جو اذان دینا چاہئے اس کے متعلق کیا حکم ہے؟ آپ تفصیل وضاحت فرمائیں۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) جمعہ کے دن خطبہ کے وقت منبر کے قریب اذان دینے کا طریقہ قدیم زمانہ سے چلا آرہا ہے اور فقہ کی کتابوں میں اس اذان کے لئے اپنے الفاظ ذکر کئے گئے ہیں جن کا مطلب یہی ہوتا ہے کہ یہ اذان منبر کے سامنے یا منبر کے قریب دی جائے۔

جامع الرموز میں ہے واذا صعد الامام المنبر جلس واذن المؤذن بین یدی المنبر کذلک جری التوارث (هدایه اولین ص ۵۲ : باب صلوة الجمعة) یعنی اور جب امام منبر پر بیٹھ جائے تو اذان منبر کے سامنے اذان دے یہی طریقہ متوارث ہے (ہدایہ) بذلک جری التوارث کذا فی الزیلعی۔ کیا اسلاف سے یہ طریقہ جاری ہے کہ جمعہ کے دن اذان ثانی خطیب کے سامنے مسجد کے اندر ہی دی جاتی تھی اور اس چیز کا توارث کے ساتھ ثبوت ہونا اس نے ثبوت کی بہت بڑی دلیل ہے اور فقہ میں توارث کی بہت اہمیت ہے بہت سے مسائل میں فقہاء دلیل کے طور پر یہی توارث پیش کرتے ہیں مثلاً جمعہ کے خطبہ خانہ میں خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم اجمعین اور حضور ﷺ کے دونوں چپلوں کا ذکر کیا جاتا ہے اور دلیل یہی پیش کی جاتی ہے کہ یہ توارث سے ثابت ہے چنانچہ فتاویٰ عالمگیری میں ہے وذکر الخلفاء الراشدین والعصمین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین مستحسن بذلک جری التوارث (عالمگیری ج ۱ ص ۷۴ الباب الخامس) النہر الرائق میں ہے ذکر الخلفاء الراشدین مستحسن بذلک جری التوارث وبذکر العصمین زائد النہر الرائق ج ۲ ص ۴۷ ایضاً)

[illegible] حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق بیان فرماتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں [illegible] اذان دینا اور اس کا اتباع کرنا اس کا اتباع کرنا اس کا اتباع کرنا

سنت فوت ہونے کا خوف ہے اور (۲) انصاری مسجد سے دور رہتا ہو تو بہت ممکن ہے کہ وہ جمعہ ہی نہ پائے اور یہ حبس لانہ معوانی کا مختار قول ہے (مراقی الفلاح مع طحطاوی ص ۲۸۲ باب الجمعہ)

شرح ہدایہ اور مراقی الفلاح کی عبارت میں "خلف المنبر" ہے جس کے بمقابل معنی وصحیح مطلب یہ ہے کہ یہ اذان منبر سے قریب ہوگی (فتاوی عالمگیری میں "قبل المنبر" ہے) اگر دوسری ذانوں کی صریح یہ تعیین نہ ہوتی تو یہ اذان وہ ہوتا تو فقہاء کرام اس اذان کا تذکرہ کرتے وقت یقیناً اس کی بھی وضاحت فرماتے کہ یہ اذان کہاں کہے جانے چاہئے "بین یدی المنبر" "بین یدی الخطیب" اور "خلف المنبر" یہ الفاظ تحریر فرماتے اور درحقیقت بات یہ ہے کہ منبر والی اذان اقامت کے مانند ہے یعنی اس اذان کا مقصد صرف حاضرین کو متنبہ کرنا ہے (غافلین کو نیند سے اجاگر ہوگئی ہے) کہ اب خطبہ شروع ہورہا ہے تاکہ حاضرین اپنی انفرادی عبادات نفل سنت وغیرہ ختم کرکے خطبہ سننے کے لئے متوجہ ہوجائیں اس طرح اقامت کا مقصد حاضرین کو متنبہ کرنا ہوتا ہے کہ اب جماعت شروع ہورہی ہے تاکہ وہ جماعت میں شریک ہونے کے لئے صف بندی کرکے تیاری شروع کردیں اور اقامت مسجد میں کہنا باتفاق مکروہ نہیں ہے اسی طرح یہ اذان بھی مسجد میں دینا مکروہ نہ ہوگا پھر نیچے نہ بیٹھنا مذہب قدیم سے چلا آرہا ہے جیسا کہ اوپر مدلل بیان ہوا۔

ہم نے اس اذان کو اقامت کے مانند قرار دیا ہے اس کا ثبوت مندرجہ ذیل عبارتوں سے ملتا ہے مراقی الفلاح میں ہے "ولا اذان سنة عند الخروج کالاقامة" (مراقی الفلاح ص ۲۸۰ باب الجمعہ مع طحطاوی)

منحۃ الخالق میں ہے "لعل الاذان لا یستحب رفع الصوت فیه . قال هو الاذان الذی یوم الجمعة الذی یکون بین یدی الخطیب لانه کالاقامة لاعلام الحاضرین" صرح به جماعة الفقهاء (سعایہ شرح شرح وقایہ ص ۳۸ ج ۲ باب الاذان، ذکر احوال المؤذن مطبوعہ یاکستان، محمودیہ ص ۵۹ ج ۲)

مزید وضاحت اس طرح ملتی کہ جمعہ کے خطبہ کو فرض نماز کے ساتھ بڑی مشابہت ہے فقہاء نے خطبہ کا حکم وہی بیان فرمایا ہے جو نماز کا حکم ہے یعنی یہ کہ جو چیزیں نماز میں ممنوع ہیں وہ تمام چیزیں خطبہ میں بھی ممنوع ہیں

تنویر الابصار مع درمختار میں ہے "وفی النهر عن البدائع یکره الکلام حال الخطبة وکذا کل عمل یشغله عن سماعها من قراءة قرآن او صلوة او تسبیح او کتابة ونحوها بل یجب علیه ان یستمع وسکت وفی شرح المنیة یکره لمستمع الخطبة ما یکره فی الصلوة من اکل وشرب وعبث والتفات ونحو ذلک اه وفی الخلاصة کل ماحرم فی الصلوة حرم حال الخطبة" یعنی نہر میں بدائع سے نقل کیا ہے خطبہ کی حالت میں بات کرنا حرام ہے اور اسی طرح ہر وہ کام جو خطبہ سننے میں مخل ہو جیسے قرآن کی تلاوت یا نماز یا تسبیح پڑھنا یا کوئی چیز لکھنا اور اس کے مانند ہر کام پر ضروری ہے کہ منع ہو کہ خطبہ سننے والا خاموش رہے شرح منیہ میں ہے خطبہ سننے والے کے لئے وہ تمام چیزیں مکروہ ہیں جو نماز میں مکروہ ہیں یعنی کھانا پینا اور بات کرنا اور اشارہ کرنا اس کے مانند خلاصہ میں ہے جو چیزیں نماز میں حرام ہیں خطبہ کے وقت بھی حرام ہیں

(الطحطاوی علی مراقی الفلاح ص ۲۸۲ باب الجمعہ)

یہ باتیں بھی اس پر دال ہیں کہ اس جگہ والی اذان کو اقامت کے ساتھ بڑی مشابہت ہے۔ اس لئے جواب ہوا۔ جواب فتاویٰ رحیمیہ جلد پنجم ص ۸۶ س ۸ (جدید ترتیب کے مطابق) اس باب میں خطبہ کے وقت دوسری اذان مسجد میں دینے کے عنوان سے دیکھ لیا جائے۔ مرتب) پر شائع ہوا ہے اسے بھی ضروری ملاحظہ کر لیا جائے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

جمعہ کے بعد چار رکعتیں سنت مؤکدہ ہیں یا چھ رکعتیں؟:

(سوال ۸۳) جمعہ کی نماز کے بعد چار رکعت سنت مؤکدہ ہیں یا چھ رکعت؟ اور جب کے نزدیک کتنی رکعتیں ہیں اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک کتنی رکعتیں؟ مفتی بہ قول کیا ہے؟ جو شخص صرف چار رکعتیں پڑھے تو گنہگار ہوگا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) ظاہر روایت میں جمعہ کے بعد چار رکعتیں ایک سلام کے ساتھ سنت مؤکدہ ہیں اور امام ابو یوسف کے نزدیک چھ رکعتیں ہیں اب جمعہ کے بعد چار رکعتیں ایک سلام سے سنت مؤکدہ پڑھے اور ان کے بعد دو رکعتیں سنت غیر مؤکدہ پڑھ لی جائیں جو چار پر اقتصار کرے وہ قابل ملامت نہیں ہے۔

بدائع الصنائع میں ہے وما السنة قبل الجمعة وبعدها فقد ذكر في الأصل وروى قبل الجمعة وبعدها ركعات وكذا ذكر الكرخي وذكر الطحاوي عن ابي يوسف انه قال يصلي بعدها ستا قبل هو مذهب علي رضي الله عنه وما ذكرنا انه يصلي اربعا مذهب ابن مسعود رضي الله عنه اما وجه قوله وجه ظاهر الرواية ما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال من كان مصليا بعد الجمعة فليصل اربعا وما روي من فعله صلى الله عليه وسلم فليس فيه ما يدل على المواظبة ونحن لا نمنع من يصلي بعدها كم شاء غير انا نقول السنة بعدها اربع ركعات لا غير لما روينا (بدائع الصنائع ص ۲۸۵ ج ۱ فصل في الصلاة المسنونة)

مفتی اعظم ہند حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ تحریر فرماتے ہیں۔

(سوال) ظہر کی نماز میں سنت مؤکدہ کتنی ہیں؟

(الجواب) ... اور چار رکعتیں (ایک سلام سے) ظہر و جمعہ کے بعد الخ (دوسری جگہ تحریر فرماتے ہیں۔

(سوال) ظہر کی نماز میں سنت غیر مؤکدہ کتنی ہیں۔

(الجواب) ... اور جمعہ کے بعد سنت مؤکدہ کے بعد دو رکعتیں۔ (تعلیم الاسلام حصہ چہارم)

امداد الفتاویٰ میں ہے۔

(سوال) بعد کی پہلی سنتیں مؤکدہ ہیں یا نہیں اور بعدی سنتوں میں چار مؤکدہ ہیں یا دو یا سب؟

(الجواب) بعد کی پہلی سنتیں مؤکدہ ہیں کذا فی الدر المختار اور بعد کی چار مؤکدہ ہیں کذا فی الدر المختار (امداد الفتاویٰ ج ۱ ص ۶۷۸ س ۶۷۹ مطبوعہ دیوبند) واللہ اعلم بالصواب۔

جمعہ کی نماز زوال سے پہلے صحیح نہیں ہے:

(سوال ۸۵) جمعہ کے دن جمعہ کی نماز کے لئے زوال ہونا ضروری ہے یا نہیں؟ بعض لوگوں کا خیال یہ ہے کہ جمعہ کے لئے زوال کا ہونا ضروری نہیں قبل از زوال بھی نماز ہو سکتی ہے مدلل اور مفصل جواب کی ضرورت ہے ان لوگوں کو اپنی بات پر بہت اصرار ہے لوگوں کو اہم فیہ بنانے کی کوشش میں لگے ہوئے ہیں (فقط) ہنوا توجروا۔

(الجواب) جمعہ کی نماز صحیح ہونے کی ایک شرط وقت ہے اور وہ وقت ظہر ہے اور ظہر کا وقت آفتاب کے زوال کے بعد ہوتا ہے اسی طرح جمعہ کی نماز کا وقت بھی زوال کے بعد ہی ہوگا اس سے قبل اگر جمعہ کی نماز پڑھی جائے گی تو نماز نہ ہوگی کیونکہ جمعہ ظہر کے قائم مقام ہے اس لئے جمعہ کو اسی کے وقت میں ہونا ہوگا حضور اقدس ﷺ کے قول اور عمل سے یہی ثابت ہوتا ہے چنانچہ جب آپ ﷺ نے حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کو مدینہ منورہ بھیجا تو فرمایا اذا مالت الشمس فصل بالناس الجمعة (جب آفتاب ڈھل جائے تو لوگوں کو جمعہ پڑھانا) (ہدایہ اولین ص ۱۴۸ وفی باب صلوٰۃ الجمعۃ بدائع الصنائع ج ۱ ص ۲۶۸ فصل فی بیان شرائط الجمعۃ مرتقی الفلاح مع طحطاوی ص ۲۷۷)

مشکوٰۃ شریف میں بحوالہ بخاری حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یصلی الجمعۃ حین تمیل الشمس (حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ جمعہ کی نماز اس وقت پڑھاتے جب آفتاب ڈھل جاتا۔ (مشکوٰۃ شریف ص ۱۲۳ باب الخطبۃ والصلوٰۃ فصل ثالث)

مسلم شریف میں ہے۔ عن سلمۃ بن الاکوع کنا نجمع مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا زالت الشمس (حضرت سلمہ بن اکوع فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ اس وقت جمعہ کی نماز پڑھتے جب آفتاب ڈھل جاتا۔ (مسلم شریف ص ۲۸۳ ج ۱ کتاب الجمعۃ۔ فتح القدیر ص ۴۵۰ ج ۱)

جمعہ ظہر کے قائم مقام ہے اس لئے جمعہ میں ان تمام خصوصیات کی رعایت ضروری ہے جو ظہر میں ہیں چنانچہ فتح القدیر میں ہے ویجب بان شرعیۃ الجمعۃ مقام الظہر علی خلاف القیاس لانہ سقوط لوضع رکعتین واشراعی الخصوصیات التی ورد الشرع بھا مالم یثبت دلیل علی نفی اشتراطھا ولم یصلھا حائل فی الوقت کفی عمرہ ولا یدون الخطبۃ فیہ فقد اشتراطھا ویکون الخطبۃ فی الوقت حتی لو خطب قبلہ لا یقع الشرط الخ (یعنی جمعہ کی شرعیت ظہر کی جگہ خلاف قیاس ہے اس لئے کہ جمعہ میں جماعت وغیرہ کی دو رکعتیں ہیں لہٰذا ان تمام خصوصیات کی رعایت ضروری ہے جو شرع میں وارد ہیں جب تک کہ ان کے شرط نہ ہونے پر کوئی دلیل قائم نہ ہو اور یہ بات محقق ہے کہ حضور ﷺ نے اپنی عمر مبارک میں نہ خارج وقت جمعہ کی نماز پڑھی ہے اور نہ خطبہ کے بغیر پس بطور شرط یہ ثابت ہوتا ہے کہ نماز اور خطبہ وقت کے اندر ہو حتی کہ اگر خطبہ وقت سے پہلے پڑھے تو شرط واقع نہ ہوگی (فتح القدیر ج ۱ ص ۴۵۶ صلوٰۃ الجمعۃ)

طحطاوی علی مراقی الفلاح میں بھی اسی طرح کا مضمون ہے (لقولہ صلی اللہ علیہ وسلم الخ) ولانھا شرعت علی خلاف القیاس لسقوط الرکعتین مع الاقامۃ فیر عی فیھا جمیع الخصوصیات التی

ورد الشرع بها ولم يرو قط ان صلى الله عليه وسلم صلاها قبل الوقت ولا بعده وكذا الخلفاء الراشدون ومن بعدهم الى يومنا هذا ولو كان جائزا لفعله مرة تعليما للجواز كذا في الحلبي وغيره یعنی جمعہ خلاف قیاس مشروع ہے اور نہیں ہوسکتا ہے مگر بعد زوال اس میں ان تمام خصوصیات کی رعایت ضروری ہے جو شرع میں وارد ہیں اور یہ بات بھی روایت میں نہیں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جمعہ کی نماز کل از وقت پڑھی ہو قبل وقت کل جانے کے بعد پڑھی ہو اور نہ کسی طریق خلفاء راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین اور ان کے بعد والوں کا رہا ہے کہ وقت سے پہلے (یا وقت کذر جانے کے بعد) پڑھنا جائز ہوتا تو بیان جواز کے لئے ایک مرتبہ تو پڑھتے (النعماوی علی مراقی الفلاح ص ۲۷۷ باب صفۃ الجمعۃ)

ان تمام باتوں کے پیش نظر مذہب ائمہ اربعہ رحمہم اللہ نے یہ بیان کیا ہے کہ جمعہ کی نماز صحیح ہونے کے لئے ضروری ہے کہ زوال کے بعد ادا پڑھی جائے۔ چنانچہ فقہ کی مشہور کتاب ہدایہ میں ہے **ووقتها وقت الظهر حتى لا يجوز تقديمها على زوال الشمس لما روى عن انس رضى الله عنه وسلم انه لما بعث مصعب بن عمير رضى الله عنه الى المدينة قال له اذا مالت الشمس فصل بالناس الجمعة** (بدائع الصنائع ج ۱ ص ۲۸ فصل فی بیان شرائط الجمعۃ)

الاختیار شرح المختار میں ہے **ووقتها وقت الظهر** لحديث انس كنا نصلي الجمعة مع رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا مالت الشمس ولانه خلف عن الظهر وقد سقطت الظهر لتكون في وقتها الاختيار لتعليل المختار ج ۱ ص ۸۳ کتاب الجمعۃ)

مراقی الفلاح میں ہے **ووقتها (وقت الظهر)** لقوله صلى الله عليه وسلم اذا مالت الشمس فصل بالناس الجمعة (فلا تصح) الجمعة (قبله وتبطل بخروجه) لفوات الشرط (مراقی الفلاح مع طحطاوی ص ۲۷۷)

علامہ نووی شرح مسلم شریف میں تحریر فرماتے ہیں **ان هذه الاحاديث ظاهرة في تعجيل الجمعة وقد قال مالك وابو حنيفة والشافعي وجماهير العلماء من الصحابة والتابعين فمن بعدهم لا يجوز الجمعة الا بعد زوال الشمس** الی قولہ **قال القاضي وروي في هذا شيء عن طائفة من الصحابة لا يصح منها شيء الا ما عليه الجمهور وحمل الجمهور هذه الاحاديث على المبالغة وانهم كانوا يؤخرون الغداء والقيلولة في هذا اليوم الى ما بعد صلوة الجمعة لانهم بادروا الى التكبير اليها فلو اشتغلوا بشيء من ذلك قبلها خافوا فوتها او فوت التكبير**

یعنی یہ احادیث بظاہر تعجیل بعد پر دلالت کرتی ہیں اور محقق بات یہ ہے کہ امام مالک امام ابوحنیفہ امام شافعی اور جمہور علماء و صحابہ تابعین اور ان کے بعد والے سب یہی فرماتے ہیں کہ جمعہ زوال کے بعد ہی صحیح ہوتا ہے۔ الخ

قول: وتکلم فرماتے ہیں کہ اس بارے میں صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین سے جو کچھ منقول ہے ان میں سے کوئی چیز سنت متصلہ نہیں ہے۔ اور یہ قول ہے ان حضرات کا جو کہ ان اہل علم سے ہیں جو کہ ان اشیاء کو مکروہ جانتے ہیں جن کا ذکر ہوا ہے اور ان کا مقصد یہ بتانا ہے کہ یہ چیزیں صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین سے ثابت نہیں ہیں (یعنی کھانا اور قیلولہ وغیرہ کرتے تھے) اور جمعہ کی نماز پڑھتے تھے اس لئے کہ وہ حضرات جمعہ کی نماز کے لئے بہت جلد جاتے تھے (لہٰذا) خطبہ کے وقت یہ چیزیں مشغول نہیں ہو سکتیں بلکہ یہ چیزیں جمعہ سے پہلے ہی عمل میں آتی تھیں۔ (عمدۃ القاری ج ۶ ص ۲۹۳ باب الجمعۃ) واللہ اعلم بالصواب۔

کیا جمعہ کی اذان اول کے بعد غسل کرنے کی تخصیص ہے؟

نمبر ۱۸۰ یہ فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ سورۂ جمعہ میں جو فاسعوا الی ذکر اللہ ہے وہ جمعہ کی اذان اول ہے یا اقامت کہ وہ بعد اذان اول کے ہے اور غسل جمعہ کی تیاری متصل اذان اول کرنا یا اقامت سے اور کیا فرماتے ہیں علماء دین اس بارے میں کہ بعد اذان اول کے خرید و فروخت کرنا جائز ہے یا نہیں بینوا توجروا (بیان فرمائیں اجر پائیں)

الجواب: اللہ تعالیٰ نے جمعہ کی اذان اول کے بعد ہی اذان ثانی کا جو امام کے سامنے ہوتی ہے حکم دیا ہے اور اذان اول کے بعد ہی اذان ثانی کے بعد خرید و فروخت وغیرہ کی ممانعت فرمائی ہے کیونکہ اذان اول کے بعد ہی مسجد میں مشغول ہونا چاہئے اور اذان اول کے بعد ہی غسل جمعہ کا حکم ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۸ ص ۴۸۳ باب الجمعۃ)

مراقی الفلاح میں ہے: ویسن للمعتمد (یعنی یستحب علی المعتمد) غسل یوم الجمعۃ (وکذا کل شئی یؤدی الی الاستعداد لہا) وقیل (یجب) وقیل (یسن) لہا لا لطلاق الامر بالاذان الاول (الواقع بعد الزوال فی الاصح) لحصول الاغتسال (قبل الصلوٰۃ) لانہ لو انتظر الذی (الفی) عند امیر قصرت الخطبۃ وربما لا یدرک الجمعۃ لبعد محلہ وہو خلاف مقصود الائمۃ۔ (مراقی الفلاح ص ۱۴۲ باب الجمعۃ)

طحطاوی میں ہے (قولہ ویسن یوم الجمعۃ) فیکرہ ترکہ یوم الجمعۃ من قطر فیہ علی المذہب (وقیل یستحب لاطلاق الامر بہ فیہ کما رفع فی الہدایۃ) والا فہو مکروہ فی کل الایام کما یکرہ ترکہ یوم العید اتفاقا (قولہ فی الاصح) وقیل الصحیح فی المعتمد ہو الاذان الثانی عند الامام الذی کان فی زمنہ صلی اللہ علیہ وسلم والصحیح بعدہ قال فی البحر وہو ضعیف (مراقی الفلاح وطحطاوی ص ۳۸۲ باب الجمعۃ)

(ردالمحتار میں ہے) (وکذا کل شئی یؤدی الیہا) (کبیع وترک البیع) (وقیل یسن للمعتمد) (وقیل یجب وقیل یسن للمعتمد) (وقیل یجب وقیل یسن للمعتمد) (وقیل یجب

[illegible] ہوا اس کی عبارت میں [illegible] اور [illegible] [illegible] [illegible]

احسن الفتاویٰ میں ہے (سوال) جمعہ کی اذان اول کے بعد دوسری کتب خانہ کو ملاحظہ کرنا یا مسائل دینیہ کا مطالعہ کرنا جب کہ اذان سے پہلے مسجد میں پہنچ جانے پر ثواب ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(جواب) بلاشبہ مسنون اذان اول کے بعد بھی خرید و فروخت کا سوا کوئی کام بھی جائز نہیں تو امور دینی کا مشغول ہونا کیسے ہو سکتا ہے قال فی التنویر و حرم السعی الیها و ترک البیع بدا (ای الاول) وفی الشامیة (قوله قبل الخ) عمل بافی السعی و حمله اصلا لاية (الدر المختار مع رد المحتار ص ۵۴۳ ج ۱ احسن الفتاوی ص ۴۰۰ ج ۴)

حاصل کلام یہ ہے کہ بہتا جمعہ جو غسل و لباس سے تیار ہو کر جامع مسجد پہنچ جائے اگر صحیح سے اپنا کاروبار یا اپنی دیگر ضروریات نہ کرنا مشغول ہو جائے اذان اول سے اتنی دیر پہلے کہ ان سب کاموں سے فارغ ہو کر سنت کے مطابق غسل کر کے کپڑے تبدیل کر کے خوشبو لگا کر اذان اول کے وقت جامع مسجد پہنچ جائے اور خدانخواستہ کسی دن بہت ضروری کام میں مشغول ہو جائے اذان اول سے قبل غسل جمعہ کا بالکل موقعہ نہ ملے تو کپڑے کی دھلی کے ساتھ ہاتھ جلدی سے غسل کرنے کی گنجائش ہو سکتی ہے بشرطیکہ جمعہ سے قبل کی سنت و نفل فوت نہ ہو اگر اس کی عادت ہو تو ترک ادا کی جائے اور کر سنت یا نفل فوت ہونے کا گمان ہو تو اس صورت میں صرف غسل پر اکتفا کیا جائے۔

جمعہ کے دن بہت ہی باعظمت اور برکت دن ہے احادیث میں جمعہ (کی نماز) میں جلد پہنچ جانے کی بہت ہی ترغیب اور فضیلت آئی ہے بعض بہتا سویرے جانے کی ہی تھی ان کو بیان کرتا ہوں ایک حدیث میں ہے عن ابی هريرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا کان یوم الجمعة وقفت الملائکة علی باب المسجد یکتبون الاول فالاول و مثل المهجر کمثل الذی یهدی بدنة ثم کالذی یهدی بقرة ثم کبشا ثم دجاجة ثم بیضة فاذا خرج الامام طووا صحفهم و یستمعون الذکر متفق علیه (مشکوٰۃ ص ۱۲۲ باب الجمعۃ) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب جمعہ کا دن ہوتا ہے تو فرشتے (اس) مسجد کے دروازے پر کھڑے ہو جاتے ہیں جو (جماعت جمعہ کیلئے) پہلے جاتا ہے اس کا نام لکھتے ہیں پھر جو اس کے بعد جاتا ہے اس کا نام لکھتے ہیں (اسی طرح) جب امام (خطبہ کیلئے) بیٹھ جاتا ہے تو (فرشتے) اپنے صحیفے لپیٹ لیتے ہیں اور ذکر (خطبہ) سننے لگتے ہیں (اس سے معلوم ہوا کہ جو پہلے جاتا ہے اس کو ایسا ثواب ملتا ہے جیسے کوئی قربانی کرنے میں پہلے پہل قربانی کرنے والا ثواب پاتا ہے پھر جیسے اس کے بعد والے ثواب میں کم ہوتے جاتے ہیں اسی طرح جمعہ کے لئے جانے میں ہے پھر جیسے جیسے امام کے قریب ہوتے جاتے ہیں ثواب میں اضافہ ہوتا جاتا ہے پھر جب امام خطبہ پڑھنے لگتا ہے تو فرشتے بھی ذکر خطبہ سننے میں مشغول ہو جاتے ہیں (اس لئے ثواب میں اضافہ نہیں ہوتا) (مرقاۃ شرح مشکوٰۃ ص ۱۲۲ باب الجمعۃ الفصل الثانی)

ایک حدیث میں ہے عن اوس بن اوس قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من غسل یوم الجمعة واغتسل وبکر و ابتکر و مشی ولم یرکب و دنا من الامام و انصت ولم یلغ کان له بکل خطوة عمل سنة اجر صیامها و قیامها (رواه الترمذی و ابو داؤد و النسائی) اوس صحابہ حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جو (پہلی) جمعہ کے دن نہلائے اور خود بھی نہائے اور صبح سویرے جائے اور اول ساعت پاوے اور پیدل جاوے سواری پر نہ جائے امام سے قریب ہو کر خطبہ سنے اس درمیان کوئی لغو فعل نہ کرے تو اس کو ہر قدم پر ایک سال کی عبادت کا ثواب ملے گا ایک سال کے روزوں کا اور ایک سال کے راتوں کا (ترمذی، ابوداؤد، نسائی، دارمی، مشکوٰۃ شریف ص ۱۲۲ باب الجمعۃ)

[illegible] جلد پہنچ کر [illegible] ہیں کہ [illegible] ۱۲ [illegible] ۱۲ [illegible] ۱۲

ایک مسجد میں تکرار جمعہ

سوال (۹۹) ہمارے یہاں ایک بستی میں ایک مسجد ہے جس میں قریب کے محلہ کے ایک سو شخص ایک ساتھ نماز پڑھ سکتے ہیں۔ جماعت تین دفعہ ہوتی ہے۔ انہوں نے موقع پر (یعنی عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے دن) جمعہ کی نماز دوسری مرتبہ قائم کرنے کے لئے مندرجہ ذیل وجوہات پیش کی ہیں۔

(۱) جمعہ کی نماز کے لئے قریب با محلہ والوں کو آنا پڑتا ہے (۲) مسجد کے اطراف میں متعدد محلوں کے ایسے مکانات ہیں کہ وہاں دوسری جماعت کا انتظام نہیں ہو سکتا (۳) ایسے موقع پر دوسری جماعت کے لئے بڑا گھرانا بہت مشکل ہے کیونکہ عیدین میں عورتیں بھی ساتھ ہوتی ہیں یا بچہ بیمار ہوتا ہے ہوتے کی وجہ سے بار بار کے تمام امور دیکھنے پڑتے ہیں۔ (۴) امام صاحب ۱۰۰ بجے تک جمعہ کا انتظام نہ کیا جائے تو اس دن والوں کو جمعہ کی نماز نہیں ملتی ہے۔ (۵) امام صاحب اور کمیٹی کے ذمہ داروں کو بڑا جلد بازی کرنا پڑتا ہے (۶) یہاں کے موسمی حالات کے اعتبار سے گھنٹے بھر اس میں جمعہ قائم کرنا مناسب نہیں نیز ان کے نزدیک نصوص کی جزئیات کی بھی ضرورت ہے۔ مندرجہ بالا وجوہات کی بنا پر کیا مسجد میں جمعہ کی نماز دوسری مرتبہ قائم کرنا جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

الجواب (۹۹) بتائید اللہ تعالیٰ واضح رہے کہ شہر میں متعدد مقامات پر جمعہ ادا کرنے کو جائز مانا ہے جو حنفیہ میں بے رونق ہی فی مصر واحد سواء اتسع کثیر فیعطفا علی المذهب وعبه الفتوی شرح المجمع للعینی وعامة فتح القدیر وفعالبحر ۔ جان میں ہے (قوله علی المذهب) فقد ذکر الامام السرخسی ان الصحیح من مذهب ابی حنیفة جواز اقامتها فی مصر واحد فی مسجدین او اکثر وبه ناخذ انی قوله فان المذهب الجواز مطلقا بحر (درمختار وشامی ج ۱ ص ۵۵۰ باب الجمعة)

جب ضرورت کی بنا پر شہر میں متعدد جگہ جمعہ قائم کرنے کی اجازت ہے تو نمازیوں کی تعداد کے پیش نظر جہاں جہاں جمعہ قائم کرنے کی ضرورت ہو وہاں جمعہ قائم کرنا چاہئے تاکہ ہر علاقہ کے لوگ اپنے علاقہ میں جمعہ ادا کر سکیں اور جمعہ کے لئے دوسری مسجد کے اختیار کرنے کی کوئی بلکہ جمعہ کا انتظام کرنا ضروری نہیں ہے اور اس بات کا پہلے ہی سے اعلان کر دیا جائے کہ فلاں فلاں بلکہ جمعہ کی نماز صرف وہی لوگ اپنے قریبی مقام پر جمعہ کی ادائیگی کے لئے چلا جائیں جو وہاں کی نمازیوں کی تعداد کو پیش نظر رکھتے ہوئے اپنی ذمہ داری پوری کر سکیں۔ اور جمعہ کی ادائیگی کا انتظام کریں نماز کے وقت کے اندر اندر جمعہ کا خطبہ اور نماز ختم ہو جائے۔ اس لئے صرف جمعہ کے لئے ضرورت ہے تو دوسری مسجد کا بھی انتظام کریں مگر تعدد جمعہ کی مسجد بنانے میں اول تو کفایت ہو تو عیدگاہ خانہ کا انتظام کیا جائے اور وہاں پنج وقتہ نماز جماعت اور اذان کا اہتمام ہونا ضروری ہے بھی مسجد میں آنا شروع کر دیں اور بھی سے ان کو نماز کی عادت ہو جائے حدیث میں ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا مروا اولادکم بالصلوٰة وهم ابناء سبع سنین واضربوهم علیها وهم ابناء عشر سنین یعنی اپنی اولاد کو نماز کا حکم کرو جب وہ سات برس کے ہوں اور نماز چھوڑنے پر تنبیہ مارو جب دس برس کے ہوں (مشکوٰۃ شریف ص ۵۹ کتاب الصلوٰۃ فصل نمبر ۲) اور ساتھ ساتھ بچوں کی دینی تعلیم کا بھی انتظام کرنا چاہئے۔

آپ کے یہاں کے طرز کا سوال سے آپ بہت خوب واقف ہیں اگر یہاں کی دینی تعلیم اہمیت کا صحیح نظر نہیں کیا

کیا اور بچپن ہی سے اسلامی عقائد اور اسلامی تعلیم ان کے ذہن نشین نہیں کرائے گئے تو آئندہ ان پر قابو پانا اور کنٹرول رکھنا مشکل ہو جائے گا اور خطرہ ہے کہ نئی نسل کہیں ہمارے ہاتھ سے نہ نکل جائے اس لئے بچوں کے مستقبل کو سامنے رکھ کر بھی سال کے دین و ایمان کی حفاظت کے اسباب مہیا کرنا ہے اس لئے بچوں کی تعلیم کا صحیح طریقہ پر انتظام کرنا چاہئے۔ مسلمان ہو کر صرف جمعہ یا عیدین کی نماز ادا کریں یا بالکل غلط طریقہ سے، عیدین، جمعہ اور پنج وقتہ نمازیں سب ضروری ہیں اس لئے جہاں جہاں ضرورت ہو مسجد کا انتظام کریں اور جمعہ بھی ادا کریں مسجد میں جب ایک دفعہ جمعہ کی نماز ہو چکی تو اب دوسری مرتبہ وہاں جمعہ کی نماز ادا کی جائے شامی میں لکھا ہے کہ جامع مسجد میں جب جمعہ کی نماز پڑھ لی جائے تو مسجد بند کر دی جائے تاکہ دوبارہ لوگ (برائے جمعہ) جمع نہ ہوں (قوله الا الجامع) اى الذى تقام فيه الجمعة فان فتحه فى وقت الظهر ضرورى والظاهر انه يغلق ايضاً بعد اقامة الجمعة فلا يجمع فيه احد بعدها الخ (شامی ج ۱ ص ۷۲۲ کتاب الجمعة)

لہٰذا صورت مسئولہ میں جہاں جہاں مسلمان آباد ہوں ان کے قریبی علاقہ میں جمعہ کا انتظام کیا جائے اور پہلے سے اس کا اعلان کر دیا جائے تاکہ لوگ اپنے قریبی علاقہ ہی میں چلے جائیں مسجد میں دوبارہ جمعہ قائم کرنے کی اجازت نہ دی جائے ورنہ عام رواج ہو جائے گا۔ پہلے ہی سے ہال بک کرانے کی کوشش کی جائے شادی وغیرہ تقریبات کے لئے پہلے سے انتظام کیا جاتا ہے اسی طرح جمعہ کے لئے بھی پہلے سے انتظام کرنا چاہئے فقط واللہ اعلم بالصواب۔

چھوٹے گاؤں میں جمعہ پڑھانے کے لئے مجبور کیا جائے تو امام صاحب کیا کریں؟:

(سوال ۸۹) ہمارا گاؤں چھوٹا ہے اور میں مسجد میں امام ہوں، لوگ جمعہ کی نماز پڑھانے کے لئے اصرار کرتے ہیں تو میں کیا کروں؟ اگر پڑھانے پر مجبور کریں تو کیا نیت کروں؟ جمعہ کی یا نفل کی؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) اگر آپ کا گاؤں چھوٹا ہو، جمعہ صحیح ہونے کی شرائط موجود نہ ہوں تو وہاں جمعہ پڑھنا پڑھانا صحیح نہیں ظہر باجماعت ادا کرنا چاہئے، شامی میں ہے ونقيم فرضا فى القصبات والقرى الكبيرة التى فيها اسواق. الى قوله. وفيما ذكرنا اشارة الى انه لا تجوز فى الصغيرة التى ليس فيها قاض (شامی ص ۷۴۸ ج ۱ کتاب الجمعة) نیز درمختار میں ہے وفى القنية صلاة العيدين فى القرى تكره تحريما اى لانه اشتغال بما لا يصح لان المصر شرط الصحة (قوله صلاة العيد) ومثله الجمعة (درمختار وشامی ص ۷۷۵ ج ۱ باب العیدین) لوگوں کو مسئلہ سے واقف کیا جائے اس کے باوجود آپ کو جمعہ پڑھانے کے لئے مجبور کریں تب بھی آپ نہ پڑھائیں تو جمعہ کی نیت سے نفل کی نیت سے کوئی صورت نہ بن سکے تو مستفتی ہو جائیں فقط واللہ اعلم بالصواب۔

سوال میں درج شدہ بستی میں جمعہ صحیح ہے یا نہیں؟:

(سوال ۹۰) ہمارے گاؤں کی کل آبادی تقریباً تین ہزار کی ہے، ہمارے یہاں گرام پنچایت ہے، پرائمری اسکول ہے، ہائی اسکول بھی ہے، چیک آف سوار ہے، پولیس اسٹیشن یعنی تھانہ بھی ہے، سرکاری ہسپتال ہے جہاں مریضوں کے لئے ہر قسم کا انتظام ہے، ڈاک خانہ بھی ہے، ضروریات زندگی کی تقریباً تمام چیزیں مل جاتی ہیں تو ہمارے گاؤں

میں بھی قائم کر سکتے ہیں یا نہیں؟ بینوا توجروا؟

(الجواب) آپ کے یہاں کے مسلمان آپ کا گاؤں قصبہ بنانا چاہتے ہیں اس لئے جمعہ قائم کرنا اور جمعہ کے لئے آپ کی آبادی و آپ کی طرف سے کچھ سمجھتے ہوں اور اپنی ضروریات دنیوی فراہم کرنے کے لئے آپ کے یہاں آتے ہوں، آپ نے یہاں زمیندار ہو اور اہل حرفہ (جن کی اکثر وبیشتر ضرورت ہوتی ہے) موجود ہوں تو جمعہ قائم کیا جا سکتا ہے بہتر یہ ہے کہ وہاں معتبر مستند تجربہ کار علماء بلائے جائے اور ان کے حضور اور ہدایت کے مطابق عمل کیا جائے شامی میں ہے وتقع فرضاً فی القصبات والقری الکبیرۃ التی فیھا اسواق. الی قولہ. وفیما ذکرنا اشارۃ الی انہ لا تجوز فی الصغیرۃ التی لیس فیھا قاض (شامی ص ۳۸۹ ج ۱ کتاب الجمعۃ) نیز شامی میں ہے فی الخلاصۃ عن ابی حنیفۃ رحمہ اللہ انہ بلدۃ کبیرۃ فیھا سکک واسواق ولھا رساتیق یقیمون علی اطراف المصاوم من الظالم بحشمتہ وعلمہ او علم غیرہ یرجع الحاکم الیہ فیما یقع من الحوادث وھذا ھو الاصح اھ (شامی ج ۱ ص ۳۷۶ کتاب الجمعہ) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

جمعہ کی نماز ایک سے زیادہ مسجدوں میں ادا کرنا

(سوال ۹۱) ہماری بستی میں دو اہلحدیث کی مساجد ہیں ان میں ایک چھوٹی مسجد ہے جس سے چند قدم پر ایک بڑی جامع مسجد ہے وہیں جمعہ کی نماز ادا ہوتی ہے ان کے علاوہ مذکورہ مسجد کی برابر تھوڑے تھوڑے فاصلے پر تین مسجدیں اور ہیں جمعہ قائم کی جاتی ہے، اب محلہ کے لوگ اس چھوٹی مسجد میں جمعہ قائم کرنا چاہتے ہیں تو کیا جمعہ قائم کرنا مناسب ہوگا؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) پنجوقتہ نمازوں کی ادائیگی کے لئے محلہ کی مسجد میں مردوں کو حاضر ہونے کا تاکیدی حکم ہے اور جمعہ کی نماز محلہ کی مسجد چھوڑ کر جامع مسجد میں ادا کرنے کی ہدایت ہے، نماز جمعہ کو "جامع الجماعات" کہا جاتا ہے یعنی تمام جماعتوں کو جمع کرنے والی ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ جمعہ کے دن محلہ کی چھوٹی چھوٹی مسجدیں بند کر کے ہر محلہ کے مصلی ایک بڑی جماعت کے ساتھ جامع مسجد میں جمعہ کی نماز ادا کریں یہ افضل اور احسن ہے اس میں اسلامی شان و شوکت کا مظاہرہ ہے، عذر کے بغیر محلے محلے چھوٹی چھوٹی مسجدوں میں جمعہ قائم کرنا شریعت کا منشاء، مصلحت اور اسلام شان و شوکت کو ختم کرنا ہے، اور ان کا اثر جامع مسجد پر بھی پڑے گا، البتہ کوئی عذر ہو مثلاً جامع مسجد میں تمام مصلیوں کی سمائی نہ ہو یا جامع مسجد بہت دور ہو کہ وہاں مسلمانوں کو پہنچنے میں بہت تکلیف ہوتی ہو تو ایسی صورت میں حسب ضرورت ایک سے زیادہ مساجد میں جمعہ قائم کیا جا سکتا ہے۔

(درمختار میں ہے) لانہ ان انصب حدہ تفلق یزء الجمعۃ الا الجامع (درمختار مع رد المحتار ج ۱ ص ۶۶۲، باب الجمعۃ)

(رسائل الارکان میں ہے) ولا حل ان الحنفیۃ جامعۃ للجماعات قال الامام ابو یوسف لا یجوز تعدد الجمع فی مصر واحد وھو روایۃ عن الامام ابی حنیفۃ الی وقال الامام محمد و روایۃ عن الامام ابی حنیفۃ وھذہ الروایۃ ھی المختارۃ وعلیہ الفتوی انہ یجوز تعدد الجمعۃ مطلقاً

الخ (رسائل الارکان ص ۱۸۹ : فصل فصل فی العیدین)

مبسوط سرخسی میں ہے۔ واقامۃ الجمعۃ من اعلام الدین فلا یحسن القول بما یؤدی الی تعطیلھا (مبسوط سرخسی ص ۱۳۱ ج ۱ : باب الجمعۃ)

کفایت المفتی میں ہے۔ اولیٰ و افضل یہ ہے کہ بعد زوال نماز جہاں تک ممکن ہو ایک خطبہ ہو اور رخصت بلا ضرورت میں دو یا تین جگہ کی بات بلا ضرورت بدعت اور ناروا کہا گیا ہے۔ (کفایت المفتی ص ۲۲۱ ج ۳)

اور افتائی جواب : ایک بستی میں ایک جگہ جمعہ پڑھنا افضل ہے لیکن اگر بستی بڑی ہو اور ایک جگہ سب لوگوں کا جمع ہونا دشوار ہو تو دو جگہ سے ضرورت بھر جمعہ پڑھنا جائز ہے اور بلا ضرورت بھی کئی جگہ جمعہ پڑھا جائے تو نماز ہو جاتی ہے البتہ خلاف افضل اور خلاف اولیٰ ہوتی ہے۔ (کفایت المفتی ص ۲۲۱ ج ۳)

صورت مسئولہ میں جب مذکورہ فی السوال مسجد سے چند قدم کے فاصلہ پر بڑی جامع مسجد میں اور اس کے ہوتے ہوئے تھوڑے تھوڑے فاصلے پر تین مسجدوں میں جمعہ قائم کیا جاتا ہے تو ایسی صورت میں آپ کے محلہ کی مسجد میں بعض لوگ کا نماز ظہر مناسب اور پسندیدہ ہے اس سے جمعہ کی شان، شوکت ظاہر نہ ہوگی، جمعہ کی نماز جو جماعت کے ساتھ ادا کرنے کی زیادہ تاکید آئی ہے اور جمعہ کی شان بڑھتی ہے، اور اسلامی شان، شوکت کا مظاہرہ ہوتا ہے اس لئے حضور ﷺ عیدگاہ کی نماز مسجد نبوی (علی صاحبہا الف الف تحیۃ وسلام) چھوڑ کر (جبانہ) میں کبھی ادا نہ فرماتے تھے واللہ اعلم بالصواب

گاؤں میں متروکہ جمعہ پھر سے جاری کرنا:

(سوال ۹۲) ہمارے گاؤں (اونالوا) میں سات سو مسلمانوں کی آبادی ہے دو محلے اور دو مسجدیں ہیں (ایک چھوٹی، دوسری بڑی) پہلے بڑی مسجد میں نماز جمعہ اور چھوٹی مسجد میں ظہر پڑھی جاتی تھی، رفتہ رفتہ سے ایک ظہر پڑھنے لگے اور رفتہ رفتہ سب ظہر پڑھنے لگے نیز شور و شر سے بھی لوگ ظہر کی طرف چلے جاتے ہیں، فضل لوگ جمعہ پڑھتے تھے، اس لئے ذیل سے فتویٰ پوچھا گیا، مولوی صاحب نے جواب دیا کہ کہنے کے گاؤں میں جمعہ جائز ہے، جمعہ نہ ہونا بلکہ ظہر پڑھنا ضروری ہے اس لئے جمعہ گاؤں والوں نے چھوڑ دیا، اب ہم لوگ چاہتے ہیں کہ جب جمعہ صحیح نہیں تو پھر کیوں نہ ظہر پڑھا جائے"

بعض حضرات نے جہاں کہ پہلے سے جمعہ کا زمانہ سے جاری ہے اس کو کیسے چھوڑ دیں (لیکن کثر لوگوں نے نئی مسجد میں جمعہ شروع کر دیا اور پرانی غلط طریقہ پر کیسے چلتا چاہئے، اس پر سے ملازمین نے کہا کہ آئندہ جمعہ کے دن سے ظہر ہوگی اس کے بعد دو پہر کو ۱۲ بجے ڈانڈی بجنے کے بغیر تم جماعت کی رائے تھی، جمعہ کا موقعہ آیا تو جمعہ پڑھنے کی خواہش رکھنے والوں نے مقررہ وقت پر جمعہ کی نماز ہوگی ایسا اعلان کر دیا (حالانکہ جس زمانہ میں جمعہ جاری تھا اس وقت یہی ۱۲ بجے دوری جلد پڑھے جاتے) مگر ایک علاقہ منفرد یہ کر لیا اب تحقیق طلب امر یہ ہے کہ آئندہ جمعہ کا موقعہ آیا تو جمعہ کی اذان کس طرح جاری کرائیں گے لہٰذا جناب آپ سے مندرجہ ذیل سوالات کا جواب مطلوب ہے۔

(۱) جب جمعہ جائز ہے تو کیا عیدگاہ کی نماز ہو سکتی ہے؟

(۲) شرعی حکم کے علاوہ تحقیق نہ ہونے کی وجہ سے چھوڑ دیا تو اب پھر سے جاری کرنا کیسا ہے؟

(۳) جمعہ بارہ بجے سے پہلے کسی نے پڑھا تو اس کا کیا حکم ہے؟ (۴) جمعہ کے لئے کتنے آدمیوں کا ہونا ضروری ہے؟ (۵) گاؤں کے کتنے فاصلہ پر جمعہ ہے اس سے کم فاصلہ والوں پر جمعہ ضروری ہے یا نہیں؟

امید ہے کہ آپ مدلل و مفصل جواب عنایت فرمائیں گے تاکہ گاؤں کا فتنہ فرو ہو۔ دعوت ہے شیخ عثمان غنی پیلی بھیت ضلع شاہجہان پور

(الجواب) نماز جمعہ (جس میں خطبہ بھی ہے) صحیح ہونے کے لئے شہر یا قصبہ کی شرط ہے، دیہات یعنی گاؤں میں درست نہیں، جماعت اور اذن عام خطبہ بھی شرط ہیں لیکن جمعہ ایک مخصوص عبادت اور شعار اسلام ہے اس لئے باوجود تمام شرائط کے پڑھا جاتا ہے اسی لئے ہمارے فقہی مسلک میں اس کے صحیح ہونے کے چند شرائط ہیں۔

(۱) جماعت شرط ہے (۲) خطبہ شرط ہے (۳) اذن عام بھی شرط ہے (۴) شہر یا قصبہ یا فصیلہ والے گاؤں کا ہونا شرط ہے، دیہات یا جنگل میں درست نہیں۔

ویشترط لصحتها سبعة اشياء المصر او فنائه والخطبة والاذن العام والجماعة منتصبا وقت الاحتباء (الاصباح ص ۱۱۷ باب الجمعة)

مطلب یہ ہے کہ جمعہ کی نماز دیہات یعنی گاؤں میں جمعہ جائز نہیں "المصر الاعظم" جو فقیہ کے نزدیک دیہات میں جمعہ جائز نہیں (۵۲) کتب سے لے کر دار العلوم میں داخل نصاب کتاب "تعلیم الاسلام" میں ہے۔

(سوال) نماز جمعہ صحیح ہونے کی کتنی شرطیں ہیں۔

(الجواب) جمعہ کی نماز صحیح ہونے کی گیارہ شرطیں ہیں ان میں شہر یا قصبہ میں ہونے کی شرط ہے گاؤں میں جمعہ درست نہیں۔ (صفحہ ۱۳۱ جلد ۲)

گاؤں اور جنگل میں نماز جمعہ درست نہیں (بہشتی زیور ص ۱۳۳)

دیہات اور جنگل میں جمعہ نہیں پڑھ سکتے اسی لئے عید الاضحیٰ عرفات میں اکٹھے حاجیوں کا اجتماع ہونے کے باوجود عید کی نماز نہیں پڑھی جاتی ہے۔ جمعۃ الوداع کے موقع پر جمعہ ہوتا تھا (جس سے [illegible] ہوتی تھی) پھر بھی ہزاروں کے اجتماع میں جمعہ نہیں پڑھا گیا بلکہ ظہر پر جماعت پڑھی گئی [illegible] چکی ہے ولا جمعة بعرفات فی قولهم جمیعا (جامع الصغیر ص [illegible] الجمعة) جمعہ آپ عرفات میں بھی ظہر پر جماعت پڑھتے رہے

(۱) جس جگہ جمعہ درست نہیں وہاں عید بھی درست نہیں۔ ولا تجوز العید والجمعة فی الاصح علی من تجب علیه الجمعة شرائطها (درمختار الاضحیہ ص ۱۲۱)

(۲) آپ معتبر علماء اور مفتیان کرام سے آپ کے گاؤں میں جمعہ کے عدم جواز کا فتویٰ دیا تو اب اس پر عمل کرنا ضروری ہے، اپنی رائے ظاہر کرکے شرعی حکم کی خلاف ورزی کرنا جائز اور ناجائز ہے۔

حضرت قطب الاقطاب شیخ عبد القادر جیلانی فرماتے ہیں جب تم علماء کے پاس آؤ اور وہ تم سے کہیں تم اس کا یقین نہ کرو تو یہ تمہارا ان کے پاس آنا (ان کا تمہارے پاس آنا) تم پر حجت بنے گا، اس کا گناہ تم پر ہوگا، ہونا یہ چاہیا کہ تم ملاقات کرتے رسول اللہ ﷺ اور آپ کا فرمان سنتے۔ اذا حضرتم عند العلماء ولم تقبلوا ما یقول

لکم کان حضور کم عندھم حجۃ علیکم یکون علیکم اثم ذلک کما تقدم الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولم تقبلوا منہ (الفتح الربانی ، المجلس الخامس منہ حم ص ۱ ۳ و ص ۴۲)

اور آپ ﷺ کا دوسرا فرمان ہے۔

تمہارے درمیان صورۃً نبی (ﷺ) موجود نہیں کہ تم اس کا اتباع کرو، پس جب تم رسول اللہ ﷺ کے اتباع کرنے والوں اور آپ کے حقیقی فرمانبرداروں کا اتباع کرو گے تو گویا تم نے نبی ﷺ کا اتباع کیا لیس بیسکم نبی موجود بصورۃ حتی تتبعوہ فاذا تبعتم المتبعین للنبی صلی اللہ علیہ وسلم المحققین فی اتباعہ فکانما قد اتبعتموہ (ایضاً المجلس الرابع عشر ص ۹۳)

ان جوابات سے دیگر سوالوں کے جوابات بھی حل ہو سکتے ہیں، خدا تعالیٰ نیک عمل کی توفیق عنایت فرماوے اور تواہیات افسانیہ سے محفوظ رکھے آمین۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

شافعی مساجد میں نماز جمعہ:

(سوال ۹۳) شہر بمبئی میں کئی مسلم محلوں میں شافعی مذہب والوں کی مسجدیں ہیں جمعہ پنجوقتی ہیں، ائمہ شوافع کا نظریہ ہے کہ جامع مسجد کے سوا دیگر مسجد میں جمعہ قائم نہیں ہو سکتا، ان کے اس نظریہ کی وجہ سے شافعی المسلک بلکہ حنفی المسلک کو بھی ہر روز جمعہ بڑی مشقت اور زحمت کا سامان رہتا ہے کیونکہ لوگوں کی تعداد کثیر ہونے کے سبب سب کو جامع مسجد میں جگہ ملنا مشکل ہے بلکہ حنفی المسلک والوں کی مسجد میں بھی جگہ نہیں ملتی، بارش کے زمانہ میں بہت سے حنفی و شافعی نماز جمعہ سے محروم رہتے ہیں، کیا ایسے وقت بھی مذہب شافعی کے سوجب ایک سے زائد مساجد میں جمعہ پڑھنے کی اجازت نہیں؟ اس کا جواب دے کر ممنون فرماویں۔

(الجواب) بے شک حضرت امام شافعی کے نزدیک نماز جمعہ کی صحت کی یہ شرط بھی ہے کہ شہر میں ایک ہی جگہ جمعہ پڑھا جاوے، اگر ایک سے زائد جگہ جمعہ پڑھا گیا تو جس امام کی تکبیر تحریمہ پہلے ہوئی اس کی نماز صحیح ہوئی باقی مسجد میں پڑھے ہوئے جمعہ کا اعتبار نہیں۔

حضرت امام ابوحنیفہؒ سے ایک روایت میں بھی یہی مروی ہے۔ در شہر چند جا جمعہ جائز است و بروایتے از امام اعظم سوائے یک جا جائز نیست (مالابدمنہ ص ۵۴)

لیکن حضرت امام اعظمؒ کی دوسری روایت میں ضرورت اور رفع حرج کے پیش نظر ایک سے زائد جگہوں میں نماز جمعہ پڑھنے کی اجازت ہے، اسی حرج مذہب شافعی میں بھی مجبوری کی وجہ سے ایک سے زائد مقام میں جمعہ پڑھنے کی گنجائش ہے۔ وتؤدی فی مصر واحد بمواضع کثیرۃ مطلقا علی المذھب وعلیہ الفتوی (الی قولہ) دفعا للحرج ، درمختار (قولہ علی المذھب) فقد ذکر الامام السرخسی ان الصحیح من مذھب ابی حنیفۃ جواز اقامتھا فی مصر واحد فی مسجدین واکثر وبہ ناخذ (شامی ج ۱ ص ۵۵۵ باب الجمعۃ)

شافعی مذہب کی معتبر عربی کتاب "الاسرار" (مؤلفہ محمد یحییٰ سیروانی شافعی) کا اردو ترجمہ "ارکان اسلام" میں

[illegible] ہوتے کی تردید ہی ہے کہ اگر ہیں [illegible] ایک [illegible] میں [illegible] پڑھا جائے تو [illegible] پڑھا جائے تو [illegible] ایک [illegible] پڑھا جائے [illegible] (ردالمحتار ۱/۵۶۰)

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ

حاصل کلام یہ ہے کہ اگر شدید ضرورت کی بنا پر مجبوری متعدد جگہ جمعہ پڑھنے کی اجازت دی جائے تو [illegible] جمعہ کی صورت میں ایک جگہ جمعہ پڑھا جائے یہ حکم [illegible] قائم کرنے کے قدیم تعامل امت کے خلاف ہے۔

لہٰذا اس [illegible] کی وجہ سے [illegible] کی وجہ سے [illegible] کہ [illegible] ضرورت کے مطابق متعدد جگہ میں نماز جمعہ کی اجازت دی جائے [illegible]

نماز جمعہ مسجد میں پڑھیں یا پرانی میں

(سوال ۹۰) بلدہ [illegible] میں تین مسجدیں ہیں (۱) [illegible] (۲) [illegible] (۳) [illegible] امام مسجد ان تینوں میں [illegible] مسجد قدیم ہے اس میں جمعہ ہوتا ہے اور تقریباً مصلی اس میں [illegible] ہیں [illegible] مسجد [illegible] ہیں [illegible] اس میں جمعہ پڑھا جائے [illegible] ہوتی ہے وہ اس کی وجہ سے کہ تمام مصلی اس میں سما سکتے ہیں [illegible] امام مسجد کی [illegible] اس میں تمام نمازیوں [illegible] ہے

اس میں قائل دو بات ہے کہ [illegible] نماز جمعہ ایک ہی جگہ پڑھی جاتی ہے تو اس مسجد میں [illegible]

(الجواب) اس قدیمہ کہ [illegible] مسجد میں جمعہ پڑھا جاتا ہے وہ جامع مسجد کہی جاتی ہے [illegible] اس میں جمعہ پڑھنا افضل ہے

عن ابن عباس مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلاۃ [illegible] وصلاتہ فی مسجدہ [illegible] صلاۃ الجمعۃ [illegible] وصلاتہ فی [illegible] صلاۃ فی مسجد قومہ [illegible] صلاۃ الجمعۃ [illegible] صلاۃ فی مسجد [illegible] صلاۃ [illegible] صلاۃ فی [illegible] صلاۃ [illegible] صلاۃ [illegible] صلاۃ

(الجواب) جمعہ کے صحیح ہونے کے لئے مسجد کا ہونا شرط نہیں شہر وقصبہ شہر میں کسی بھی جگہ مثلاً مکان میں یا ہال میں یا کھلے میدان میں نماز جمعہ درست ہے بشرطیکہ اس جگہ ان تمام (یعنی ہر شخص کو نماز پڑھنے کی اجازت ہو) ضروری نے بانی مسجد کا ثواب پھر بھی نہیں ملے گا ولا یشترط الصلوٰۃ فی البلد بالمسجد فتصح بفضاء فیھا صحطاوی علی مراقی الفلاح ص ۲۷۹ باب الجمعۃ فقط واللہ تعالیٰ علم بالصواب۔

عبادت گاہ میں جمعہ کی نماز۔

(سوال ۹۲) یہاں (انگلینڈ) میں ان ازسے قریب اسلامی مسافر خانہ ہے جس کے بالائی حصہ میں عبادت گاہ ہے اس میں پنجگانہ نماز باجماعت ہوتی ہے قریب وجوار کے رہنے والے (جیسے ونی ورسٹی کالج آف ٹی ایس ٹی وغیرہ) جن کی تعداد دو سو ہے یہ لوگ مذکورہ عبادت گاہ میں جمعہ کی نماز پڑھنا چاہتے ہیں کیونکہ جانے وقت بس اڈہ اور جامع مسجد میں ایک میل کا فاصلہ ہے اور اس فاصلہ اور قلت وقت کی وجہ سے بہت سے لوگوں کی نماز جمعہ بسا اوقات فوت ہو جاتی ہے تو کیا یہاں جمعہ کی نماز ہو سکتی ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) آپ سات سال سے تراویح پڑھاتے ہیں اور ہدیہ نہیں لیتے اگر امسال بھی اسی طرح تراویح پڑھا رہے ہیں اور کوئی خوشی سے کچھ پیش کرے یا ضرورت سے قبول کر لیتے اگر کوئی ہدیہ نہیں لیتے تو بہتر ہے ہدیہ لینے کا طے نہیں ہے یہ اس کی عمل ہے جو ہدیہ نہیں لیتا ہے اس کو ہدیہ نہیں لینا چاہیے اور جو ہدیہ لیتا ہے اس کو ہدیہ لینا چاہیے اس لئے لوگوں کو اجازت دے دیے کہ وہ دل میں جانوں نہ لیا جائے غریب کو دے دی جائے تو بھی لینا چاہیے اور اگر آپ امام ہیں تو آپ امام کے لئے ہدیہ نہیں لیتے اس لئے کہ آپ نے تراویح کے لئے تعین کیا تو امام واجب کی بات کرنے نہیں رکھا تھا۔ (فقط واللہ اعلم) حررہ العبد محمد کفایت اللہ عفی عنہ ۲۶ رمضان ۱۳۳۸ھ

تراویح میں سجدہ سہو کیا تو وہ کتنی قائم اعادہ ہیں؟

(سوال ۲۲۳) تراویح میں بیٹھنا بھول گئے اور سجدہ سہو کر لیا اور سجدہ سہو کے بعد یاد آیا کہ بیٹھنا بھول گئے تھے اس صورت میں دو سجدے سہو کے فرض تھے یا ایک ہی سجدہ سہو کافی ہو گیا اور نماز ہو گئی یا نہیں؟ اگر نماز ہو گئی یا نہیں تو کیا نماز کا اعادہ واجب ہے یا نہیں؟ اعادہ واجب ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

(الجواب) نماز تراویح میں ایک سجدہ زائد ہو جانے کی وجہ سے نماز فاسد نہیں ہوتی ہے نہ اعادہ واجب ہے یہ اس وقت کے اندر اندر اعادہ ہے ایک دو نمازوں کی جماعت سے اور جماعت تباہ ہو جاتی ہے۔ (فقط واللہ اعلم بالصواب)

تراویح میں ختم قرآن کے بعد شیرینی تقسیم کرنا!

(سوال ۲۲۴) مضان المبارک میں تراویح میں ختم قرآن ہوتا ہے اس دن شیرینی تقسیم کرنا کیسا ہے جائز ہے یا ناجائز؟

(۲) شیرینی صرف ایک شخص کی طرف سے تقسیم ہوتی ہے یا چندہ کر کے تو یہ ضرورت ہے یا نہیں؟ (۳) شیرینی جماعت خاص میں تقسیم ہوتی ہے یا عام میں کی جاتی ہے؟ بینوا توجروا (۴) کیا وقت ہوا ہے؟ (بینوا توجروا)

(۱) ولا یتنفل بعد وتر بجماعۃ ای علی سبیل التداعی (الدر المختار) وکرہ تحریما لا تنزیہا (الی قولہ) وعن ابی یوسف لا بأس بہ اذا لم یجعل سنۃ (مراقی الفلاح علی ہامش طحطاوی) فصل فی صلاۃ التراویح ص ۲۰۲ وفی الفتاوی من ترک قضاء سنۃ بعذر او بلا عذر فلیس لہ ان یؤدیہا بجماعۃ لانہ یؤدی الی ترک الجماعۃ (تاتارخانیہ) الفصل الرابع عشر فی قضاء التراویح

(الجواب اضروری نہیں ہے لوگوں نے اسے ضروری سمجھ لیا ہے اور بڑی پابندی کے ساتھ عمل کیا جاتا ہے۔ لوگوں کو چندہ دینے پر مجبور کیا جاتا ہے۔ مسجدوں میں بچوں کا احتلام اور تبدیل وغیرہ خرابیوں کے پیش نظر اس دستور کو موقوف کر دینا ہی بہتر ہے۔

(۲) امام مسجد یا اور کوئی شخص قرآن کی خوشی میں کبھی کبھی شیرینی تقسیم کرے اور مسجد کی حرمت کا خیال رکھا جائے تو درست ہے۔

(۳) مسجد کا فرش خراب ہو تو مثل چٹائی وغیرہ مسجد کی چیز سے اگر ضرورۃً آسکے تو درست ہے بشرطیکہ اس کو دوسرے پر تقسیم کیا جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔ ۱۲ رمضان المبارک ۱۳۳۶ھ۔

چند حفاظ کر تراویح پڑھائیں تو درست ہے یا نہیں؟

(سوال ۲۳۵) ہمارے یہاں مسجد میں پانچ حافظ کر تراویح پڑھاتے ہیں۔ پہلے حافظ صاحب پانچ رکعت پڑھاتے ہیں دوسرے حافظ صاحب پانچ رکعت پڑھاتے ہیں تیسرے حافظ صاحب پانچ رکعت اور پھر چوتھے پانچ رکعت پڑھاتے ہیں کیا درست ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) افضل یہ ہے کہ ایک ہی حافظ کل تراویح پڑھائیں مگر دو حافظ جید و باصحت حفظ ہوں اور تعداد حفاظ تراویح پڑھائیں تو یہ بھی درست ہے۔ تراویح دو دو پڑھی جاتی ہے۔ والافضل ان یصلی التراویح بالجماعۃ واحد فان صلوھا بالمناوبۃ فالمستحب ان یکون انصراف کل واحد علی کمال الترویحۃ فان انصرف علی تسلیمۃ لا یستحب ذلک فی الصحیح (الفتاوی الھندیۃ) والمگیری ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ قلمی التراویح فقط واللہ اعلم بالصواب۔

تراویح میں سوال میں مندرج کلمات پڑھنا کیسا ہے؟

(سوال ۲۳۶) ہمارے یہاں تراویح شروع کرنے سے قبل ایک حافظ صاحب یہ کلمات پڑھتا ہے۔ اصلوٰۃ التراویح سنۃ حمکم اللہ لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ والحمد للہ الذی لم یتخذ ولدا ولم یکن لہ شریک فی الملک الخ پڑھنے کے بعد یہ کلمہ کہتا ہے یا کریم المعروف بانعامہم الاحسان احص لنا دینا باحسانک القدیم یا اللہ یا اللہ یا اللہ تفضل من اللہ ونعمۃ ومغفرۃ ورحمۃ لا الہ الا اللہ واللہ اکبر اللہ اکبر ولہ الحمد۔ پڑھتا ہے۔ اور پانچ رکعت کے بعد علیہ محمد المصطفی صلی اللہ علیہ وسلم لا الہ الا اللہ واللہ اکبر اللہ اکبر ولہ الحمد پڑھتے کے بعد یہ کلمہ الحروف الخ پڑھتا ہے اور دوسرے تروایحہ میں خلیفۃ رسول اللہ بالصادق والتحقیق امیر المؤمنین سیدنا ابی بکر الصدیق رضی اللہ عنہ لا الہ الا اللہ پڑھتا ہے۔ اور پھر تیسرے تروایحہ میں ذی المسجد والمنبر والمحراب امیر المؤمنین سیدنا عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ لا الہ الا اللہ پڑھتا ہے۔ چوتھے تروایحہ میں جامع القرآن کامل الحیاء والایمان امیر المؤمنین سیدنا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ لا الہ الا اللہ الخ اور پانچویں تروایحہ میں اسد اللہ الغالب منقوم العجائب والغرائب بعلم المعارف والحقائق امیر المؤمنین سیدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ لا الہ الخ

[illegible] لا إله إلا الله [illegible] لا إله إلا الله [illegible]

تراویح پر اجرت لینا

[illegible]

تراویح میں دوسری رکعت میں قراءت طویل کرنا

(سوال ۲۳۸) کتاب دین پر فرماتے ہیں حافظ صاحب تراویح کی پہلی رکعت میں قراءت مختصر اور دوسری رکعت میں قراءت طویل پڑھتے ہیں۔ تراویح کی پہلی رکعت میں قراءت طویل اور دوسری میں مختصر ہونی چاہئے۔ حافظ صاحب کہتے ہیں کہ حنفیہ کا مذہب پہلی رکعت میں قراءت مختصر اور دوسری رکعت میں کوئی حد قراءت کی مقرر نہیں ہے جتنا چاہے طویل پڑھے۔ واضح مرحمت فرمائیں بالتفصیل جواب دیں۔

(الجواب) تراویح پوری امت سے بجماعت پڑھی جاتی ہے اس لئے مقتدی پر لازم ہوجاتی ہے لہٰذا امام جس رکعت میں قراءت کرے مقتدی کو اس وقت ہونٹ ہلانا چاہئے تو قائل رہتے کبھی کسی کی عادت ہوتی ہے کہ پہلی رکعت طویل پڑھتا ہے۔ تراویح کا مسئلہ ہدایہ میں ہے کہ پہلی رکعت میں دوسری رکعت کی قراءت طویل نہ کرے یہ ہے۔ [illegible] اور امام محمد سے فرمایا کہ تراویح کی رکعتوں کے درمیان کتنا وقفہ کرے تو فرمایا کہ دو رکعتوں کے درمیان بیٹھنے کا اندازہ ہے۔ [illegible] ویستحب الصمت بین کل رکعتین عندنا وعند محمد رحمہ اللہ یقرأ الفرائض الا وبی علی لانہ هکذا فی محیط السرخسی (عالمگیری ج ۱ ص ۱۱۵ وفیہ قال فی الذخیرہ کبیری ص ۳۸۰ ا فقط واللہ اعلم بالصواب۔

تراویح کے بعد باری باری ہر ختم پر ختم قرآن کرنا کیسا ہے؟

(سوال ۲۳۹) ماہ رمضان میں رات کو تراویح کے بعد ختم قرآن کا معاملہ جاری ہے ترتیب وار سب ہی ختم کے لئے ہوتے ہیں اور قرآن پڑھتے ہیں اس طرح قرآن ختم کرنا کیسا ہے؟ جس روز سے ختم شروع ہوا ہے اس روز سے ختم تک کتنی جماعت سے ضیافتیں ہونی چاہئے تو فرمائیں۔

(الجواب) ختم قرآن کو یہ طریقہ کہ باری باری ختم کرتے ہوں ممنوع نہیں ہے۔ بلکہ مستحب ہے۔ ہاں ختم پر ضیافت کرنا بدعت ہے۔ جو شخص ختم قرآن کا شوق رکھتا ہو تو کسی جگہ جاکر پڑھ لیا کریں اور اس ختم پر جس کو مرضی ہو اب جو ختم پڑھے اور سب مل کر دعا پڑھتے ہیں ختم بھی ہوجائے گا اور اصل مقصد بھی ہوجائے گا۔ حاضرین میں سے کوئی ختم خواں بھی ہوں۔ کچھ ہوا کہ ختم کیں پڑھ لیتے ان کی ضیافت بھی ہوجاتی ہے یہ بھی ایک سلسلہ قائم ہوجاتا ہے واللہ اعلم بالصواب۔

امام تراویح سامع کا لقمہ لینے تک خاموش رہنے کا حکم ہے؟

(سوال ۲۴۰) ہمارے یہاں تراویح میں حافظ صاحب سے ایک غلطی ہوئی تو پیچھے سے سامع نے لقمہ دیا اور پوری

آیت پڑھی آتی (امام صاحب خاموش رہے یہ آیت یہ ہے "ام حسبتم ان تترکوا ولما یعلم اللہ الذین جاھدوا منکم ویعلم الصابرین" تک تو کچھ نہ بولے بعد کو کہا کیوں نہیں؟ اگر واجب ہوتے تو ان کو بتلانا ضروری تھا اعادہ ضروری ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) قرأت تراویح کا واجبی اعادہ کی ضرورت نہیں۔ حافظ کے لقمہ دینے کے لئے ضرور تھا امام کا اس قدر خاموش رہنا مفسد صلوٰۃ نہیں ہے اور بعد کو بھی ضرورت نہیں ہے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

ایک شخص فرض اور وتر پڑھائے اور حافظ صرف تراویح پڑھائے تو کیسا ہے؟

(سوال ۳۴۰) ہمارے یہاں امام صاحب عشاء کی فرض نماز اور وتر پڑھاتے ہیں اور دوسرے حافظ صاحب تراویح پڑھاتے ہیں تو اس میں کوئی مضائقہ ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) کوئی مضائقہ نہیں۔ حضرت فرض نماز اور وتر پڑھاتے تھے اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ تراویح پڑھاتے تھے۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے۔ واذا احرزت التراویح ساغ لمن علی ھذا الوجہ ان یصلی الفریضۃ احدھم ویصلی التراویح الآخر وقد کان عمر رضی اللہ عنہ یؤمھم فی الفریضۃ وابو یوسف رضی اللہ عنہ یؤمھم فی التراویح کذا فی السراج الوھاج (عالمگیری ج ۱ ص ۷۲ فصل فی التراویح) واللہ اعلم

تراویح میں تنہا عورتوں کی جماعت:

(سوال ۳۴۱) ہمارے یہاں دو لڑکیاں حافظ قرآن ہیں اگر وہ تراویح میں قرآن شریف سنائیں تو بھول جائیں گی اس بناء پر ایک مولوی صاحب نے تراویح باجماعت پڑھانے کی اجازت دی ہے۔ محلہ کی عورتیں شامل ہوکر باجماعت تراویح ادا کرتی ہیں۔ حنفی مذہب میں اس کی اجازت ہے یا نہیں؟ تفصیل جواب عنایت فرمائیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) عورت حافظہ سے قرآن سننے کی جب کہ بھول جانے کا اندیشہ ہے تب بھی تراویح باجماعت کی اجازت نہیں تنہا تنہا پڑھیں۔ عورتوں کے لئے باجماعت مکروہ تحریمی ہے اگرچہ تراویح ہو "لانہ لا یندب لھا الجماعۃ" (حلبی ص ۱۵۵) جماعتھن (وحدھا) ولو امام ابو حنیفۃ مکروہۃ وقالا وغیرھما جائزۃ (درمختار ص ۱۰۰ ج ۱) ترجمہ۔ امام ابو حنیفہ کے نزدیک عورتوں کی جماعت مکروہ ہے اور دوسرے ائمہ کے نزدیک جائز ہے۔ (ش ۳۵)

حضرت عائشہ نے عورت کی آواز کو عورت (قابل ستر) قرار دیا ہے۔ چنانچہ بدائع میں ہے "ویروی قال علیہ السلام صوت المرأۃ عورۃ فاذا رفعت صوتھا بالقراءۃ فقد کشفت عورتھا" (بدائع ج ۱ ص ۱۲۳) ترجمہ۔ فقہاء کی معتبر کتاب "بدائع" میں ہے کہ عورت کی آواز عورت (قابل ستر) ہے جب اس نے

(۱) (ویکرہ) تحریما جماعۃ نساء ولو) فی التراویح (فی الاصح) فی الکتاب تحت قولہ ولو فی التراویح فالاصح الکراھۃ فی کل ماشرع فیہ جماعۃ فرجحن فرادی وفی الشامی (قولہ فی الکتاب) ای الدر المختار مع الشامی باب الامامۃ ص ۵۱۵ ج ۱

فرماتے ہیں کہ اس قول کے مطابق عورت قرأت زور سے پڑھے گی تو اس کی نماز فاسد ہو جائے گی۔ (ملا بد منہ ص ۳۰) جوابص ۵ دلیل ہے بالا ان المرأة لا ترفع صوتها لان صوتها عورة مگر عورت تکبیر تشریق کہنے میں اپنی آواز بلند کرے گی اس کی "دلیل عورت (مسترات اس ۲ مسئلہ نمبر ۳۵)

بیس رکعت تراویح سنت ہے یا بدعت ہے:

(سوال ۲۲۳) بیس ۲۰ رکعت تراویح باجماعت سنت ہے یا بدعت کچھ لوگ غیر مقلدین بدعت کہتے ہیں۔ کیا یہ صحیح ہے بینوا توجروا۔

(الجواب) بیس ۲۰ رکعت تراویح باجماعت سنت مؤکدہ ہے اس پر سب کا تعامل ہے اور اجماع حجت شرعیہ ہے۔ لہٰذا بدعت کہنا گمراہی ہے اور رافضی کی موافقت کرنا ہے حضرت عمر خلفاء راشدین میں سے ہیں اور آنحضرت ﷺ نے خلفاء راشدین کے طریقہ کو لازم قرار دیا ہے فرماتے ہیں۔ علیکم بسنتی وسنة الخلفاء الراشدین المهديين متفق باب الاعتصام بالكتاب والسنة ص ۳۰ اور ارشاد فرماتے ہیں۔ اقتدوا بالذين من بعدی ابی بکر و عمر رضی اللہ عنہما مشکوۃ باب مناقب ابی بکر و عمر صفحہ ۵۵۴ اور ابو نعیم نے حذیفہ الیمانی کے حوالہ سے نقل کیا ہے روی ابو نعیم من حدیث عروبة الکندی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال سمعت بعد انباء فاحببتها الی ان نومی ما احدث عمر رضی اللہ عنہ یعنی رسول خدا ﷺ نے فرمایا کہ میرے بعد بہت نبی ہوں گے مجھے ان میں سب سے زیادہ محبوب وہ چیز ہوگی جس کو عمر نے ایجاد کیا ہو تم سب اس کو لازم کرنا اور اپنے اوپر لازم کر لینا۔ (بحوالہ طحطاوی علی مراقی الفلاح ص ۳۳۹ فصل فی صلاۃ التراویح)

فتح الاسلام ماسر جد الدین فتح شارح فتح بخاری علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔ اقام فرماتے ہیں سیرة العمر لا شک فی ان فی فعلها ثواب وفی ترکها عقاب لانا امرنا بالاقتداء بها لقوله علیه الصلوة والسلام اقتدوا بالذین بعدی ابی بکر و عمر فاذا کان الاقتداء بهما مامورا به یکون واجبا وتارک الواجب یستحق العقاب والعتاب.

یعنی ۲۰ حضرت عمرؓ کے طریقہ پر عمل کرنے میں بلاشبہ ثواب ہے اور اس کے ترک کرنے میں عقاب ہے اس لئے کہ حضور اکرم ﷺ کے اس قول مبارک "اقتدوا بالذین من بعدی ابی بکر و عمر" میں کہ آپ کی اقتداء کا حکم کیا گیا ہے تو جب ان دو حضرات کی اقتداء مامور بہ (جس پر عمل کرنے کا حکم دیا گیا) ہے تو یقیناً اقتداء کرنا واجب ہوگا۔ اور واجب کو ترک کرنے والا عقاب اور عتاب کا مستحق ہوتا ہے۔ (بحوالہ فتاوی لبانم الملة والدین ص ۴۷۸ ج ۳)

حافظ ابن تیمیہ فرماتے ہیں۔ قد ثبت ان ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کان یقوم بالناس عشرین رکعة فی رمضان ویوتر بثلاث فرأی کثیر من العلماء ان ذلک هو سنة لانه قام بین المهاجرین والانصار ولم ینکره منکر.

بے شک یہ ثابت شدہ امر ہے کہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ رمضان المبارک میں لوگوں کو بیس ۲۰ رکعت تراویح اور تین رکعت وتر پڑھاتے تھے۔ بیس رکعت کی سنت ہونے کی وجہ یہ ہے کہ بیس رکعت کی موجودگی میں بیس ۲۰ رکعت پڑھاتے تھے کسی نے بھی ان کے اس فعل پر انکار واعتراض نہیں کیا (اگر بیس رکعت سنت نہ ہوتی تو مہاجرین وانصار ضرور اعتراض کرتے) (فتاویٰ ابن تیمیہ ج ۱ ص ۱۹۱)

شیخ احمد رومی فرماتے ہیں:۔ والصحابة حينئذ متوافرون منهم عثمان وعلي وابن مسعود والعباس وابنه والزبير ومعاذ وغيرهم من المهاجرين والانصار ولم يرد عليه واحد منهم بل ساعدوه ووافقوا وامروه بذلك ووافقوا عليها حتى ان عليا أتى عليه ودعاله بالخير وقد قال نور الله مضجع عمر كما نور مساجدنا وقد قال النبي صلى الله عليه وسلم عليكم بسنتي وسنة الخلفاء الراشدين المهديين من بعدي وهي عشرون ركعة

یعنی:۔ (اس زمانہ میں جب کہ حضرت عمرؓ نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کو بیس ۲۰ رکعت تراویح پڑھانے کے لئے مامور کیا) اس وقت صحابہ بکثرت موجود تھے ان میں حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ، حضرت ابن مسعودؓ، حضرت عباسؓ اور ان کے صاحبزادے، حضرت عبداللہؓ، حضرت زبیرؓ، حضرت معاذؓ اور ان کے علاوہ سب ہی مہاجرین وانصار موجود تھے۔ کسی نے حضرت عمرؓ پر اعتراض نہیں کیا (رد آپ کی تردید تو کیا کی بلکہ سب نے آپ کا تعاون کیا اور آپ کی موافقت اور تائید کی اور اس کو جاری ورائج کیا اور صحابہ پابندی سے پڑھتے رہے یہاں تک کہ حضرت علیؓ نے حضرت عمرؓ کی تعریف کی اور ان کی لئے دعائے خیر کی (حضرت عمرؓ کی وفات کے بعد فرمایا کرتے تھے) اللہ تعالیٰ حضرت عمرؓ کی قبر کو نور سے بھر دے جیسے حضرت عمرؓ نے ہماری مسجدیں نور کردیں۔ آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے میرے طریقہ اور خلفائے راشدین جو میرے بعد ہوں گے ان کے طریقہ کو لازم پکڑنا۔ اور تراویح کی بیس ۲۰ رکعتیں ہیں۔ (مجالس ابرار ص ۷۹ مجلس نمبر ۲۸ فی بیان کیفیۃ التراویح وفضلہا۔)

محدث کبیر حضرت علامہ انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ فرماتے ہیں۔ عمل فاروقیؓ (بیس ۲۰ رکعت تراویح) کو امت نے اختیار کیا اور یہ سنت شرعیہ ہے یعنی سنت مؤکدہ ہے دلیل آنحضور ﷺ کا قرار ہے۔ عليكم بسنتي وسنة الخلفاء الراشدين المهديين ہے۔ (العرف الشذی ج ۱ ص ۲۱۰ ب ماجاء فی قیام شھر رمضان)

ان عبارات سے واضح ہوگیا کہ بیس رکعت پر تراویح صحابہ کا اجماع ہوچکا تھا۔ لہٰذا یہ بدعت نہیں۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

تراویح میں ایک مرتبہ ختم قرآن مجید سنت مؤکدہ ہے:

(سوال ۴۴۳) رمضان میں تراویح میں ایک قرآن ختم کرنا فقہاء نے سنت لکھا ہے اس سے کوئی سنت مؤکدہ یا غیر مؤکدہ؟ مفصل ومدلل جواب مرحمت فرمائیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) باسمہ تعالیٰ۔ صحیح مذہب اور قول اصح یہ ہے کہ تراویح میں ایک قرآن ختم کرنا سنت مؤکدہ ہے۔ تو ہم کی

والختم مرة سنة هو كذا في الهداية شرح بداية ج ۱ ص ۱۳۱ فصل في التراويح والتهجير على ان السنة الختم مرة فلا يترك لتكسل القوم فالحاصل ان التصحيح في المذهب ان الختم سنة (البحر الرائق ج ۲ ص ۶۹ ۱۹ باب الوتر والنوافل) (وبالختم بالتراويح يثبت على سنة على القول (مرقاة شرح مشكوٰة ج ص ۱۶۴ باب قيام شهر رمضان) وأكثر المشايخ على ان السنة فيها الختم مرة فلا يترك لتكسل القوم وهداية ج ص ۱۳۱ فصل في التراويح وقوله ولا يسرع لكسل القوم تأكيد في مطلوبية الختم وفيه تخفيف على الناس لا تطويل (فتح القدير ج ۱ ص ۴۶۹ وايضاً السنة في التراويح فما هو الختم مرة فلا يترك لكسل القوم والختم مرتين فضيلة والختم ثلاث مرات فضيلة (فتاوىٰ عالمگيري، فصل في التراويح ص ۱۱۴)

(ترجمہ) رمضان المبارک میں تراویح میں قرآن کریم ختم کرنا سنت ہے (یعنی) قیام رمضان میں ختم قرآن کریم ایک مرتبہ سنت ہے (ہدایہ ص ۱۳۱) لیکن بعض فقہاء کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ قرآن مجید کا ختم سنت ہے (مرقاۃ شرح مشکوٰۃ ص ۱۶۴) بعض فقہاء کہتے ہیں کہ سنت دو مرتبہ ختم قرآن مجید ہے اور بعض کہتے ہیں کہ تین مرتبہ قرآن مجید ختم کرنا سنت ہے (فتاویٰ عالمگیری) اور بعض فقہاء کہتے ہیں کہ ختم قرآن مجید کے بارے میں لوگوں کی حالت کے مطابق عمل کیا جائے اگر لوگ سستی کریں تو ایک مرتبہ ختم قرآن مجید سنت ہے اور اگر لوگ سستی نہ کریں تو دو مرتبہ ختم قرآن مجید سنت ہے اور اگر لوگ سستی نہ کریں تو تین مرتبہ ختم قرآن مجید سنت ہے (البحر الرائق ج ۲ ص ۶۹ باب الوتر والنوافل)

اگرچہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ثابت ہے کہ آپ نے کبھی رمضان میں پورا قرآن مجید ختم نہیں کیا اور نہ ہی آپ سے کسی اور صحابی سے ثابت ہے کہ انہوں نے رمضان میں پورا قرآن مجید ختم کیا ہو (فتح الباری شرح صحیح بخاری ج ۴ ص ۲۰۲) (التوضیح شرح الجامع الصحیح ج ۸ ص ۱۰۰) (عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری ج ۵ ص ۴۶۰) (نیل الاوطار شرح منتقی الاخبار ج ۳ ص ۶۰) (مرقاۃ شرح مشکوٰۃ ج ۴ ص ۱۶۴) (شرح سنن ابی داؤد ج ۱ ص ۲۰۲) (التوضیح شرح الجامع الصحیح ج ۸ ص ۱۰۰) (عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری ج ۵ ص ۴۶۰) (نیل الاوطار شرح منتقی الاخبار ج ۳ ص ۶۰) (مرقاۃ شرح مشکوٰۃ ج ۴ ص ۱۶۴) (شرح سنن ابی داؤد ج ۱ ص ۲۰۲)

ایک حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان میں بعض لوگوں کو تہجد پڑھتے ہوئے دیکھا تو فرمایا کہ یہ لوگ سمجھتے ہیں کہ ہم قرآن پڑھتے ہیں حالانکہ قرآن پڑھنے والے تو وہ ہیں جن کے دل میں قرآن پڑھتے ہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم نے اچھا کیا تم نماز پڑھو (ترجمہ) (باب قیام شہر رمضان ابن ماجہ ص ۹۰)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تراویح کے لئے یا امام کی تکاسل کو مقصد ختم قرآن سے اس حدیث سے ثابت ہوا کہ [illegible]

---

(۱) [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم وصار فی صدر [illegible] حتی یقوم فیما یظن من طول القیام حتی یقال قد نام حتی ذهب طائفة من الليل نهض فتسوك وتوضأ كما كان يفعل ثم قام حتى يقال قد رقد حتى

کتب حدیث ثابت ہیں ہے کہ خلیفہ ثانی حضرت عمر فاروقؓ نے تراویح کی امت کے لئے حافظوں کو بلا کر ان کی قرات سنی پھر تیز پڑھنے والوں کو تین ختم کرنے کا حکم دیا۔ (یعنی ہر عشرہ میں ایک ختم مہینے میں تین ختم سے ہیں اور ہر عشرہ کی الگ فضیلت ہے حدیث میں ہے۔ اولہ رحمۃ واوسطہ مغفرۃ واخرہ عتق من النار) اور درمیانی تیز پڑھنے والے (یعنی تدا پڑھنے والے) کو دو ختم کرنے کے لئے فرمایا۔ اور آہستہ یعنی ترتیل سے پڑھنے والے کو ایک ختم کرنے کے لئے کہا۔ اور صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کو ان کے شوق اور ہمت کے موافق مذکورہ احکام میں سے کسی ایک میں قطعاً ہدایت فرمائی۔ عن ابی عثمان النهدی قال دعا عمر بن الخطاب رضی الله عنه بثلثة من القراء فاستقرأهم فامر احدهم فقرأ ثلثين بقرة ثم قرأ الناس بثلثين اية في كل ركعة وامر الاوسطهم ان يقرء خمسا وعشرين وامر بطأهم ان يقرء بعشرين اية وكذا رواه الطبري عن عاصم والسنن الكبرى مع الجوهر النقي باب قدر قراءتهم في قيام شهر رمضان ج ۲ ص ۴۹۷ (مصنف ابن ابی شیبۃ ج ۲ ص ۳۹۳)

کبیری شرح منیہ میں ہے۔ وروی البیهقی باسناده عن ابی عثمان النهدی قال دعا عمر بثلثة من القراء فاستقرأهم فامر احدهم فقرأ ثلثين بقرة ثم قرأ الناس بثلثين اية في كل ركعة وامر اوسطهم بخمسة وعشرين اية وامر بطأهم بعشرين اية قال القاضي خان وقال بعضهم وهو رواية الحسن عن ابی حنیفة یقرء فی کل رکعات عشر ایات وهو الصحیح لان فیه تخفیفا علی الناس و تحصیل السنة وهو الختم مرة واحدة لان عدد رکعات التراویح فی تلک اللیلة ست مائة و آیات القرآن ستة آلاف وثلثی فاذا قرء فی کل رکعة عشر آیات یحصل الختم. والفضیلة فی الختم مرتین وینبغی للامام وغیره اذا صلی التراویح وعاد الی منزله وهو یقرأ القرآن ان یصلی عشرین رکعة یقرأ فی کل رکعة عشر آیات حتی یقرأ تتمة الفضیلة وهی الختم مرتین انتهی وفی الهدایة واکثر المشائخ علی ان السنة فیها الختم فلا یترک لکسل القوم قال الشیخ کمال الدین ابن الهمام قوله ولا یترک لکسل القوم تاکید فی مطلوبیة الختم وانه تخفیف علی الناس لا تطویل کما صرح به فی النهایة واذا کان امام مسجد حیه لا یختم فله ان یترک الی عشرة انتهی (صلوۃ التراویح کبیری شرح منیۃ المصلی ص ۳۸۸)

صلوۃ مسعودی میں ہے۔ مسئلہ۔ در تراویح سنت است کہ قرآن ختم کند و سہ پارہ روے اختلاف است کہ دوسے چند ختم کند بروایت امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ سہ ختم در ہر دو روز سے یک ختم کند و ہفتے گفتہ اند کہ یک ختم کند و نہی تمام کبیری الدین میگوید کہ امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ سہ امام بیکبار از جہت گذاردن تراویح یکے را گفت تو سہ ختم کن دیگے را فرمود کہ تو دو ختم کن دیگے را فرمود کہ تو یک ختم کن ازگاہ معلوم کرد امر کردہ گفت ہر کہ قوی حال است باید کہ سہ ختم کند و ہر کہ میانہ حال است باید کہ دو ختم کند و ہر کہ ضعیف حال است باید کہ یک ختم کند یعنی واجب است کہ ختم کردن سنت است و در خواندن قرآت در وے اختلاف است امیر المومنین گفتہ است کہ در ہر رکعتے سی آیت خواند تا کل در رمضان سہ ختم شود و در ہر دو روز سے یک ختم شود ظاہر روایت آنست کہ در ہر رکعتے دہ آیت خواند کل در رمضان یک ختم

(فتاویٰ قاضی خان علی ہامش الہندیہ ج ۱ ص ۸۸)

قاضی خاں میں ہے۔ اختلف فی مقدار القراءۃ فی التراویح اختلف المشائخ فیہ قال بعضھم یقرء فی کل شفع مقدار ما یقرء فی صلوٰۃ المغرب لان التطوع اخف من المکتوبۃ فصار خلف المکتوبات وھو المغرب وھذا لیس بصحیح لان بھذا لمقدار لا تحصل الختمۃ فی التراویح۔ والختمۃ فی التراویح مرۃ واحدۃ سنۃ وقال بعضھم یقرء مقدار ما یقرء فی العشاء لانھم تلعشاء، وقال بعضھم یقرء فی کل رکعۃ من عشرین ایۃ الی ثلثین۔ وقال بعضھم وھو روایۃ الحسن عن ابی حنیفۃ رحمہ اللہ یقرء فی کل رکعۃ عشرایات وھو الصحیح لان فیہ تخفیف علی الناس وبہ تحصل السنۃ وھی الختمۃ مرۃ واحدۃ فی التراویح (قاضی خان ج ۱ ص ۱۱۱)

امیر المؤمنین حضرت عمر بن الخطاب نے سات آدمیوں کو قرآن مجید کے مختلف آخر حضرت عثمان کی دلیل دیتے ہوئے آپ اس کا حکم فرمایا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ جیسے اعلم الصحابہ ان کو سیکڑوں سے اور خلفائے راشدین کے بعض ان کی صورت آنحضرت ﷺ کے مبارک زمانہ میں کبھی نہیں ہوئی آنحضرت ﷺ کی بیان مقاصد شریعت کے لحاظ سے ان کا تین سنت اور تین بدعت ہونا ظاہر ہے۔ لہٰذا ان کو ختم قرآن کی وجہ سے صورت آنحضرت ﷺ کے مبارک زمانہ میں نہ ہونے کی وجہ سے بدعت کہنا کسی طرح صحیح نہیں ہے۔ اس کے علاوہ مختلف زمانوں اور حالات کے لحاظ سے آنحضرت ﷺ کے بہت سے فیصلے ایسے ہیں جو سنت ہونے کے باوجود آنحضرت ﷺ کے زمانہ میں عمل میں نہیں آئے۔

اصول الشاشی مشہور و معتبر کتاب ہے اصول الشاشی میں ہے السنۃ عبارۃ عن الطریقۃ المسلوکۃ المرضیۃ فی باب الدین سواء کانت من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم او من الخلفاء الراشدین رضی اللہ عنہم۔ قال علیہ الصلوٰۃ والسلام علیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین المھدیین عضوا علیھا بالنواجذ

(سنت اس طریقہ مرضیہ مسلوک فی الدین کو کہتے ہیں جس پر آنحضرت ﷺ نے خود عمل کیا اور آپ کے بعد خلفائے راشدین نے آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے۔ میرے طریقہ کو اور میرے بعد خلفائے راشدین کے طریقہ کو لازم پکڑو)

(اصول الشاشی ص ۲۰۰ المجلد الاول فی التمییز بین الفعل فی الفرض)

اس لئے حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ لکھتے ہیں [illegible] (حجۃ اللہ البالغہ ج ۱ ص ۱۱۸ باب الاقتداء بالسنن والخلفاء الراشدین) اس سے ثابت ہے کہ خلفاء راشدین کی سنت بھی (حجۃ اللہ البالغہ ج ۱ ص ۱۱۸ باب الاقتداء بالسنن والخلفاء الراشدین) اس سے ثابت ہے کہ خلفاء راشدین کی سنت بھی

حضرت علامہ قاری رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں کہ [illegible] حضرت ﷺ کی سنت ہے جس کا یہ فعلکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین (فعلیکم بعضوا علیھا بالنواجذ) شرح مسلک ج ۱ ص ۳۲۲ ملا علی قاری)

محدث علامہ انور شاہ کشمیری قدس سرہ فرماتے ہیں "عمل فاروقی (بیس رکعت تراویح) اور سنت کے اختیار کی اور سنت شریعہ ہے جس سنت مؤکدہ ہے۔ دلیل آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے۔ علیکم بسنتی وسنۃ

الجمعۃ واقر اسمین الجمعۃ بسبیح ۱۲ منہ (ت) الدرالمختار کتاب الصلوٰۃ باب قیام شہر رمضان ۱

نماز تراویح میں ختم قرآن کی رات ہے اس میں ختم کا اعلان کیا جاتا ہے۔ بعض لوگ اس سے منع کرتے ہیں وہ بدعت ہے اس میں قرآن کریم کی بے ادبی ہے اور قرآن کا ساتھ نہیں ختم ہوجاتا وغیرہ اعتراضات کرتے ہیں ان سب کا جواب دینا اور ان کا رد کرنا ضرور ہے۔ اس سنت پر ہمیشہ اکثر مسلمین عامل رہے ہیں اور ہیں اور ان شاء اللہ تعالٰی رہیں گے اور ایسے امر پر اعتراض کرنا جس پر ہمیشہ سے جمہور مسلمین عامل رہے ہیں اور ہیں اور ان شاء اللہ تعالٰی رہیں گے اس امر کی دلیل ہے کہ اعتراض کرنے والے کا دل مسلمانوں کی طرف سے صاف نہیں اور وہ ان کے حال پر خیر خواہی نہیں کرتا اسی لئے ہم نے اس رسالہ کا نام مانع الاعتراض عن ختم القرآن فی التراویح رکھا ہے۔ اس رسالہ میں ہم نے ان اعتراضات کا جواب دیا ہے اور ان کا رد کیا ہے اور ان شاء اللہ تعالٰی ہر اعتراض کا جواب دیں گے اور ہر اعتراض کا رد کریں گے۔ اللہ تعالٰی ہی سے ہم توفیق چاہتے ہیں اور اسی پر ہمارا بھروسا ہے اور وہی ہمارا کارساز ہے۔

اعلم ان ختم القرآن فی التراویح سنۃ ثابتۃ بالحدیث والاجماع وتعاملہ الخلف بعد السلف فی جمیع الاعصار والامصار ولم ینکرہ الا اھل البدع والاھواء والاشرار وھذا ھو الحق الذی لا محید عنہ ولا مرید لہ الا من اعمی اللہ بصرہ وبصیرتہ وقد بسطت الکلام علیہ فی رسالتی المسماۃ بالزلال الانقی فی سنیۃ الختم فی التراویح بالقرآن المجید فی شہر الصیام والقیام وفی رسالتی المسماۃ بالنہی الاکید عن ترک الختم فی التراویح بالقرآن المجید ۱۲ منہ (ت)

اعلم ان ختم القرآن فی التراویح سنۃ ثابتۃ بالحدیث والاجماع وتعاملہ الخلف بعد السلف فی جمیع الاعصار والامصار ولم ینکرہ الا اھل البدع والاھواء والاشرار وھذا ھو الحق الذی لا محید عنہ ولا مرید لہ الا من اعمی اللہ بصرہ وبصیرتہ وقد بسطت الکلام علیہ فی رسالتی المسماۃ بالزلال الانقی فی سنیۃ الختم فی التراویح بالقرآن المجید فی شہر الصیام والقیام وفی رسالتی المسماۃ بالنہی الاکید عن ترک الختم فی التراویح بالقرآن المجید ۱۲ منہ (ت)

ختم قرآن کریم تراویح میں سنت ثابتہ ہے حدیث اور اجماع اور تعامل خلف بعد سلف جمیع اعصار وامصار سے اس پر اہل بدع واہواء واشرار کے سوا کسی نے انکار نہیں کیا اور یہی حق ہے جس سے عدول نہیں اور جس کا ارادہ نہیں مگر وہ جس کی بصارت وبصیرت اللہ تعالٰی نے اندھی کردی ہے۔ میں نے اس مسئلہ پر اپنے رسالہ مسمّاۃ بالزلال الانقی فی سنیۃ الختم فی التراویح بالقرآن المجید فی شہر الصیام والقیام اور رسالہ مسمّاۃ بالنہی الاکید عن ترک الختم فی التراویح بالقرآن المجید میں مفصل کلام کیا ہے ۱۲ منہ (ت)

الدرالمختار کتاب الصلوٰۃ باب قیام شہر رمضان ۱ / ۵۰۱

ختم قرآن کریم تراویح میں سنت ہے حدیث سے اور اجماع سے اور تعامل خلف بعد سلف سے جمیع اعصار وامصار میں اس پر اہل بدع واہواء واشرار کے سوا کسی نے انکار نہیں کیا اور یہی حق ہے جس سے عدول نہیں اور جس کا ارادہ نہیں مگر وہ جس کی بصارت وبصیرت اللہ تعالٰی نے اندھی کردی ہے۔ میں نے اس مسئلہ پر اپنے رسالہ مسمّاۃ بالزلال الانقی فی سنیۃ الختم فی التراویح بالقرآن المجید فی شہر الصیام والقیام اور رسالہ مسمّاۃ بالنہی الاکید عن ترک الختم فی التراویح بالقرآن المجید میں مفصل کلام کیا ہے ۱۲ منہ (ت)

الدرالمختار کتاب الصلوٰۃ باب قیام شہر رمضان ۱ / ۵۰۱

ختم قرآن کریم تراویح میں سنت ہے حدیث سے اور اجماع سے اور تعامل خلف بعد سلف سے جمیع اعصار وامصار میں اس پر اہل بدع واہواء واشرار کے سوا کسی نے انکار نہیں کیا اور یہی حق ہے جس سے عدول نہیں اور جس کا ارادہ نہیں مگر وہ جس کی بصارت وبصیرت اللہ تعالٰی نے اندھی کردی ہے۔ میں نے اس مسئلہ پر اپنے رسالہ مسمّاۃ بالزلال الانقی فی سنیۃ الختم فی التراویح بالقرآن المجید فی شہر الصیام والقیام اور رسالہ مسمّاۃ بالنہی الاکید عن ترک الختم فی التراویح بالقرآن المجید میں مفصل کلام کیا ہے ۱۲ منہ (ت)

الدرالمختار کتاب الصلوٰۃ باب قیام شہر رمضان ۱ / ۵۰۱

(۱) ردالمحتار کتاب الصلوٰۃ باب الوتر والنوافل داراحیاء التراث العربی بیروت ۱/ ۴۵۵ و ۴۵۶ (۲) منیۃ المصلی فصل فی التراویح سہیل اکیڈمی لاہور ص ۴۱۲ تا ۴۱۸ (۳) تصنیف منیف مسمّٰی بہ منیر العین فی حکم تقبیل الابہامین مکتبہ حبیبیہ کوئٹہ ص ۱۱۷ تا ۱۱۸ (۴) تصنیف لطیف مسمّٰی بہ مہر منیر مکتبہ حبیبیہ کوئٹہ ص ۱۱۷ تا ۱۱۸ (۵) تصنیف منیف مسمّٰی بہ مہر منیر مکتبہ حبیبیہ کوئٹہ ص ۱۱۷ تا ۱۱۸ (۶) تصنیف منیف مسمّٰی بہ مہر منیر مکتبہ حبیبیہ کوئٹہ ص ۱۱۷ تا ۱۱۸ (۷) تصنیف منیف مسمّٰی بہ مہر منیر مکتبہ حبیبیہ کوئٹہ ص ۱۱۷ تا ۱۱۸

[illegible] عادت اس کی رعایت سے [illegible] ان مقصد سے پڑھتے ہیں تو دوسرا میں مذکور ہے کہ جس جماعت سے ملے [illegible] ہیں ان کے بموجب پڑھا جائے گا۔ مقتدی پر جماعت ادا کرنے سے جماعت کا ثواب مل جاتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

کاؤں کی عورتوں کو سنانے کے لئے مائک میں تراویح پڑھانا کیسا ہے؟

[illegible] کاؤں کی عورتوں کو سنانے کے لئے تراویح [illegible] مسجد [illegible] میں پڑھنی جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب: [illegible] مائک میں تراویح پڑھنا مکروہ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

تراویح کی تین رکعتیں پڑھ کر سو گیا تو کیا حکم ہے؟

[illegible] تراویح نے تین رکعت پڑھی اور تین رکعت پڑھ کر سلام پھیر لیا، پوری کی تو کس صورت میں [illegible] تراویح [illegible] بعض لوگ کہتے ہیں کہ تین رکعت کی تین رکعتیں نہیں ہوتیں اس لئے تراویح کی نیت [illegible] تین رکعت نفل نیت کرکے پڑھ لیں۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) [illegible] تراویح پڑھتا [illegible] پڑھ کر سو گیا [illegible] قرآن پڑھا گیا ہے اس کا اعادہ کرنا ہوگا۔ تین رکعت نفل نہ ہوں گی۔ وفی انوار حاشیۃ نور الایضاح صلی التطوع ثنتا ولم یقعد علی الرکعتین لا یصح [illegible] شامی ج ۱ ص ۴۵۲ باب الوتر والنوافل) فقط واللہ اعلم بالصواب

تراویح میں دو رکعت پر قعدہ کرنا بھول گیا اور چار رکعت پر قعدہ کیا تو کیا حکم ہے؟

[illegible] تراویح نے آخری قعدہ میں سہو [illegible] (یعنی قعدہ [illegible] یا نہیں) یا رکعت پوری نہ ہونے کے [illegible] دو رکعت [illegible] یا چار رکعت تراویح کی ہو گئیں؟ کیا سنت نوافل میں آخری قعدہ [illegible]

[illegible] وبتکبیر الافتتاح وحدہا [illegible] وفی [illegible] وفی [illegible] من [illegible] جمعہ [illegible] وفی [illegible] ج ۱ [illegible] وفی [illegible] [illegible] ج ۱ [illegible] [illegible] [illegible]

نہیں ہے اس صورت میں فرض ادا کرنے میں کیا صرف تاخیر ہورہی ہے یا فرض فوت ہورہا ہے؟ تفصیل سے فرمائیں۔ بینوا توجروا۔ (حیدرآباد)

(الجواب) نفل میں ہر دو رکعت کے بعد قعدہ کرنا ضروری ہے لہٰذا نفل نماز میں دو رکعت پر قعدہ نہ کیا تو نماز فاسد ہوجائے گی۔ وفي التتار خانية لو صلى التطوع ثلاثاً ولم يقعد على الرابعة فالأصح انه يفسد لو سهواً و ثمانياً بقعدة واحدة اختلفوا فيه والأصح انه يفسد استحساناً وقياساً اه (شامی ج ۱ ص ۶۵۲ باب الوتر والنوافل)

البتہ چار رکعت اور چار سے زیادہ ۶، ۸، ۱۰، ۱۲، ۱۴، ۱۶، ۱۸، ۲۰ رکعت تراویح پڑھی جائے اور درمیان کا قعدہ نہ کیا جائے تو مجموعہ کو لیتے ہوئے دو رکعت نماز تراویح متعدد ہونے کی بعض فقہاء قائل ہیں۔ اور ان حضرات کے نزدیک قعدہ متحمل ہوکر آخر میں آجائے گا تو فرض کی ادائیگی میں صرف تاخیر ہوئی جس کی تلافی سجدہ سہو سے ہوجائے گی۔ تراویح سنت مؤکدہ ہے باجماعت ادا کی جاتی ہے۔ اس لئے اس کا درجہ فرض اور واجب کے قریب قریب ہے۔ محض نفل نہیں ہے۔ اس لئے تراویح میں بعض فقہاء دو رکعت کی ادائیگی کے قائل ہیں۔ شامی میں ہے لكن صحح في التراويح انه لو صلاها كلها بقعدة واحدة وتسليمة انها تجزئ عن ركعتين فقد اختلف التصحيح اه (شامی ج ۱ ص ۶۵۲ باب الوتر والنوافل) فقط واللہ اعلم بالصواب

۱۴ شوال المکرم ۱۳۹۹ھ۔

تراویح پڑھانے پر اجرت لینا اور دینا کیوں درست نہیں؟

(سوال ۲۵۰) ماہ رمضان المبارک میں تراویح کے لئے حافظ صاحب کو رکھا جاتا ہے سنانے والے حافظ کو مسجد کے چندوں سے تین وقت تین پیڑی (چٹائی) کا خرچ دیا جاتا ہے اور آخر میں اچھی خاصی رقم بھی دی جاتی ہے یا نہیں؟ مگر سنا ہے کہ یہ ناجائز ہے تو کیوں؟ جب کہ یہ مسئلوں کی ضرورت ہے۔ یا فرض کفایہ صحیح ہے اور مسجد کے پاس اتنی رقم نہیں ہے اور کوئی شخص یہ ہدایہ پڑھنے کا مسئلہ لے تو صحیح ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔ (از کھلوڈ ضلع سورت)

(الجواب) اصل حکم تو یہی ہے کہ طاعات پر اجرت لینا اور دینا ناجائز ہے مگر متاخرین نے قاری دین کی ضرورت کو ملحوظ رکھ کر تعلیم قرآن، امامت، اذان وغیرہ چند چیزوں پر اجرت لینے دینے کے جواز کا فتویٰ دیا ہے، جن چیزوں کو مستثنیٰ کیا ہے جواز کا حکم انہی میں محصور ہے گا۔ تراویح مستثنیٰ کردہ چیزوں میں نہیں ہے اس لئے اصل مذہب کی بنیاد پر تراویح پر اجرت لینا ناجائز ہی رہے گا۔ شامی میں ہے۔ وقد انتفت كلمتهم جميعاً على التصريح بأصل المذهب من عدم الجواز ثم استثنوا بعده ما علمته فهذا دليل قاطع وبرهان ساطع على ان المفتى به ليس هو جواز الاستئجار على كل طاعة بل على ما ذكروه فقط مما فيه ضرورة ظاهرة نبه الحرونى عن أهل المذهب الخ (شامی ج ۵ ص ۳۶ کتاب الاجارة)

تراویح کی ادائیگی ختم قرآن پر موقوف نہیں الم ترکیف سے بھی پڑھی جاسکتی ہے اس لئے اس میں ضیاع دین بھی نہیں ہے۔ لہٰذا مسجد کے پیسوں سے حافظ کو اجرت وغیرہ دینا صحیح نہ ہوگا۔ اصل مسئلہ یہی ہے مگر مشکلات بھی

تحریر فرمائی ہے کہ ہر سال ربیع الاول میں میلاد شریف کی مجلسیں ہوتی ہیں اس کے متعلق آپ کا کیا ارشاد ہے؟ (جواب) فتاویٰ رشیدیہ (جلد اول ص ۳۳۹) (جدید ترتیب کے مطابق فتاویٰ رشیدیہ جلد اول ص ۳۳۹) پر ملاحظہ فرمائیں۔ (۲۲۳ مرتب) یہ مسئلہ بھی حضرت مفتی صاحب کے فتاویٰ کی تائید سے واضح ہو گیا۔ (۲۲۴ مرتب) واللہ اعلم بالصواب۔ ۲۰ شوال ۱۳۹۹ھ

تراویح کے نائب امام کا تراویح کا اصل امام کی تنخواہ کم کر سکتے ہیں یا نہیں؟

(سوال ۲۵۲) امام تراویح کا نائب مقرر کرنا اور اصل امام کی تنخواہ کم کرنا جائز ہے یا نہیں؟ (۲۲۵ مرتب) بعض مساجد میں حافظ صاحب تراویح پڑھتے ہیں اور اصل امام صاحب سے نماز عشاء و وتر کے بعد کی اول رات ان کی تنخواہ میں کمی کرتے ہیں یہ جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) اصل امام صاحب جس پابندی کے ساتھ نماز میں حاضر رہتے ہیں کہ (اور یہ حاضری سب ایک سا نہیں ہوتا ہے) اس کے لحاظ سے ان کی تنخواہ میں کمی کرنے کی کوئی وجہ نہیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔ ۲۰ شوال ۱۳۹۹ھ

لڑکا جب پندرہ برس کا ہو جائے تو وہ شرعاً بالغ ہے تراویح پڑھا سکتا ہے

(سوال ۲۵۳) عیسوی تاریخ پیدائش ۲ جون ۶۳ء سے انگریزی سن کے اعتبار سے ۱۵ سال کی عمر ہوتی ہے۔ ۱۵ سال کی عمر ہونے کے بعد ۱۵ سال کی عمر ہونے کی تاریخ سے تراویح پڑھا سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) آپ نے جو تحریر فرمایا ہے وہ انگریزی سن کے اعتبار سے پندرہ برس کی عمر ہونے کی تاریخ کے بارے میں ہے اس طریقہ اندازہ سے کسی کی عمر کا پتہ لگانا شرعاً ضروری نہیں ہے۔ پندرہ برس سے پہلے احتلام کی علامت (یعنی انزال منی) پائی جائے تو پندرہ برس کی عمر سے لڑکا (ہی طرح لڑکی کو بھی) شرعاً بالغ سمجھا جائے گا۔ (۲۲۶ مرتب) اس کی تائید میں ہے (فإن لم يوجد فبلوغ الغلام بالسن وهو تمام خمس عشرة سنة عندهما وعند أبي يوسف) وقال محمد (ثمانية عشر سنة) وقال أبو حنيفة (وهي الصحيح) وبه يفتى لكن عندهما خمس عشرة سنة عند أبي يوسف) والصحيح أن هذا اختلاف زمان لا حجة كذا في الكنز والدرر وغيرهما (درمختار ج ۵ ص ۱۳۲ فصل بلوغ الغلام) واللہ اعلم بالصواب

مقرر امام تراویح پڑھانے کا حق دار ہے

(سوال ۲۵۴) کسی ایک مسجد میں امام دو ہیں اور میں نے تراویح سے پہلے یہ شرط لگائی تھی کہ میں ۱۰ تراویح پڑھاؤں گا اب مسجد کے متولی میری موجودگی میں دوسرے حافظ کو بلانا چاہتے ہیں کیا ایسا کرنا شرعاً جائز ہے؟ بیان کا فضل ہو تو تراویح پڑھانے کا حق زیادہ کس کو ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) تراویح پڑھانے کا حق مقرر امام کا ہے۔ امام [illegible] تراویح پڑھانے کا [illegible] حکم نہیں دے سکتے۔ [illegible] واللہ اعلم بالصواب

[illegible] وسلم [illegible] ما [illegible] [illegible] [illegible]

گھر میں نابالغ لڑکے کی اقتدا میں محرم و غیر محرم عورتیں تراویح پڑھیں تو کیا حکم ہے؟

(سوال ۴۵۰) اگر گھر میں نابالغ لڑکا تراویح پڑھائے اور اس کے ساتھ عورتیں بھی ہوں اور پیچھے بعض عورتیں محرم ہوں اور بعض نامحرم ہوں تو کیا حکم ہے؟

(الجواب) نابالغ لڑکا امام ہو تو اس کی وجہ سے اس کے ساتھ غیر محرم عورتیں بھی نماز میں شریک ہونے سے فساد نماز نہیں آتا ہے اور نہ ہی نماز کا ثواب کم ہوتا ہے البتہ نامحرم عورتوں کا شامل ہونا مکروہ ہے اس پر محرم عورتوں کا شامل ہونا بھی مکروہ ہے۔ تراویح میں بھی اصل یہی ہے اس میں ان کو رعایت نہ ملے گی۔

فقط واللہ اعلم بالصواب۔

ختم قرآن کی شب حفاظ کو پھولوں کا ہار پہنانا

(سوال ۴۵۱) اس مسجد میں جس رات تراویح میں قرآن ختم ہوتا ہے اس رات حافظ صاحب کی خدمت کے لئے پھولوں کا ہار دیا جاتا ہے۔ یہ عمل کیسا ہے؟ اس کا کیا ثواب ہے؟ کیا حافظوں اور امام کو ہار میں نے تراویح میں ثواب ہے اور مقتدیوں کو نہیں ہے یا ہر ایک کو ہے؟ بینوا توجروا

(الجواب) اب آخر قرآن کی شب حفاظ کو پھولوں کا ہار پہنایا جاتا ہے یہ دن بدن رواج پکڑتا جاتا ہے اس میں اسراف بھی ہے۔ اسلامی ہدایت فضول خرچی سے روکتی ہے اور ہار پہنانے میں کوئی ثواب کی بات نہیں پائی جاتی ہے اس لئے ثواب کی بات کہنے والے کی بات سراسر غلط ہے۔ ایسی بدعات کا ترک کرنا ضروری اور خلاف شرع ہے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

(۱) رمضان المبارک میں امام و مؤذن کے لئے چندہ کرنا۔ (۲) تراویح میں ختم کے دن شیرینی تقسیم کرنا۔ (۳) مکان پر شکرانہ ختم کے دن مسجد میں تحفۃً کھجوری دینا

(سوال ۴۵۲) [illegible] کہ رمضان المبارک میں امام و مؤذن کے لئے چندہ کرنا جائز ہے یا نہیں؟ کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ [illegible] مسجد میں [illegible] ہے یا نہیں؟ [illegible] کیا ہے؟ [illegible] کھجوریں دینا [illegible] ہے یا نہیں؟

(الجواب) [illegible] امام صاحب کی [illegible] ۱۲۵ روپیہ [illegible] ۱۰۰ روپیہ [illegible] ۲۵ روپیہ [illegible] مؤذن صاحب کی [illegible] ۱۰۰ روپیہ [illegible] ۲۵ روپیہ [illegible] تراویح ہوتی ہے۔ ہم نے سنا ہے کہ [illegible] شامل کئے ہوئے [illegible] کی تنخواہوں کی [illegible] نے [illegible] مرحمت کئے ہیں [illegible] مقتول قرآن کی [illegible] ساتھ کے ساتھ [illegible] کے مقابلہ میں

[illegible] بکر [illegible] الحفاظ [illegible] عظیم [illegible] علی الضعف [illegible] [illegible] [illegible]

۵۰-۶۰ روپے کم دے۔ چندہ دینے والوں کی فہرست میں ایک رکن نے امام صاحب کی خدمت میں پیش کی تو انہوں نے اس سے فرمایا "اتنی رقم میں تمہارا نام نہیں لکھا جائے گا" مراد امام صاحب کی یہ تھی کہ اس مسجد میں چندہ کمیٹی کے اتنے رکن ہیں۔ اس رکن نے اعلان کیا "فلاں کی بات سنیے تو امام صاحب نے کہا چندہ دینے والے کا نام اس لئے لیا جاتا ہے کہ حضرات دل کھول کر اس میں اضافہ کریں" اس نے اضافہ کیا اور چندہ ۱۰۰ روپے ہو گیا۔ اس کے بعد امام صاحب کو شکایت ہے اور لوگوں نے سامنے شکوہ کرتے ہیں اور یہ بھی کہتے ہیں کہ زیادہ تر چندہ کی رقم واپس کر دیں۔ اس صورت میں چندہ دینے والے آپ کی خدمت میں پیش کر دیا ہوں۔ جواب عنایت فرمائیں۔

(۱) مسجد میں (۱) امام کی عزت میں رمضان المبارک میں امام و مؤذن کے لئے چندہ جمع کرنے کا رواج چلا آ رہا ہے کیا یہ رواج برقرار رکھنا اور عقیدوں کا عمل کرنا جائز ہے؟

(۲) مقتدی حضرات اس چندہ کو امام و مؤذن کا حق سمجھ کر دیں اور امام و مؤذن اس چندہ کو اپنا حق سمجھ کر لیں تو کیا حکم ہے؟

(۳) امام صاحب چندہ کی رقم کو اپنا حق سمجھ کر اپنے حق کا مطالبہ کریں تو ایسے امام کے پیچھے نماز پڑھنا اور ایسے امام کا نماز میں پڑھانا کیسا ہے؟

(۴) چندہ کی رقم کم کر دینا کیسا ہے تو کیا حکم ہے؟

(۵) تراویح میں ختم قرآن کے موقع پر مسجد میں شیرینی تقسیم کرنا کیسا ہے؟

(۶) مسجد میں ایک نیا طریقہ جاری کیا گیا وہ یہ کہ مصلی امام نے تراویح پڑھانے کے لئے اپنے ایک مرید کو اپنے مقرر کیا اور ختم قرآن کے دن سے ۲۰ دن پہلے مسجد میں اپنے اس مرید کو امام کی حیثیت سے ایک شخص نے متعارف کرایا اور امام صاحب کے تعلق کی قدر کرتے ہوئے کہا "آپ ہمارے لئے مثل والد ہیں" "تم ان کو بلایا ہے" امام صاحب کا فعل درست ہے؟

(الجواب) (۱) تنخواہ معقول نہ ہونے کی بنا پر امام اور مؤذن کے لئے چندہ کیا جاتا اور مصلی حضرات بخوشی چندہ دیتے ہیں اور تنخواہ کی کمی کو پورا کیا جاتا ہے اور چندہ جبراً نہیں لیا جاتا ہو تو مضائقہ نہیں۔ ہاں اس طریق امر مسنون میں ادائیگی کی جو ان کا کفارہ کیسے ہو گا اور دوسری طرف مؤذنین کے اجیر تو ہیں کہ تنخواہ معقول دی جائے اور چندہ کی رسم کو ختم کر دیا جائے۔ فقط۔

(۳) چندہ و تراویح پڑھانے کی اجرت کے طور پر کیا جاتا ہو تو یہ طریقہ صحیح نہیں ہے اور تراویح پڑھانا مکروہ ہو جائے گا۔ فقط۔

(۴) چندہ دینے والے کی خوشی دیتے ہوں اور امام و مؤذن کی مدارت مقصود ہو تو مضائقہ نہیں ہے۔ فقط۔

(۵) شیرینی تقسیم کرنے کے لئے مسجد کی وقف رقم استعمال کرنا یا چندہ کرنا درست نہیں ہے البتہ کوئی شخص اپنی طرف سے شیرینی تقسیم کرے تو قابل اعتراض نہیں ہے۔ فقط۔

(۶) امام کا اپنے شاگرد کو اس کی حوصلہ افزائی کے لئے تنخواہ دینا درست ہے۔ قابل اعتراض نہیں ہے۔ اخلاص شرط ہے۔ صورتوں میں سے کوئی بھی تنخواہ سے ہو سکتا ہے۔ تراویح پڑھانے کی اجرت کے طور پر دینا درست نہیں

ے اللہ تعالیٰ ہم سب کو صحیح طریقہ پر قرآن پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

تراویح سے متعلق ایک اہم مسئلہ

(سوال ۱۵۶) ہمارے یہاں مسجد میں رمضان کا ختم ہو جانے کے بعد ایک مجلس منعقد کی جاتی ہے جس میں ختم قرآن کی دعا کی جاتی ہے اور اس مجلس میں ایک مجمع جمع ہوتا ہے۔ اس مجلس کے انعقاد کی وجہ سے مسجد میں نمازیوں کا ہجوم کم ہو جاتا ہے۔ بعض مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ بعض لوگ ختم قرآن کی مجلس میں شریک ہونے کی وجہ سے آخری رکعت میں شامل ہوتے ہیں۔ اس سے ان کی نماز ناقص ہو جاتی ہے۔

رمضان شریف سے پہلے تراویح کے لئے حافظ کا تقرر اور انتخاب بھی عجیب تماشا ہوتا ہے۔ حافظ کا تقرر اس طرح ہوتا ہے کہ جو حافظ سب سے بڑی رقم طلب کرتا ہے یا احسان جتا دیتا ہے کہ میں تراویح پڑھنے کے لئے دوسری جگہ سے بلایا گیا ہوں مگر آپ کی محبت کی وجہ سے آ گیا ہوں۔ اس کا انتخاب کر لیا جاتا ہے۔ بعض مرتبہ تو حافظ کی قرأت کی وجہ سے بھی اس کا انتخاب کر لیا جاتا ہے۔ بعض مرتبہ حافظ کی قرأت پر اعتراض کیا جاتا ہے کہ اس کی قرأت صحیح نہیں ہے۔ اس کا خیال رکھا جاتا ہے کہ تراویح پڑھانے والا حافظ زیادہ تیز نہ ہو۔ اس سے ختم قرآن کی مجلس میں شریک ہونے والے بعض حضرات کو بھی تکلیف ہوتی ہے۔ بعض حضرات تو اس مجلس میں شرکت کو ضروری سمجھتے ہیں اور بعض حضرات کو اس مجلس میں شرکت کی وجہ سے تراویح میں شرکت کا موقع نہیں ملتا۔

بھی اس کا ویسا ہی اہتمام کرے کہ ہم نے بنانے سنوارنے اور سبز بوٹی تراویح پڑھی اور ختم کیا تو بعد میں آنے والے بھی ویسا ہی کریں گے اس کی ذمہ داری ہم پر ہوگی اور گناہ میں ہمارا بھی حصہ ہوگا۔

قرآن پڑھنے میں صحت کا لحاظ زیادہ ضروری ہے، حروف بدل جانے سے جیسے س کی جگہ ص، ت اور ط کی جگہ ت وغیرہ پڑھنے سے معنی بدل جاتے ہیں اور بھی اس قسم کی غلطی سے معنی بدل جاتے ہیں۔ معنی اختلاف اور انکہار کی غلطی معنی خفی ہے اس سے نماز تو فاسد نہ ہوگی مگر بڑی فضیلتوں سے محروم ہو جائے گی، رمضان المبارک جیسے مقدس اور مبارک مہینہ میں بھی اگر تراویح میں ختم قرآن باقاعدہ اور پوری دلچسپی اور شوق و ذوق سے نہ کیا جائے تو اس سے زیادہ محرومی اور کیا ہو سکتی ہے؟

مجالس الابرار میں ہے۔ فانهم قد جعلوا التلاوة عادة لا عبادة يتقرب بها الى الله تعالى على ما شرطه رسول الله صلى الله عليه وسلم فيها من القراءة وغيرها فيتخذون صلاتها خلف امام لا يتم الركوع والسجود والقومة والجلسة ولا يرتل القرآن كما امر الله به بل هو من غاية السرعة رفع في المسجد الجلي متروك معظم حروف الكلمة او سر كلها الخ یعنی۔ ان لوگوں نے تراویح کو عبادت بنا رکھا ہے تاکہ عبادت کر کے جس سے قرب الٰہی حاصل کریں اور اس شرط کے موافق جو رسول اللہ ﷺ نے قراءت وغیرہ کی تراویح میں شرط کی ہے، پس اپنے امام کے پیچھے نماز پڑھتے ہیں جو پورے رکوع اور سجود اور قومہ اور جلسہ نہیں کرتا اور جس طرح خدا کا حکم ہے اس طرح قرآن کو صاف صاف نہیں پڑھتا بلکہ نہایت جلدی کے سبب حرفوں پر حرکات کے رہ جانے سے بھی اوقات غلطی واقع ہوتی ہے۔

اور فتاویٰ بزازیہ میں ہے کہ غلط پڑھنا بالاتفاق حرام ہے اور دوسرے فتاویٰ میں ہے کہ اگر امام غلط پڑھتا ہو تو اس میں کچھ مضائقہ اور حرج نہیں کہ انسان اپنی مسجد چھوڑ کر دوسری مسجد میں چلا جائے اور چلے جانے سے وہ گنہگار نہ ہوگا اس لئے کہ اس کا مقصد پرہیزگار کے پیچھے نماز پڑھنے اور نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے کہ جس نے پرہیزگار عالم کے پیچھے نماز پڑھی اس نے گویا کسی پیغمبر کے پیچھے نماز پڑھی اور اس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اگر کسی (شریر) نمازی سے محلہ کی مسجد چھوڑ دے تو گنہگار نہ ہوگا اب ان لوگوں کا کیا حال ہوگا جو بلا عذر مسجد جانا چھوڑ دیتے ہیں اور نئی مسجدوں میں جاتے ہیں جہاں طرح طرح کے راگ اور غلطیاں ہوتی ہیں اور ایسا امام تلاش کرتے ہیں جو نہ ٹھیک سے بھرتا ہے اور نہ قرآن کو ٹھیک ٹھیک صحیح طور سے پڑھتا ہے بلکہ بعض اوقات ایسے امام پر اعتراض کرتے ہیں جو پورے طور سے رکوع اور سجدے کرتا ہے اور قرآن شریف ٹھیک ٹھیک پڑھتا ہے اور اس سے بھاگتے ہیں اور ان لوگوں میں شامل ہو جاتے ہیں جنہوں نے اپنے دین کو کھیل بنا رکھا ہے، اور دنیوی زندگی نے ان کو دھوکا دے رکھا ہے اور وہ آخرت سے خالی ہیں۔

سوم شک جس نے تراویح اس صورت سے پڑھی کہ قومہ جلسہ اور طمانیت کو جس کی ادنیٰ مقدار رکوع اور سجدے میں ایک تسبیح کے برابر ہے چھوڑ دیا تو وہ گنہگار اور دوزخ کے عذاب کا مستحق ہوگا اس لئے کہ یہ سب چیزیں امام ابو یوسف اور امام شافعی کے نزدیک فرض ہیں ان چیزوں کے چھوڑنے سے ان حضرات کے نزدیک نماز باطل ہو جاتی ہے امام ابو حنیفہ اور امام محمد کے نزدیک (مذکورہ چیزیں) ایک روایت میں واجب ہیں ان کے چھوڑنے سے نماز کا ادا نہ ہونا

والد ہے تو اسے اور دوسرا فریق یہ ہے کہ لڑکی بالغ ہے اور اس کی رائے سے کہ وہ اپنی ماں کا پیچھا نہ کرے والد خلاف ہے اور اس کے ساتھ رہنے کا خواہش مند ہے اور ان لوگوں میں سے ہے جو اس کو شش و پنج میں مبتلا کرتے ہیں اور وہ نہیں جانتی کہ کیا کام کرے ہیں اور وہ ان لوگوں میں سے ہیں جنہوں نے اس کو اس طرف سے وہ بات پیش آئی جس کا ان کو گمان نہ تھا تو کیا لڑکی اپنے والد سے علیحدہ ہو جائے گی اور اختیار ہے؟

پھر یہاں ایک خلجان ہے جس سے نکلنا ضروری ہے تاکہ جس نکتہ میں اختلاف اور حق کی جانب میں ہو وہ اس سے تمسک حاصل نہ کرے وہ یہ ہے کہ تواریخ میں آیا ہے اور یہ واقعات میں ایک تو سنہ اور ایک مہینہ اور پھر ان دونوں میں تعداد (یعنی ان کو اعشاریہ سے ظاہر کرنا) ہے اور ان دونوں میں سے کسی ایک کی تعداد میں غلطی ہو جاتی ہے اور تقویم اور حساب میں سے کسی ایک میں بھی غلطی ہو جاتی ہے اور ان دونوں میں سے کسی ایک کی غلطی ہو جاتی ہے تو ہمیں گمان ہوتا ہے اور تقویم اور حساب دونوں میں غلطی ہو جاتی ہے تو ہم اس گمان ہوتا ہے اور ۸۰ دن (یعنی تو سنہ اور حساب) چھوٹ گئے تو سب مل کر ای ۸۰ دن ہو جاتے ہیں اور اگر اس نے سر تواریخ کا گمان بھی ہو لیکن تو سب مل کر ایک سو نو گمان ہو جاتے ہیں اور اس کے ساتھ اس زمانہ کے لوگوں کا اختلاف بھی ملا لیں تو اب تو مدت سنہ ۱۰۰۰ھ سے پہلے ہو جاتی ہے اور اس نے ساتھ ماہ ہجری کو چھوڑ دیا ہے اور اس کا ترک اولیٰ ہے اس کا سبب ہو جاتا ہے کہ اس وقت سے لے کر اب تک اور تمام قیامت تک جو بھی مدت گزرے گی اس کے بعد اس کے جاننے والے اس مدت کو ۱۰۰۰ھ سے شمار کریں گے اور اس میں ۸۰ دن کا اختلاف ہو جائے گا اور اس کے ساتھ ہی ۱۰۰ھ سے پہلے ہو جائے گا

عبادت و عمومت اور تقرب الٰہی کا ذریعہ سمجھ کر ادا کرنے کی فکر کریں، کچھ وقت زیادہ صرف ہو تو اس کو مال نہ لیا جائے کہ وقت عبادت میں شمار صرف ہوا ہے۔

تراویح جتنا مستحب قبل نصف شب ہے اسی لئے قراءت قرآن کے تین درجے مقرر کئے ہیں، قلیل، متوسط، کثیر۔ قلیل میں آسانی پڑھا جاتا ہے مقدار میں اس سے تہائی اور حضر میں اس سے تہائی مگر شرط یہ ہے کہ سنت و مستحب میں کوئی فرق نہ آنے پائے۔

خدا تراویح کی حکمت کو سمجھنے اور اس میں ہونے والی غلطیوں کی اصلاح فرمائے۔ اللہ تعالیٰ تمام مومنین کو توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔ واللہ اعلم بالصواب۔

گھر میں عورتوں کو تراویح پڑھانا کیسا ہے؟

(سوال ۲۵۸) امام قرآن پڑھ کر تراویح سنا دیتے ہیں کہ (جس میں محرم اور غیر محرم عورتیں ہوں) قرآن کی آواز عورتوں کے حلق سے نکلتی ہے، اور محرم کی آواز بھی اس طرح غیر محرم کو پہنچتی ہے، حافظ قرآن سے حافظ قرآن پڑھتے ہیں، ہر قرآن نہ چاہیے کہ بلند آواز سے پڑھے، جیسا کہ عورتوں کی آواز نہ ہونی چاہیے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) (۱) گھر کا آدمی حافظ قرآن ہو اور وہ گھر میں تراویح پڑھائے اور اس کے پیچھے گھر کی محرم و غیر محرم عورتیں تراویح پڑھیں تو جائز ہے، محلہ یا بستی میں سے عورتوں کو جمع کرنے کی اجازت نہیں کہ فتنہ کا خوف ہے، اور اجازت ہوتی تو مرد کو کیوں ہو سکتی؟

درمختار میں ہے۔

کما تکرہ امامۃ الرجل لھن فی بیت لیس معھن رجل غیرہ ولا محرم منہ کاختہ و زوجتہ او امتہ اما اذا کان معھن ذ ٰلک فی المسجد لا فی محترز مع الشافعی بدائع الا ملاء ج ۱ ص ۵۲۹۔

جیسا کہ مکروہ ہے مرد کا گھر میں عورتوں کی امامت کرانا، اور ان عورتوں کے ساتھ نہ کوئی مرد اجنبی نہ محرم عورتوں میں سے کوئی عورت ہو جیسے امام کی بیوی اگر سب کوئی مرد ہو یا کوئی محرم عورت ہو تو مکروہ نہیں۔ واللہ اعلم۔

نماز عشاء کی چار رکعت تنہا پڑھ لینے کے بعد جماعت میں شامل ہوا تو کیا جماعت والی چار رکعت تراویح میں شمار کی جائیں گی؟

(سوال ۲۵۹) رمضان شریف ایک بیماری نے گھر میں نماز عشاء پڑھی۔ پھر تھوڑی دیر سوئی تو مسجد میں ایک جماعت ہو رہی تھی۔ وہ آدمی تراویح کی نیت سے اس میں شامل ہوا تو یہ چار رکعت تراویح میں شمار ہوں گی یا نہیں؟

(الجواب) صحیح یہ ہے کہ تراویح میں شمار نہ ہوں گی۔ کیونکہ تراویح کا وقت چار فرضوں سے کم ہے مگر وہ ایک مستقل سنت مؤکدہ ہے اس کی خصوصیت کا تقاضا یہ ہے۔ "فتاویٰ قاضی خاں" میں ہے۔ اذا صلی الفرض مع مقتدیا ثم یصلی المکتوب خلفہ فانہ لا یجوز (فصل فی صلوۃ التراویح ص ۱۰۰ ج ۱) وہ متصل بمفترض فی غیر التراویح (التنویر الابصار) اما فیھا فلا یصح الا اقتداء بالمفترض

علی انفرادہ تراویح ثم یصلی علی انفرادہ نفل مطلق (شامی ص ۵۵۴ ج ۱ باب الامامۃ) فقط واللہ اعلم بالصواب

کیا جماعت والی نماز قضا میں شمار کی جا سکتی ہے؟

(سوال ۲۶۰) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس صورت میں کہ جماعت قضا میں شامل ہوا تو قضا صحیح ہوئی یا نہیں؟

(الجواب) صورت مسئولہ میں قضا صحیح ہے امام کی نماز وقتی ادا ہے اور مقتدی کی قضا ہے۔ یہ دونوں نمازیں مختلف ہیں جیسا کہ "نور الایضاح" میں ہے۔ وان لایکون الامام مصلیاً فرضاً غیر فرضہ (نور الایضاح) (ولا یفترض بمتنفل ومفترض فرضاً آخر) (درمختار) قولہ وبمفترض فرضاً آخر سواء اتفقا بأن فرض الامام ظہر الیوم وفرض المقتدی ظہر الیوم (درمختار مع الشامی ص ۵۵۲ ج ۱ باب الامامۃ) فقط واللہ اعلم بالصواب

مسجد کے اوپر پیچھے تراویح کی دو جماعت:

(سوال ۲۶۱) ہمارے یہاں رمضان المبارک میں عشاء کے بعد جماعت خانہ میں ایک یا دو پارہ کی تراویح پڑھتے ہیں اور مسجد کی چھت پر تین پارہ کی۔ تراویح دو ہوتی ہے ایک ہی مسجد میں اس طرح کی دو جماعتیں ہو سکتی ہیں؟ وضاحت اور تصریح فرما کر ثواب دارین حاصل فرمائیں (عبدالرحمٰن، جانب ہبلی، کرناٹک)

(الجواب) اختیار و افضل صورت یہ ہے کہ تمام مسلمان عشاء کی نماز ایک جماعت کے ساتھ ادا کریں اس کے بعد جو حضرات تین پارہ کی تراویح پڑھنا چاہتے ہیں وہ اسی گھر میں پڑھیں مسجد کی چھت یا مسجد کی دوسری منزل پر نہ جائیں، دوسرے مقام پر تراویح کی جماعت کی چھت پر چڑھنے کے حکم میں ہے جس کی تفصیل ضرورت کے وقت ہی دیکھ لی جائے جو چاہے مزید تفصیل اور دلائل کے لئے ملاحظہ ہو فتاویٰ رضویہ جلد سوم ص ۳۱۰ (جدید ترتیب کے مطابق طروحات صلوٰۃ میں۔ رمضان نماز عشاء اور تراویح مسجد کی چھت پر ادا کی جائے اس کے تحت دیکھ لیا جائے منہ عفی عنہ) نیز جلد ششم ص ۴۰۹ (جدید ترتیب کے مطابق باب الامامۃ والجماعت کے ذیل میں۔ رمضان مسجد کی چھت پر جماعت کرانے کے تحت دیکھ لیا جائے منہ عفی عنہ) واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب ۱۷ شعبان المعظم ۱۳۱۰ھ۔

مسجد کا مستقل امام تراویح پڑھانے کی اجرت لے سکتا ہے یا نہیں؟:

(سوال ۲۶۲) تراویح کا پڑھانا (اجرت) لینا جائز ہے یا نہیں؟ یہ ہو ایک مسجد کا امام ہے اور اسی مسجد میں تراویح پڑھاتا ہے وہ کہتا ہے کہ رمضان امر دیگر ہے اس مسجد کی طرف سے تو کچھ ملتا ہے امامت کا پیسہ ہے تراویح کا نہیں کیا یہ بات درست ہے اور یہ لینا کیسا ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) صورت مسئولہ میں اس امام سے زیادہ کے لئے اجرت کے طور پر مسجد کے پیسے لینا جائز ہوگا اس لئے کہ جو شخص کسی مسجد میں پہلے سے امام مقرر ہو تو اس کی ذمہ داریوں میں یہ بھی شامل ہے کہ وہ رمضان المبارک میں تراویح بھی پڑھائے جس طرح اس کی ذمہ داری میں یہ بھی ہے کہ جمعہ کی نماز پڑھائے موقع آجائے تو عیدین کی نماز بھی

پڑھنے جانے کی خبر پہنچی ہے اور امام مقرر ہوا ہے تو اس کی حیثیت (مثلاً ماہانہ تنخواہ یا اور کوئی مقدار ہو) تراویح میں قرآن شریف سنانے سے مانع نہیں ہوتی وہ اجرت کیلئے سنانے کا مستحق ہے (امداد المفتین ص ۳۸۴ ۳۸۳ جدید) تراویح میں ختم قرآن کی وجہ سے جو اجرت دی جاتی ہے کیا قرآن کی تراویح پڑھانے امام کی ذمہ داری ہے جس سے بچنے کے لئے دوسرے کے ذمہ لگا دی جاتی ہے؟ جواب اس لئے اجرت ہوتی ہے کہ اس سے مسجد میں مقرر کچھ دینے کے علاوہ جو کچھ مسجد کی طرف سے دیا جائے گا وہ تراویح کی وجہ سے نہیں ہوگی اس کا مامور ہونا بالکل ظاہر ہے جیسے کہ مسجد کا امام ہوں اور امامت کی تنخواہ لیتا ہوں اس کے لئے میں مسجد کا نوکر بالکل ہی ہے مقرر امام کے بارے میں ان کو حیلہ کرنا کسی درست نہیں اس کی تنخواہ تو پنجگانہ نمازوں اور تراویح پڑھانے کی ہے مستقل اجرت یا خاص رمضان المبارک میں تنخواہ میں اضافہ کس بنیاد پر؟ ہاں البتہ کوئی حافظ رمضان المبارک میں امامت کے علاوہ تراویح کے لئے مقرر کیا جائے تو اس کے لئے بھی تنخواہ کی وجہ سے یہ صورت نہیں ہے کہ وہ ویسے ہی تراویح پڑھائے لیکن اگر کسی جگہ لوگ تراویح پڑھانے والے حافظ اور مقتدی قرآن پاک سننے کی سعادت حاصل کرنا چاہتے ہوں تو مجبوراً یہ صورت اختیار کی جاسکتی ہے حافظ صاحب اور مضان المبارک کے لئے کہیں امام مقرر کرنے والے ہوں وہ ایک دو نمازیں ان کے علاوہ پڑھیں اور سنا دیں اور سنا تو تراویح بھی پڑھا سکتے تو اس وجہ سے مسجد کے نوکر ہونے سے اب امام کی تنخواہ کے علاوہ پر پیسے لینا جائز ہوگا جس کی تفصیل فتاویٰ رحیمیہ ۱۰ جلد اول ص ۳۲۹ ص ۳۵۰ میں ہے نیز فتاویٰ رحیمیہ جلد ۶ اور پہلے جلد ۱ ص ۲۶۲ بھی ملاحظہ فرمائیں۔ (احسن الفتاویٰ کی باب میں تراویح پڑھانے پر معاوضہ کے عنوان کے تحت دیکھا جائے صحیح جواب)

